بعض خوش قسمت احباب ہوتے ہیں جو اول تین دور میں ہی کامیاب ہو جاتے ہیں۔ اب ہم ان تینوں ادوار میں پیش آنے والے حالات سے آپ کو آگاہ کرتے ہیں۔ پہلے سات روز میں ہوسکتا ہے کسی کو کوئی خاص واقعہ شاذ ہی ہے جو پیش نہ آئے۔ ورنہ عجیب اشکال ظاہر ہوں گی یا پھر بادل، بارش، طوفان یا آوازیں اور شور وغل معلوم ہوگا۔ مگر خوف ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔ خود بخود یہ کیفیت ختم ہو جاتی ہے۔

دوسرے دور یعنی آٹھویں سے چودھویں دن تک شور اور مظاہر اور کثرت سے دکھائی دیں گے۔ ہوسکتا ہے بعض خوش قسمت اشخاص ہوں جو پہلے دور کے آخری دن کامیاب ہو جائیں اور وہ بھی خوش قسمت ہیں جو دوسرے دور کے آخری دن کامیاب ہو جائیں۔ ورنہ تیسرے دور میں اکثر مضبوط قوت ارادی کے مالک حضرات ضرور کامیاب ہو جاتے ہیں۔ اور جو اس سے کم وقت اور استقلال کے مالک ہوتے ہیں، وہ دوسرے دور کے پہلے دوسرے یا تیسرے مرحلے میں ضرور کامیاب ہوتے ہیں اور انتہائی غبی اور شقی حضرات ان شاء اللہ تعالیٰ تیسرے دور کے مراحل میں یقیناً کامیاب ہوں گے۔ ہم نے عمل کو وضاحت سے تحریر کر دیا ہے اور کوئی بات مخفی نہ رکھی ہے۔

آثار اور شواہد

جب عمل کی ابتدا کی جاتی ہے تو اس کے موثر ہونے کا اندازہ اس بات سے لگایا جاتا ہے کہ چند روز میں غیر مانوس بھنبھناہٹ سی محسوس ہوتی ہے۔ پھر یہ آوازیں کسی بانسری یا سُر کی معلوم ہوتی ہیں۔ آبشار کے پانی کی مانند کبھی کبھی کسی نغمہ گانے کی مدہم اور غیر واضح آواز بھی کانوں میں آتی ہے۔ پھر ایسے لگتا ہے جیسے چند عورتیں مل کر کچھ گانے گا رہی ہوں۔ یا آپس میں باتیں کر رہی ہوں۔ بہت خوبصورت اور سریلی آوازیں ہوتی ہیں۔ چند روز کے بعد آوازیں صاف ہو جاتی ہیں۔ پھر آنکھوں کے سامنے سائے لہراتے ہوئے معلوم ہوں گے۔ آہستہ آہستہ یہ کسی چیز کی شکل بن جائیں گے۔ بعض دفعہ چند عورتیں یا ایک عورت خیال کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے اور پھر ظاہرہ شکل میں آجاتی ہے۔ بعض دفعہ چار عورتیں سامنے آکر دلکش انداز سے عامل کو اپنی طرف راغب کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ عامل ان کی طرف توجہ نہ دے تو مناسب ہے۔ اگر وہ خود بوس وکنار کریں اور آپ بے قابو ہو

جائیں تو فوراً آواز دیں اے سندونی۔ وہ فوراً حاضر ہوگی اور عورتیں غائب ہوجائیں گی۔ آپ ان عورتوں یا لڑکیوں کی طرف ہرگز ہرگز مائل نہ ہوں ورنہ جان کا خطرہ ہے۔

سندونی اور عامل کا مکالمہ

جب سندونی حاضر ہو تو عمل ختم کر کے (یعنی اپنا عمل مکمل کر کے) اس سے کلام کریں۔ اور اسے کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کریں، جو پہلے سے کمرہ میں موجود ہو۔ وہ اپنی گرج دار آواز میں پوچھے گی۔

سندونی: ہمیں کیوں بلایا ہے؟

عامل: میں تمہیں تسخیر کرنا چاہتا ہوں۔

سندونی: تم نے ہمارا عمل کر کے غلطی کی ہے۔

عامل: میں نے اپنے آپ کو اس کا اہل سمجھا۔

سندونی: تمہیں معلوم ہے ہم نے تم پر رحم کیا؟

عامل: جی ہاں! اگر آپ چاہتی تو واقعی میں کامیاب نہ ہوتا۔ آپ کی ذرہ نوازی ہے جو بندہ پر احسان کیا اور آپ تشریف لائی ہیں۔

سندونی: ہم تم سے خوش ہوئے۔

عامل: آپ اپنی کوئی نشانی بندہ کو مرحمت فرما دیں تاکہ آپ کو بلانے میں بندہ کو دشواری نہ ہو اور اپنے بلانے کا سہل طریقہ بھی ارشاد فرما دیں۔

سندونی: آپ کو طریقہ بیان کر دے گی۔

عامل: کیا آپ عہد کرتی ہیں کہ آپ میری تسخیر ہیں؟

سندونی: میں اپنے دیوتا کی قسم کھا کر عہد کرتی ہوں کہ تمہاری تسخیر ہوں۔

عامل: آپ اپنی کوئی شرط پیش کریں۔

سندونی: ہم بغیر شرط کے تمہاری تسخیر میں آئے ہیں۔

عامل: پھر بھی میری خواہش ہے کہ آپ کوئی شرط بیان کریں۔

سندونی: تم کسی عورت سے شادی نہ کرنا۔

عامل: اس صورت میں میری جنسی خواہش تمہیں پورا کرنی ہوگی۔

سندونی: تم جس صورت میں کہو گے میں تمہاری جنسی خواہش کو پورا کروں گی۔

نوٹ: اگر سندونی انکار کر دے تو آپ اسے کہیں کہ اس صورت میں، میں مجبور ہوں تم کوئی اور شرط پیش کرو۔ یا پھر مجھے اجازت دو کہ میں اپنی مرضی کے مطابق شادی کرلوں۔ یہ باتیں ابتدا میں طے کرلیں۔

عامل: اچھا میں اب تمہیں اجازت دیتا ہوں تم جاؤ۔ اور جب بلاؤں حاضر ہو جایا کرنا۔

سندونی: چلی جائے گی۔

انتہائی ہوشیاری سے یہ شرائط طے کرلیں۔ اگر اسے آپ پسند آ گئے تو آپ کی دوست بن جائے گی۔ اور بے شمار فوائد دے گی۔ آخر میں آپ اسے تم کر کے بلا سکتے ہیں۔ ابتدا میں آپ کر کے بلائیں۔

تصرفات سندونی

اب جب کہ ہم سندونی سے متعلقہ تمام موضوعات پر بحث کر چکے ہیں اور ہر پہلو پر تفصیلی روشنی ڈال چکے ہیں تو لازمی خیال پیدا ہوتا ہے جس چیز کے لیے ہم اپنا اتنا وقت صرف کر رہے ہیں اور اتنی محنت اس کے حصول کے لیے کر رہے ہیں، اس کا فائدہ کیا ہے؟ اور اس ساری تگ و دو کا کیا مطلب ہے؟ ہمیں اس کا کیا ثمر مل سکتا ہے؟ ہم ذیل میں سندونی کے چند تصرفات کو بیان کر رہے ہیں۔ باقی تصرفات انہیں کو ملحوظ رکھ کر خود سمجھ لیں۔

تصرفات

1. پہلا تصرف تو یہ ہے کہ سندونی آپ کی مرضی کے مطابق کوئی بھی کام جو کہ اس کے احاطہ میں ہو، آپ کے حکم پر کر سکتی ہے اور کرے گی۔
2. کسی کے دل میں محبت یا نفرت کا جذبہ ڈال دینا اور دلوں کے درمیان جو جذبات ہیں، ان پر اس کا تصرف ہے اور کر سکتی ہے۔
3. فضا میں پرواز کرتی ہے اور عامل کو قریباً چھ فٹ بلندی تک پہنچا سکتی ہے۔ اس سے اوپر اس کا اختیار نہیں ہے۔
4. کسی میدانی علاقہ میں چھ فٹ بلندی پر بہت تیزی سے (بقیہ ص 49)

مجرب اعمالِ قرآنی

مولانا صادق الامین عزیزی مدظلہٗ (حیدرآباد)

مجرب جھاڑ برائے دردسر ہر قسم

بسم اللہ الرحمن الرحیم، کو کسی پرچہ پر لکھ کر اس کے نیچے موٹے قلم سے حرف (س) لکھے اور اس کے پہلے شوشہ پر ایک میخ گاڑ کر کسی لکڑی سے بسم اللہ پڑھ کر سات (7) مرتبہ اس میخ پر لکڑی مارے۔ چند مرتبہ ایسا کرنے سے بہت نفع ہوگا۔

دفع نسیان

دفع نسیان کے لئے آیات کریمہ لکھ کر باندھ لے۔

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ﴿١٣١﴾ وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلَاةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۖ لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُكَ ۗ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوَىٰ ﴿١٣٢﴾ (طٰہٰ: ۱۳۱-۱۳۲)

پتھری کا علاج

سورہ انشراح لکھ کر پینا، پتھری کو ریزہ ریزہ کرکے نکال دیتا ہے اور مثانہ کو نفع دیتا ہے۔

شرف اولاد کے لئے

رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ ﴿٨٩﴾ (الانبیا: ۸۹)

کو نماز کے بعد تین (3) مرتبہ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ صاحب اولاد ہوگا۔

یا بسملہ کے ساتھ أَوْ كَظُلُمَاتٍ فِي بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَغْشَاهُ مَوْجٌ مِّن فَوْقِهِ مَوْجٌ مِّن فَوْقِهِ سَحَابٌ ۚ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ إِذَا أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا ۗ وَمَن لَّمْ يَجْعَلِ اللَّهُ لَهُ نُورًا فَمَا لَهُ مِن نُّورٍ ﴿٤٠﴾ (النور: ۴۰) چالیس (40) لونگوں پر سات سات مرتبہ (7،7) اس آیت کو پڑھے اور ایک لونگ کو ہر روز کھائے۔ حیض کے غسل سے شروع کرے اور ان دنوں میں اس کا شوہر اس سے صحبت کرتا رہے اور شرط یہ ہے کہ لونگ رات کو کھائے اور اس پر پانی نہ پئے۔

نیش زدہ کی تسکین

نیش زدہ پر سورہ انشقاق دم کردیں تو سکون ہوگا۔

علم کا فیضان

سورۃ الدھر بکثرت پڑھنے سے علم کی باتیں زبان پر جاری ہوتی ہیں۔

کامیابی مقدمہ حق

سُبْحَانَ اللَّهِ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٦٨﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٦٩﴾ وَهُوَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْأُولَىٰ وَالْآخِرَةِ ۖ وَلَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٧٠﴾ (القصص)

اگر کسی کو جھوٹی گواہی یا حاکم کے غلط فیصلہ اور ظلم سے اندیشہ ہو تو پیشی مقدمہ کے وقت یہ آیتیں سات (7) مرتبہ پڑھے اور تین (3) مرتبہ یہ کہے وَاللَّهُ غَالِبٌ عَلَىٰ أَمْرِهِ (یوسف: ۲۱) ان شاء اللہ تعالیٰ ہر شر سے محفوظ رہے گا۔

امور دین و دنیا کا حصول

برائے امور دینی و دنیوی اکتالیس (41) مرتبہ سورۃ الحمد پڑھیں اور دعا کریں۔

دفع بدخوابی

لَهُمُ الْبُشْرَىٰ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۚ لَا تَبْدِيلَ لِكَلِمَاتِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٤﴾ (یونس: ۶۴)

گلے میں لکھ کر ڈالے یا سوتے وقت پڑھ لیا کرے۔

قوت و نصرت

سورۂ ھود لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے، اسے قوت و نصرت حاصل ہوگی۔ اگر سو آدمیوں سے بھی مقابلہ ہو، سب پر ہیبت غالب ہوجائے گی۔

روحانی علاج گاہ کی مفت روحانی خدمات

مفرور کے لیے تالے والا عمل

اگر کسی کا کوئی عزیز، دوست، ملازم وغیرہ بھاگ گیا ہو اور واپس نہ آ رہا ہو تو ایک خاص عمل جو دیسی تالے پر کیا جاتا ہے، اس سے فائدہ اٹھائیں۔ ایک عدد لوہے کا دیسی تالا ادارہ میں بھجوائیں یا اس کی قیمت ادا کر کے عمل حاصل کریں۔

قرآن نہ بھولنے کا خاص عمل

قرآن یاد کر کے بھولنا بہت بڑا گناہ ہے اور تجربہ یہی ہے کہ اس گناہ کا وبال دنیا ہی میں انسان کو دیکھنا پڑتا ہے۔ یہ ایک خاص ورد ہے، جس کو پڑھنے سے کبھی بھی قرآن نہیں بھولے گا۔

بیماری... صحت میں بدل جائے

ایک خاص درود شریف کا ورد، جس کو کرنے سے ہر طرح کی بیماری، صحت میں بدل جائے۔ صرف نمازی افراد کے لیے۔

رحمتِ خداوندی کے لیے

ایک خاص وظیفہ ہے، جس کو پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت متوجہ ہوتی ہے اور انسان کی زندگی میں اللہ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوتی ہیں۔

مکان کی آفتوں سے حفاظت

مکان کی ہر طرح کی آفات سے حفاظت کے لیے ایک خاص تعویذ جو اسلامی ماہ کے نوچندی دنوں میں صرف ایک وقت تیار کیا جاتا ہے۔

کاروبار خوب چلے

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کا کاروبار بہت زیادہ چلے، بہت زیادہ آمدن ہو تو چالیس (40) یوم پر مشتمل عمل حاصل کریں۔ ان شاء اللہ، اس عمل کو کرنے کے بعد کاروبار بہت زیادہ چلنا شروع ہو جائے گا۔

حمل کی حفاظت

حمل کی حفاظت کے لیے چالیس (40) روز پر مشتمل وظیفہ..... اس وظیفہ کی برکت سے ان شاء اللہ حمل ہر طرح سے محفوظ رہے گا۔

بہت رونے والے بچوں کا علاج

کثرت سے رونے والے بچے، ہر وقت رونے والے بچوں کے روحانی علاج کے لیے یہ عمل حاصل کریں۔

رزق میں برکت

رزق میں برکت کے لیے خاص تعویذ اور وظیفہ حاصل کریں۔ یہ عمل وہی لوگ منگوائیں، جو زیادہ تعداد میں روزانہ ورد کر سکتے ہوں۔ جو افراد وقت کی کمی یا کسی اور سبب کی وجہ سے ایک وقت یا دن بھر مختلف اوقات میں زیادہ ورد نہ کر سکتے ہوں، ان کے لیے یہ عمل نہیں ہے۔

نوٹ: یہ تمام روحانی خدمات صرف جون ۲۰۲۲ کے لیے ہی ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی علاج منگوائیں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ صرف صاحب معاملہ ہی رابطہ فرمائیں۔ نامکمل کوپن، ایک سے زائد افراد کے لیے یا پھر شرائط پر پورا نہ اترنے والوں کو روحانی علاج بھیجنے سے معذرت۔ تعویذات کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ اس لیے ختم ہونے پر دوبارہ تیار نہیں کیے جاتے۔ مکمل شرائط پڑھ کر ہی روحانی علاج منگوائیں۔

شرائط کے لیے www.darulamal.org/ruhaniilajgah

درود شریف کے خاص صیغے

مرتب: محمد عارف

ذیل میں درود شریف کے خاص صیغے درج کیے جا رہے ہیں۔ ان کو کم از کم ایک بار پڑھ کر ثواب دارین حاصل کریں۔ جو احباب خاص روحانی فائدہ اٹھانا چاہتے ہوں، وہ اپنے نام کے عدد کے برابر ہر درود کو پڑھیں۔

*...... بسم اللہ والحمد للہ والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ والہ ومن والاہ۔

*...... اللّٰھم صلی وزد وبارک علی سیدنا محمد وال سیدنا محمد امین۔

*...... اللّٰھم صل و سلم علی سیدنا محمد سر الاسرار الربانیة و التجلیات الرحمانیة و المقامات الاحسانیة و مھبط الانوار القدسیة فی مراۃ روحة العلویة و لطیفتة الاحدیة و جوھرتة الصمدانیة المتوجة باسرارك السرمدیة و سربلنی بصلاتة بسربال العز الاعظم و اجمعنی بة تحت لوائة المعقود و مقامة المحمود و اسقنی من حوضة المورود فھو حبیبك الاول و رسولك الخاتم و علی الة وسلم تسلیما کثیر۔

*...... اللّٰھم صلی علی من سمیته ذا کرا حبیبا ومذکرا محمدا رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته احمدا ومحمدا وسیدا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته صابرا نبیا ومراقبا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته غالبا ورحیما وحلیما محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته عدلا جوادا ومزملا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته قاسما مھدیا وھادیا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته شکور وحریصا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته قائما حفیا وعبد اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته شاھدا بصیرا ومھدیا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته باھیا نورا ومکیا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته شاکرا وولیا ونذیرا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته طاھرا صفیا ومختارا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته برھانا صحیحا وشریفا محمد رسول صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته مسلما رءوفا رحیما محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته مؤمنا حلیما محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم اللّٰھم صلی علی من سمیته مصباحا آمرا وناھیا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم الطیبین الطاھرین۔

*...... اللّٰھم صلِّ وسلم وبارک علی سیدنا محمد وعلی آله وصحبه أجمعین۔

*...... صلی اللہ وسلم وبارک علی سیدنا محمد وعلی آله وصحبه والتابعین بإحسان إلی یوم الدین۔

*...... اللّٰھم صلّ وسلم علی سیدنا محمد وآله وذریته أجمعین۔

*...... صلی اللہ علی سیدنا محمد۔

*...... اللّٰھمّ صلِّ علی سیّدنا محمّد وعلی آله وصحبه وسلِم۔

جنات

شہید اسلام حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ

جنات کے بارے میں حضرت ﷺ سے پوچھے گئے سوالات اور ان کے جوابات

سوال کیا جنات انسانی اجسام میں محلول ہو سکتے ہیں جبکہ جنات ناری مخلوق ہیں اور وہ آگ میں رہتے ہیں اور انسان خاکی مخلوق ہے؟ جس طرح انسان آگ میں نہیں رہ سکتا تو جنات کس طرح خاک میں رہ سکتے ہیں؟ بہت سے مفکرین اور ماہر نفسیات جنات کے وجود کے بارے میں اختلاف رکھتے ہیں، اس لئے یہ مسئلہ توجہ طلب ہے۔

جواب جنات کا وجود تو برحق ہے۔ قرآن کریم اور احادیث شریفہ میں ان کا ذکر بہت سی جگہ موجود ہے۔ اور کسی جن کا انسان کو تکلیف پہنچانا بھی قرآن کریم، احادیث شریفہ نیز انسانی تجربات سے ثابت ہے۔ جو لوگ جنات کے وجود کا انکار کرتے ہیں ان کی بات صحیح نہیں۔ باقی رہا جنات کا کسی آدمی میں حلول کرنا، سو اوّل تو وہ بغیر حلول کے بھی مسلط ہو سکتے ہیں، پھر ان کے حلول کرنے میں کوئی استبعاد نہیں۔ ان کے آگ سے پیدا ہونے کے یہ معنی نہیں کہ وہ خود بھی آگ ہیں، بلکہ آگ ان کی تخلیق پر غالب ہے جیسے انسان مٹی سے پیدا ہوا ہے مگر وہ مٹی نہیں۔

اہل ایمان کو جنات کا وجود تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں

سوال آج کل ہمارے یہاں جنات کے وجود کے بارے میں بحث چل رہی ہے اور اب تک اس سلسلہ میں مذہبی، سائنسی، منطقی اور عقلی نظریات سامنے آئے ہیں۔ یہ سب نظریات نوعیت کے اعتبار سے جدا جدا ہیں۔ لہٰذا ماسوائے مذہبی نظریات کے، دوسروں پر یقین یا غور کرنا بہت سی ذہنی کشمکشوں کو جنم دیتا ہے، جبکہ ایک مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہمارا عقیدہ اپنے مذہبی نظریات پر ہی یقین کامل کرنے کا ہے۔ لہٰذا آپ براہ مہربانی قرآنی دلائل یا سچے اور حقیقی واقعات کی روشنی میں یا اگر احادیث کی روشنی میں جنوں کا وجود ثابت ہو تو اس بارے میں صحیح صورت حال اور نظریہ سامنے لائیں تا کہ لوگوں کے اذہان کو اس بارے میں پیدا ہو جانے والی کشمکش اور تذبذب سے نجات دلائی جا سکے؟

جواب قرآن کریم میں ۲۹ جگہ جنوں کا ذکر آیا ہے اور احادیث میں بھی بہت سے مقامات پر ان کا تذکرہ آیا ہے۔ اس لئے جو لوگ قرآن کریم اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتے ہیں، ان کو تو جنات کا وجود تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں۔ اور جو لوگ اس کے منکر ہیں، ان کے پاس نفی کی کوئی دلیل اس کے سوا نہیں کہ یہ مخلوق ان کی نظر سے اوجھل ہے۔

جنات کا انسان پر آنا حدیث سے ثابت ہے

سوال قرآن وحدیث کی روشنی میں بتائیں کہ کیا جن انسان پر آ سکتا ہے؟ اگر آ سکتا ہے تو کیا انسانی جسم میں حلول ہو سکتا ہے؟ اس کی وجہ کیا ہے؟

جواب ''آکام المرجان فی غرائب الاخبار واحکام الجان'' کے باب: ۵۱ میں لکھا ہے کہ بعض معتزلہ نے اس سے انکار کیا ہے لیکن امام اہل سنت ابوالحسن اشعریؒ نے مقالہ ''اہل السنۃ والجماعۃ'' میں اہل سنت کا یہ مسلک نقل کیا ہے کہ وہ ''جنات کے مریض کے بدن میں داخل ہونے کے قائل ہیں۔'' اس کے بعد متعدد احادیث سے اس کا ثبوت دیا ہے۔

جنات کا آدمی پر مسلط ہو جانا

سوال کیا کسی انسان کے جسم میں کوئی جن داخل ہو کر اسے پریشان کر سکتا ہے؟ اگر نہیں کر سکتا تو پھر آخر اس کی کیا وجہ ہے کہ ایک شخص، جس پر جن کا سایہ ہوتا ہے (لوگوں کے مطابق)، وہ ایسی جگہ کی نشاندہی کرتا ہے جہاں وہ کبھی گیا نہیں ہوتا اور ایسی زبان بولتا ہے جو اس نے کبھی سیکھی نہیں یا پھر ایک اجنبی شخص کے پوچھنے پر اس کے ماضی کے بالکل صحیح حالات اور واقعات بتاتا ہے۔ اس نے قرآن شریف پڑھنا سیکھا ہی نہیں ہوتا مگر بڑی روانی سے تلاوت کرتا ہے۔ آخر ایسا کیوں ہوتا ہے؟

جواب جنات کا آدمیوں پر مسلط ہونا ممکن ہے اور اس کے واقعات متواتر ہیں۔

''جن عورتوں'' کا انسان مردوں سے تعلق

سوال میرے گاؤں کے نزدیک ایک شخص رہتا ہے۔ جب وہ چھوٹا تھا تو اس پر دورے پڑتے تھے۔ یہاں تک کہ سارا جسم خون سے تر ہوجاتا تھا۔ ہوتے ہوتے جب وہ جوان ہوا تو دورے پڑنے بند ہوگئے۔ چند سالوں بعد اس شخص نے بتایا کہ اس کے پاس ایک مادہ جن آئی جو کہ انتہائی خوبصورت لڑکی تھی اور مجھے تعویذ دیا کہ اس تعویذ کو چاندی میں بند کرکے اپنے جسم کے ساتھ باندھ لو اور جب بھی میری ضرورت پڑے تو اس تعویذ کو ماچس جلا کر تپش دو، میں حاضر ہوجایا کروں گی۔

اب ہمارے گاؤں اور گردونواح میں جب کوئی بیمار ہوجاتا ہے یا کوئی اور مشکل پیش آتی ہے تو اس آدمی کو بلالاتے ہیں۔ وہ ماچس کی تیلی جلا کر اس تعویذ کو گرم کرلیتا ہے۔ چند منٹوں کے بعد حقہ طلب کرلیتا ہے اور اس کی آنکھیں بہت زیادہ سرخ ہوجاتی ہیں۔ پھر اس کی آواز عورت جیسی ہوجاتی ہے اور پوچھنے لگتی ہے کہ میرے معشوق کو کیوں تکلیف دی ہے؟ کیا تکلیف ہے تم کو؟

مولانا صاحب! آپ یقین نہیں کریں گے کہ بڑے بڑے اسپیشلسٹ ڈاکٹر جس مرض کی تشخیص نہیں کرسکتے۔ یہ مادہ جن (بقول اس کے) چند منٹوں میں اس مرض کے بارے میں بتادیتی ہے کہ یہ فلاں مرض ہے اور اس کا علاج بھی بتادیتی ہے۔ اکثر لوگ شفایاب ہوتے ہیں۔ یہ شخص انتہائی سادہ انسان ہے اور اس کو ان دوائیوں کے بارے میں یقیناً کچھ علم نہیں ہے۔ جب وہ اس مخصوص وقت میں اپنی زبان سے (جو اس وقت عورت کی طرح بولتا ہے) کہہ دیتا ہے، بہت سے مرضوں کا علاج ہوجاتا ہے۔ مولانا صاحب! میں ایک تعلیم یافتہ آدمی ہوں اور ان توہمات پر یقین نہیں رکھتا، لیکن اپنی آنکھوں سے میں نے یہ سب کچھ دیکھا ہے۔ برائے کرم قرآن حکیم اور احادیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں اس کی وضاحت کریں کہ مندرجہ بالا واقعات کس حد تک درست ہیں؟

جواب انسانوں پر جنات کے اثرات حق ہیں۔ قرآن وحدیث...... دونوں میں اس کا ذکر ہے، اور جن عورتوں کے انسان مردوں پر عاشق ہونے کے بھی بہت سے واقعات کتابوں میں لکھے ہیں۔ اس لئے آپ نے جو کہانی لکھی ہے، وہ ذرا بھی لائق تعجب نہیں۔

ابلیس کی حقیقت کیا ہے؟

سوال سب سے پہلا سوال عرض ہے کہ ابلیس فرشتوں میں سے ہے یا جنات کی نسل سے؟ کیونکہ ہمارے ہاں کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ ابلیس، اللہ کے مقرب فرشتوں میں سے تھا، مگر حکم عدولی کی وجہ سے اللہ نے اسے اپنی بارگاہ سے نکال دیا۔ جبکہ جہاں تک میرا خیال ہے ابلیس جنات میں سے ہے اور عبادت کی وجہ سے فرشتوں کے برابر کھڑا ہوگیا۔ مگر حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرنے کی وجہ سے دھتکار دیا گیا۔

جواب قرآن مجید میں ہے کہ: ''کان من الجن'' یعنی شیطان جنات میں سے تھا، مگر کثرت عبادت کی وجہ سے فرشتوں میں شمار کیا جاتا تھا۔ اور تکبر کی وجہ سے مردود ہوا۔

کیا ابلیس کی اولاد ہے؟

سوال کیا ابلیس کی اولاد ہے؟ اگر اکیلا ہے تو وہ اتنی بڑی مخلوق کو ایک ہی وقت میں گمراہ کیسے کرلیتا ہے؟ اس کا جواب قرآن وحدیث کی روشنی میں ارشاد فرمائیں۔

جواب قرآن مجید میں ہے کہ اس کی آل واولاد بھی ہے اور اس کے اعوان و انصار بھی کثیر تعداد میں ہیں۔ چنانچہ ایک روایت میں ہے کہ شیطان پانی کی سطح پر اپنا تخت بچھاتا ہے اور اپنے ماتحتوں کو روزانہ کی ہدایات دیتا ہے اور پھر روزانہ کی کارگزاری بھی سنتا ہے۔

ہمزاد کی حقیقت کیا ہے؟

سوال ہمزاد کی شرعی حقیقت کیا ہے؟ کیا یہ واقعی اپنا وجود رکھتا ہے؟

جواب حدیث میں ہے کہ: ''ہر آدمی کے ساتھ ایک فرشتہ اور ایک شیطان مقرر ہے۔ فرشتہ اس کو خیر کا مشورہ دیتا ہے اور شیطان شر کا حکم کرتا ہے۔'' ممکن ہے اسی شیطان کو ''ہمزاد'' کہہ دیا جاتا ہو، ورنہ اس کے علاوہ ہمزاد کا کوئی شرعی ثبوت نہیں۔

تسخیر کالی بھوتنی
بنت شیطان

حکیم محمد نعیم الحسن قادری نقشبندی

عمل: کالی بھوتنی کالی رانی جلدی سے میرے سامنے آجا دیکھوں تیری حاضری کا تماشا

یہ عمل کالی بھوتنی کی تسخیر کا عمل ہے۔ اس عمل کو ہر مذہب کا شخص کر سکتا ہے۔ یہ کالی بھوتنی بہت طاقتور اور پاور فل ہے کہ ہر قسم کا جائز و ناجائز کام کرتی ہے۔

ترکیب عمل: اس عمل کو عروج ماہ شروع چاند کی چاندرات کو باوضو ہو کر نماز عشاء کے بعد رات بارہ (12) بجے شروع کریں۔ عمل کو علیحدہ تنہا جگہ یا کمرہ میں بیٹھ کر ریاضت عمل شروع کریں۔ سوا گز سیاہ کپڑا خرید لائیں۔ جائے نماز بھی سیاہ رنگ کی ہو اور حصار کر کے عمل کرنا ہے۔ توشہ سات (7) گلاب کے پھول، سُرخ رنگ کی ایک درجن چوڑیاں سامنے رکھیں، اتولہ سندور، بخور روگگل لوبان صندل خالص 50-50 گرام پنساری سے حاصل کریں۔ باریک پیس کر اس کا سفوف بنالیں۔ دوران عمل اسی بخور کو دوران عمل چلائیں۔ لباس سیاہ رنگ کا ہو۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ (11-11) مرتبہ کے ساتھ چھ سو تیرہ (613) بار، اکتالیس (41) دن تک توجہ کاملہ سے اور کامل استاد سے اجازت لے کر کریں۔ آپ کا منہ مشرق کی طرف ہو۔ یقین کے ساتھ یکسوئی سے پڑھیں۔ اس عمل کی عام و خاص اجازت ہے لیکن آپ اس عمل کو بغیر اجازت نہ کریں۔ کامل مرشد یا استاد سے راہنمائی حاصل کریں۔

سوروپ

روپ سروپ، جب اس کی حاضری ہوگی، سیارہ رنگ کا لباس پہنے ہوگی۔ سیاہ رنگ کے لمبے بال ہوں گے، سامنے آ کے بیٹھ جائے گی اور عامل کے اردگرد تیز تیز گھومنا شروع کردے گی۔ آپ اپنے عمل کی عبارت کو مکمل کر کے اس سے بات چیت کریں، وہ مسکراتے ہوئے آپ سے توشہ مانگے گی، تمام توشہ دے دیں اور اس سے تین (3) قسم لیں اور اس سے دوبارہ حاضری کا طریقہ لازمی پوچھ لیں۔ باطنی نظر کا ہونا ضروری ہے۔ اس عمل میں لوح ہمزاد یا روحانی طلسماتی قوت کا نیلے رنگ کا ستون ضرور پاس رکھیں۔ توشہ دینے سے پہلے قول و قرار کر لیں پھر توشہ دیں۔

* * * *

تسخیر موہنی
دیوی کا عمل

حکیم محمد نعیم الحسن قادری نقشبندی

عمل: موہنی موہنی میں پکاروں موہنی۔ تیرا نام بھری سبھا کے بیچ دیکھوں موہنی تیرا کام۔ چل موہنی راجہ اندر کے اکھاڑے کی رانی موہنی حاضر شُو۔ حاضر شُو حاضر ہو کر میرا ہر کام کر۔ یا قدیر قادر موہنی کو کر حاضر۔

طریقہ و ترکیب عمل: نوچندی سنیچر۔ نوچندی اتوار۔ 7،7 مرتبہ اکیس (21) یوم یا اکتالیس (41) رات۔ رات کو بارہ (12) بجے عمل پڑھیں۔ آپ کا منہ شمال مشرق کی طرف ہو۔

توشہ: 5 رنگ کی مٹھائی اور روزانہ باقاعدگی سے اصلی گھی کا چراغ لازمی روشن کریں۔ حاضر ہونے پر قول و قرار شرائط طے کر لیں۔ نشانی وغیرہ لے لیں اور بلانے کا طریقہ معلوم کر لیں لاجواب تحفہ ہے۔ کامل یقین ہے کہ آپ ہر فکر معاش تنگی سے آزاد ہو جائیں گے ان شاءاللہ تعالیٰ۔

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

عطر تسخیر

نئی خوشبو میں عطر تسخیر تیار ہو گیا ہے

قیمت: 330 روپے

شائقین تسخیرات کیلئے یہ خبر یقیناً باعث مسرت ہوگی کہ ان کی آرزوئے دیرینہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں ہماری کوششیں بار آور ہوئیں اور روحانی دکان دارالعمل چشتیہ کی جانب سے "**عطر تسخیر**" تیار کرنے کا مرحلہ مکمل ہوا۔ ایسے افراد جو کسی بھی وجہ سے محفل کی جان بنتے ہوں اور بار بار تنزلی کا شکار ہو جاتے ہوں، وہ اس خاص دم شدہ عطر سے تالیف قلوب، سنگدل محبوب کی تسخیر، تسخیر قلوب، قائم النکاح، دائمی دوستی و محبت پیدا کرنا، حکمران کے دل میں اپنا رعب ڈالنا، گاہکوں میں اضافہ کرنا، لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرنا، من پسند رشتے کا حصول، زوجین میں الفت، محبت و کشش پیدا کرنا، رجوع خلقت وغیرہ با آسانی کر سکتے ہیں۔ ایسے تمام افراد جن کا تعلق پبلک سے ہے مثلاً ڈاکٹرز، وکلاء، دوکاندار یا سیاستدان اگر اس روحانی عطر کو استعمال کریں تو تسخیر خلق ہوگی اور دوست احباب، عزیز و اقارب سے اچھے تعلقات اور رشتوں میں استحکام پیدا کرنے کیلئے یہ "**عطر تسخیر**" سریع التاثیر ہے۔

شاگرد اور عاملین کیلئے رعایت

عاملین حضرات ہول سیل ریٹ پر منگوائیں

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ
0346-4312272, 042-35410586
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 / 0334 4312272 — ruhani.shop — ruhani-shop

روحانی گوگل برائے دھونی

جادو۔ آسیب۔ جنات۔ شیاطین۔ نظر بد

گھر، مکان، دکان، کارخانہ، فیکٹری، مارکیٹ، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس، شادی ہال، گودام، مراکز، سکول، کالج، یونیورسٹی، اکیڈمی، ٹیوشن سنٹر، مدارس

قیمت: 200 روپے (250 گرام)

- ......جادو کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......جنات کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......آسیب کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......بدروحوں کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......شیاطین کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......گندی مخلوق کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......ارواح خبیثہ کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......غلط تعویذات کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......نظر بد کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات کو ختم کرتا ہے۔
- ......روحانی گوگل ہر طرح کے اثرات کو ختم کرنے میں بے مثال ہے۔

روحانی دکان
0320-4312272 darulamal.org/ruhanishop
0334-4312272 042-35420586 ruhanishop

روحانی حرمل برائے دھونی

جادو۔ آسیب۔ جنات۔ نظر بد

گھر، مکان، دکان، کارخانہ، فیکٹری، مارکیٹ، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس، شادی ہال، گودام، مراکز، سکول، کالج، یونیورسٹی، اکیڈمی، ٹیوشن سنٹر، مدارس

قیمت: 300 روپے (250 گرام)

- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے کیڑوں کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے مکوڑوں کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والی چھپکلیوں کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے زنبور کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے مچھروں کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والی لیڈیوں کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے لال بیگ کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے پسو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے حشرات الارض کو ختم کرتا ہے۔

روحانی حرمل کی دھونی دیجئے اور ان سے جان چھڑائیے۔

روحانی دکان
0320-4312272 darulamal.org/ruhanishop
0334-4312272 042-35420586 ruhanishop

روحانی لوبان برائے دھونی

گھر، مکان، دکان، کارخانہ، فیکٹری، مارکیٹ، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس، شادی ہال، گودام، مراکز، سکول، کالج، یونیورسٹی، اکیڈمی، ٹیوشن سنٹر، مدارس

قیمت: 350 روپے (250 گرام)

- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی کچے گوشت کی بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی بھنے گوشت کی بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی جانوروں کی بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی گوبر کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی پاخانے کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی عجیب و غریب بدبو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی گندی بدبو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی خون کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی منی کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔

روحانی لوبان کی دھونی سے ہر طرح کی سخت بدبو پرانی بدبو فوری ختم ہو جاتی ہے۔

روحانی دکان
0320-4312272 darulamal.org/ruhanishop
0334-4312272 042-35420586 ruhanishop

جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج

صوفی محمد ایاز اسلمی ظلہٗ (کراچی)

دردِ سر

دردِ سر کیلئے گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور شہادت کی انگلی زبان سے لگا کر مریض کی پیشانی پر خط کھینچ دیں۔ ان شاء اللہ، اسی وقت درد ختم ہو جائے گا۔

دردِ شکم

سات سات (7-7) مرتبہ چہل کاف پڑھ کر تین (3) بار مریض کے پیٹ پر دم کریں۔ کل اکیس (21) مرتبہ پڑھی جائے گی۔ اسی وقت درد ختم ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

زہر داد

زہر داد کیلئے سات (7) مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔ جب بھی پیاس لگے، مریض یہی پانی پیئے۔ ان شاء اللہ شفائے کامل عطا ہوگی۔

بینائی چشم

آنکھوں کے جمیع امراض کیلئے شبِ جمعہ کو اکتالیس (41) مرتبہ عرقِ گلاب پر پڑھ کر دم کریں اور اگلے جمعے تک رات کے وقت عرق گلاب آنکھوں میں ڈالا کریں۔ ایک ہفتے میں ان شاء اللہ، بینائی بھی زیادہ ہو جائے گی اور جملہ امراض چشم سے بھی نجات حاصل ہوگی۔

درد ہفت اندام

ہرن کی جھلی پر نقش مثلث آتشی چال سے لکھیں اور نیچے چہل کاف لکھ کر بائیں بازو پر باندھیں۔ ان شاء اللہ درد سے نجات حاصل ہوگی۔

معدے کے جملہ امراض کیلئے

جو کی روٹی پکا کر اس پر چہل کاف لکھیں اور سات (7) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ سات (7) روز تک کھائیں۔ معدے کے تمام امراض کیلئے یہ طریقہ نہایت مفید ہے۔

برائے پھوڑا خنزیر وغیرہ

گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر شنگرف پر دم کریں اور پھوڑے خنزیر پر چھڑک دیں۔ اگر جسم پر خرابیٔ خون کی وجہ سے دانے یا پھنسیاں وغیرہ ہو گئے ہوں تو پانی پر دم کر کے غسل کر لیں۔ تین (3) روز متواتر ایسا ہی کریں۔ ان شاء اللہ تمام دانے وغیرہ ختم ہو جائیں گے۔

مارگزیدہ کیلئے

سات (7) مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں یا نمک پر دم کر کے مقامِ زہر پر ڈالیں۔ نمک پانی بننا شروع ہو جائے گا اور زہر کا اثر ختم ہوتا جائے گا۔

دفع مرگی کیلئے

منگل کے روز بکری کے خون سے برگ پیپل پر لکھ کر مریض کے گلے میں پہنا دیں اور اکیس (21) روز تک سات (7) مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔

دفع تپ دق کیلئے

سفید چینی کی پلیٹ پر سرخ رنگ سے لکھ کر سات (7) یوم تک مریض کو پلائیں۔

جوڑوں کے درد کیلئے

زیتون یا سرسوں کے تیل پر اکیس (21) مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور جہاں درد ہو، وہاں کا مساج کریں۔

موتیے کا علاج

خالص عرق گلاب پر ہر روز سات (7) مرتبہ دم کریں۔ رات کو سوتے وقت دم شدہ عرق آنکھوں میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ گیارہ (11) روز میں بہتری آنی شروع ہو جائے گی۔ اگر مکمل فائدہ ہو جائے تو استعمال بند کر دیں ورنہ مکمل فائدہ ہونے تک جاری رکھیں۔

غضب کا عمل برائے تسخیر عام و خاص

حضرت مولانا ڈاکٹر سید محمود الحسن رحمہ اللہ (بھوپال)

اس عمل کی بدولت اطباء، ڈاکٹران، وکلاء، بیرسٹران، دوکانداران، سوداگران، صناع اور کاریگر، عرائض نویس اور دیگر ہر قسم کے پیشے والے شرطیہ کامیاب ہوتے ہیں۔

اگر آپ حافظ ہیں تو ماشاء اللہ نورٌ علیٰ نور۔ ورنہ اول سورۂ رحمٰن شریف زبانی یاد کرلیں۔ جب خوب اچھی طرح یاد ہوجائے۔ روزانہ آفتاب جب نکلے اور ایک پہر بلند ہوجائے (تقریباً پانچ منٹ کے اندر ایک نیزہ بلند ہو جاتا ہے)، جس کا اندازہ اس طرح کرلیں کہ آفتاب اپنی جگہ سے نکل کر آپ کے سامنے آجائے اور کرنیں آفتاب کی پھیلی ہوئی ہوں۔

(اضافہ) جس طرح ریڈیم دھات اپنا کام آفتاب پر بجلی کی طاقت کے شمول سے کام کرتی ہے جس سے ریڈیو بنایا گیا ہے۔ اسی طرح سورۂ رحمٰن اپنا عمل تسخیر کا بجالاتی ہے۔ اور ابر کی صورت میں جب آفتاب نہیں نکلتا تو ریڈیو کی آواز پست ہوجاتی ہے، اسی طرح چلّہ کے درمیان اگر مطلع غبار آلود ہوگیا تو عمل کمزور ہوگیا۔ موسم گرما اس کے لیے مناسب رہتا ہے۔ قید کچھ نہیں ہے۔ جب جی چاہے شروع کردو۔

اب سورج کے سامنے منہ کرکے سورۂ رحمٰن پڑھنا شروع کریں۔ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر آئیں، داہنے ہاتھ کی کلمہ والی انگلی سے سورج پر ایک اشارہ کردیں۔

اسی طرح ہر مرتبہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر انگلی سے اشارہ کردیا کریں۔ یہاں تک کہ سورت ختم ہوجائے۔

یہ عمل روزانہ پانچ (5) منٹ میں ختم ہوجاتا ہے۔ ایک ہفتہ کے بعد آمد مخلوق شروع ہوجاتی ہے۔ لیکن یہ زکوٰۃ ہے۔ آپ التفات نہ کریں اور آنے والوں کو کمالِ اخلاق سے بہلایا کریں اور خوش مزاجی سے پیش آئیں۔ بعد ختم چلّہ صبح کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھتے رہیں۔ یہ عمل چالیس (40) یوم کا ہے۔ بڑی آسانی سے بعد نمازِ فجر پورا ہوتا ہے۔

ایک چلّہ میں عام مخلوق کی آمد۔ دوسرے چلّہ میں خاص خاص لوگوں کی آمد۔ تیسرے چلّہ میں رئیسوں، جاگیرداروں اور نوجوانوں، تعلق داروں کی ملاقات۔ چوتھے چلّہ میں رات دن مخلوق کا ہجوم لگا رہتا ہے۔ ان حضرات سے جو کچھ آپ فرمائیں گے، تعمیل بجالائیں گے۔ اگر تجارتی کاروبار ہے، سب خریداری کریں گے۔ ہر شخص آپ کی دوکان پر خود بخود کھنچ کر آئے گا۔ عجیب و غریب متصف بصفات یہ عمل ہے۔ خاص طور پر مشورہ اس عمل کے کرنے کا دیا جاتا ہے۔

اگر آپ کو کسی حاکم کے سامنے جانا منظور ہے یا کسی بڑے افسر کے پاس جانا ہو۔ ایک (1) بار سورۂ رحمٰن پڑھ کر جائیں۔ اگر اس قدر موقع نہ ملے تو تین بار فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پڑھ لیں۔ اور پھر سلام کریں۔ افسر کمال اخلاق سے پیش آئے گا۔

نوٹ: احباب اور آنے والی مخلوق عامل کی طرف کھنچے گی اور بعض اوقات کہہ بیٹھے گی کہ آپ نے کیا عمل پڑھا ہے؟ خود بخود ہم آپ کی طرف چلے آتے ہیں۔ خوش مزاجی سے کہہ دیجئے کہ آپ کی بندہ نوازی اور محبت ہے، ہم کس لائق ہیں۔ جو شخص جس قسم کا کاروبار کرتا ہو اس کو یہ عمل ضرور پڑھنا چاہئے۔

بقیہ (ص 61): علم ریمیا یعنی شعبدات کا علم (قسط اول)

بائیں پیر کی طرف کردیا جائے اور غلطی سے دائیں پیر کی جوتی بائیں پیر میں ڈال لے تو مطلقاً شکار نہ ملے گا۔

اذیت ڈھول ساز: اگر بھیڑیے کی خشک کھال قدرے آگ پر جلائیں اور ڈھول یا نقارہ کو اس کی دھونی دیں تو سب نقارے اور ڈھول پھٹ جائیں گے۔ اور اگر بھیڑیے کی کھال کا نقارہ یا ڈھول بنائیں اور اس کو بجائیں تو جن نقاروں تک اس کی آواز جائے گی، وہ سب نقارے پھٹ جائیں گے۔

سورۃ واقعہ کی خصوصیات

الشیخ الامام جلال الدین حفظہ اللہ

۱...... مَنْ قَرَأَ كُلَّ لَيْلَةٍ سُوْرَةَ الْوَاقِعَةِ لَمْ تُصِبْهُ فَاقَةٌ اَبَدًا

ترجمہ: ...... جس شخص نے ہر رات سورۃ واقعہ پڑھی تو وہ کبھی بھی فاقہ کا شکار نہ ہوگا۔ (بیہقی)

۲...... حضرت ابو فاطمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ عبداللہ رضی اللہ عنہ بیمار ہوئے تو آپؓ کی عیادت کے لیے عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ آئے (ابو فاطمہ رضی اللہ عنہ، حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے غلام تھے) تو عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''آپ (رضی اللہ عنہ) کو کس چیز کی شکایت ہے؟'' تو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''مجھے میرے گناہوں کی شکایت ہے۔'' تو عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''آپ (رضی اللہ عنہ) کیا چاہتے ہیں؟'' تو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اپنے رب کی رحمت۔'' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''کیا میں آپ (رضی اللہ عنہ) کے پاس کسی طبیب کو نہ بلاؤں؟'' تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''طبیب ہی نے مجھے بیمار کیا ہے۔'' پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''کیا میں آپ (رضی اللہ عنہ) کے لیے عطیہ دینے کا حکم دوں؟'' تو آپ (رضی اللہ عنہ) نے فرمایا کہ ''مجھے کوئی ضرورت نہیں۔'' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''آپ (رضی اللہ عنہ) کے بعد آپ (رضی اللہ عنہ) کی بیٹیوں کے کام آجائے گا۔'' تو آپ (رضی اللہ عنہ) نے فرمایا کہ ''کیا تم کو میرے بیٹیوں کے بارے میں فقر و فاقہ کا ڈر ہے؟ حالانکہ میں نے تو اپنی بیٹیوں کو اس بات کا حکم دیا ہے کہ وہ ہر رات سورۃ واقعہ تلاوت کریں کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے: مَنْ قَرَأَ كُلَّ لَيْلَةٍ سُوْرَةَ الْوَاقِعَةِ لَمْ تُصِبْهُ فَاقَةٌ اَبَدًا۔'' (ابن عساکر)

ترجمہ: ...... جو شخص ہر رات کو سورۃ واقعہ پڑھے گا تو اس کو کبھی بھی فقر و فاقہ نہیں پہنچے گا۔

عملیاتِ وارثی

حکیم نور احمد باکمال وارثی (لاہور)

برائے فیضانِ ربی

قبل از نمازِ فجر، اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ایک سو ایک (101) مرتبہ۔ بعدہٗ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ چند بار۔ بعدہٗ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ ایک سو ایک (101) بار۔ بعدہٗ اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا۔

برائے حل المشکلات

اس نقش کو لکھ کر باندھے۔ ان شاء اللہ، ہر قسم کی مشکل حل ہوگی۔ اور جو دعا مانگے گا، پوری ہوگی۔ یہ نقش سورۃ مزمل کا ہے:

۷۸۶

۳۲۵۶۶	۳۲۵۵۹	۳۲۵۶۴
۳۲۵۶۱	۳۲۵۶۳	۳۲۵۶۵
۳۲۵۶۲	۳۲۵۶۷	۳۲۵۶۰

محبوب کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا

اگر کوئی کسی کو اپنا دوست بنانا چاہے کہ وہ اس کے بغیر ایک ساعت بھی آرام نہ کرے تو اس نقش کو (جو شیخ المشائخ مخدوم بہاؤ الدین قدس سرہٗ کا ہے) کسی کاغذ کے اوپر با طہارت و باوضو ہو کر لکھے اور اس میں نیچے کی طرف طالب و مطلوب کا نام بمعہ ان کی والدہ کے ناموں کے لکھے۔ پھر رات کو چراغ میں جلاوے۔ ان شاء اللہ، مطلوب بفرمانِ خدا تعالیٰ کے محبت میں گرفتار ہوگا۔

۷۴۴۲لالا دا ع ۱۴۱ ۱۱ ۷۷ دہ طاع ی ع ح ج

فلا ں بن فلا ں علیٰ حب فلا ں بن فلا ں

فضائل و خواص اصحاب کہف

حکیم فقیر سید محبوب علی شاہ بخاری دہلوی رحمۃ اللہ

اصحاب کہف سات آدمی اور ایک ان کا کتا ہے۔ یہ اصحاب دقیانوس بادشاہ، جو دعویٰ خدائی کرتا تھا، کے زمانہ میں اپنا ایمان بچا کر ایک غار میں داخل ہو گئے اور ابھی تک اُسی غار میں ہیں۔ جب زمانہ آخری زمان حضرت امام مہدی علیہ السلام و حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آئے گا، اُس وقت یہ اصحاب غار سے باہر آئیں گے اور حضرت مہدی علیہ السلام کے ہاتھ پر بیعت کر کے اسلام قبول کریں گے۔ یہ اصحاب بہت جلیل القدر ہستیاں ہیں۔ ان کے نام کی برکت سے اللہ تعالیٰ دعا قبول کرتا ہے اور ہر مصیبت و ہر مشکل و ہر رنج و غم سے نجات دیتا ہے۔ خواص تو ان مبارک ناموں کے ہزاروں ہیں لیکن فقیر سید محبوب الٰہی (رحمہ اللہ) چند خواص، جو خواص و عام کے کام آنے والے ہیں، حسب ذیل درج کرتا ہے۔ ضرورت مند حضرات فائدہ اٹھا کر فقیر کو دعائے خیر سے یاد فرمائے۔ اسماء اصحاب کہف یہ ہیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اِلٰهِیۡ بِحُرۡمَتِ یَمۡلِیۡخَا مَکۡسَلۡمِیۡنَا کَشۡفُوۡطَطۡ تَبۡیُوۡنِسۡ آذَرۡفَطۡیُوۡنَسۡ کَشَا فَطۡیُوۡنَسۡ یُوَانِسۡ بُوۡسَ وَ اِسۡمِ کَلۡبِهِمۡ قَطۡمِیۡرٌ۔ بفضل الٰہی وبرکت ایں اسماء مبارک اصحاب کہف فلاں حاجت روا گردد۔

چند خواص یہ ہیں

● حضرت علی رضی اللہ عنہ بروایت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو شخص نام اصحاب کہف لکھ کر اپنے پاس سفر و حضر میں رکھے گا یا اپنے سامان میں رکھے گا تو وہ ہر طرح کے خطرہ، چور، ڈاکو یا پانی میں ڈوبنا یا آگ میں جلنے سے حق تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔ کسی قسم کا اُس کا نقصان نہ ہوگا۔ سلامت سفر سے گھر آئے گا۔ مجرب ہے۔

● اگر اصحاب کہف کے نام لکھ کر اپنے مکان یا چھپر یا سامان میں رکھے گا تو ہر طرح کی حفاظت میں رہے گا اور کبھی اُس جگہ کو آگ نہ لگے گی۔ بسیار مجرب ہے۔

۳ اگر کسی جگہ آگ لگی ہو تو نام اصحاب کہف سفید کپڑے پر لکھ کر اس کپڑے میں چند سنگریزہ باندھ کر آگ میں ڈال دیں، فوراً آگ بجھ جائے گی، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

۴ اگر اصحاب کہف لکھ کر لکڑی میں باندھ کر زمین کے چاروں طرف چکر دے کر پھر درمیان کھیت کے گاڑ دیں تو اُس کھیت میں کوئی جانور یا چوہا نہ آئے گا اور نہ کسی دوسرے طریقہ سے کوئی نقصان ہوگا۔ تمام فصل اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گی۔

۵ اگر ان ناموں کو لکھ کر کسی کتاب یا غلہ میں رکھیں تو کرم وغیرہ اور چوروں سے محفوظ رہے گا۔ اگر وہاں پانی بھی آ جائے تب بھی کوئی نقصان نہ ہوگا۔

۶ اگر کاغذ پر لکھ کر دردِزہ والی عورت کے بائیں ران پر باندھے تو فوراً بچہ پیدا ہوگا یا مٹی کے پیالہ پر لکھ کر عورت دردِزہ والی دونوں ہاتھ رکھ کر زمین پر زور سے توڑے تو بھی فوراً بچہ پیدا ہو جائے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

۷ اگر مٹی کے پیالہ پر لکھ کر جہاں دریا زمین میں ڈھاتا ہو، زمین کے اندر دفن کر دیں تو اُس جگہ سے دریا ہٹ جائے گا اور پھر اس جگہ کبھی نہ آئے گا۔

۸ اگر لکھ کر تیر یا بندوق پر باندھ دیں، کبھی نشانہ خالی نہ جائے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

۹ اگر کسی کے مکان میں جن وغیرہ کوئی روح رہتی ہو یا باہر سے پتھر مکان میں آتے ہوں تو ان ناموں کو کاغذ پر لکھ کر مکان کے ہر کمرہ کے چاروں کونہ میں ایک ایک چسپاں کر دیں اور چند بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مکان کے اندر باہر اوپر نیچے، ہر جگہ چھڑک دیں تو ہر قسم جن یا جو بھی ارواح اس مکان میں ہوں یا پتھر آتے ہوں، کل دفع ہو کر یہ جگہ ہر طرح اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گی، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

۱۰ اگر ان ناموں کو لکھ کر گلے میں باندھ دیں اور جنگ میں جائے تو ہر طرح کے صدمہ سے بچا رہے گا اور مظفر و منصور ہوگا۔

(بقیہ ص 31)

علاج بذریعہ منتر

قیصر احمد بی۔اے۔ (کراچی)

سانپ کو کیلنا

منتر بجرو بجری بجر کوار۔ ۲۵ بجری کیلوں آس پاس۔ مرے، سانپ ہوئے خاک۔ میرا کیلا پتھر کیلئے۔ پتھر پھوٹے پر میرا کیلا کبھی نہ چھوٹے۔ میری بھگت، گورو کی شکت، ایشورواچ۔

ترکیب زمین سے ایک کنکر اٹھا کر اس پر فوراً ایک مرتبہ پڑھ کر مارے۔ سانپ اسی وقت چلتا چلتا بند ہو جائے۔

کیلا ہوا سانپ چلنے لگے

منتر کیلن بھئی کیلنی در چہ بھیا کورچ جاؤ سرپ گھر اپنے چک پھرو چارو ماس۔

ترکیب ایک کنکر زمین سے اٹھا کر اس پر مندرجہ بالا منتر ایک بار دم کر کے سانپ کو مارے تو کیلا ہوا سانپ چلنے لگے۔

سانپ کو گھر سے بھگانے کا منتر

منتر اُوم و پلا سرب گلے سُورہا اشیش گل سرپ کلائے سُواہا

ترکیب مندرجہ بالا منتر مٹی کے ایک ڈھیلے پر سات (7) بار پڑھ کر گھر میں ڈال دے، سانپ گھر سے بھاگ جائے گا۔

برائے عداوت

منتر ادروں پتر۔ کھوروں پتر
کھوروں پتر اں بھار
فلاں بن فلاں، فلاں بن سے ہوجدا

ترکیب کنیر کے پتے گیارہ (11) عدد لے کر ہر پتہ پر ایک دفعہ پڑھے۔ پھر آگ میں جلائے۔ اس طرح گیارہ (11) دن کرے۔ زندگی بھر نہ ملیں۔

الحب

اس منتر کو سات (7) بار پڑھے۔ پڑھتے وقت دو تولہ گوگل کو زیر درخت چنبیلی جلاتا رہے اور عمل کو پڑھتا جائے۔ ان شاء اللہ پانچ پھول آئیں گے۔ ان پھولوں پر اس منتر کو پڑھے۔ پھول غائب ہو جائیں گے۔ جس جگہ مطلوب ہوگا، وہاں پر جائیں گے۔ جس وقت ان کی خوشبو اس کے دماغ کے اندر جائے گی فوراً دیوانی ہوگی۔ اس عمل کو یکشنبہ کی شب میں کرے۔

منتر بھال پکھال مصسکہ فلوں کجرہ منجرہ کھاؤں آٹھ پہر بیس گھڑی جسک موہن میرا ناؤں۔

عمل ناف

جَلَّ جَلَالُہٗ ہر دم ہو کلمہ یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم صاحب۔

طریقہ ناف کے مریض کو زمین پر لٹا کر سات (7) بار کلام پڑھ کر مریض کی دھنی پر دم کرے۔ اس طرح تین (3) یا سات (7) بار دم کیا جائے۔ اول و آخر تین تین (3-3) بار درود شریف پڑھنا ضروری ہے۔ دم کرتے وقت عامل کلام پڑھتا جائے اور ساتھ ہی کسی پاک صاف کپڑے یا رومال کو بل دیتا جائے یعنی مروڑتا جائے۔ سات (7) بار پڑھ کر کپڑا یا رومال جھاڑے اور دم کرے۔ ان شاء اللہ پہلی بار دم کرتے ہی ناف اپنی اصلی جگہ پر آجائے گی۔ مگر دم پورا تین (3) بار یا سات (7) بار کیا جائے۔ یہ عمل میرا مجرب و معمول ہے۔

بقیہ (ص 30): فضائل و خواص اصحاب کہف

⑪ اگر ان ناموں کو لکھ کر ہر قسم بخار، دردِ سر، درد سینہ، دردِ کمر اور دردِ پیٹ پر باندھیں تو اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔

⑫ اگر ان ناموں کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو نظر حکام و امراء و احباب عزیز ہوگا اور ہر رنج و چور سے محفوظ رہے گا۔

⑬ اگر کوئی حاجت مند دوگانہ قضاء حاجت پڑھ کر اصحاب کہف کے نام سو (100) بار پڑھے، اول آخر درود شریف چند بار پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر ان ناموں کے وسیلہ سے اللہ سے دعا کرے، بفضلِ تعالیٰ حاجت بر آئے گی۔

نوٹ: خواص ان ناموں کے ہزاروں ہیں۔ جس کام کے لئے کرو گے، وہی ہوگا۔ فقیر نے چند خواص لکھے ہیں۔

امنت باللہ کے خاص عمل کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف امنت باللہ کا عمل، وہ خاص عمل ہے جس کے پیچھے مسلمان جنات کی بہت بڑی بڑی جماعتیں کام کرتی ہیں۔ ان جنات کا تعلق زیادہ تر مدارس سے ہے۔ کوئی حافظ ہے تو کوئی قاری۔ کوئی عالم ہے تو کوئی شیخ الحدیث۔ اسی لئے یہ جنات ایسے افراد کی معاونت زیادہ کرتے ہیں جن کا تعلق بھی مدارس سے ہوتا ہے یا پھر وہ دین کا کام کر رہے ہوں۔ اس عمل کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ عرب ممالک میں بہت اچھا کام کرتا ہے۔ پاکستان سے بیٹھے عرب ممالک کا کام ہو جیسے سعودی عرب میں کوئی مریض ہے تو صرف مریض کے لئے پڑھنے سے اس کا فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اس کے پیچھے جو بڑے جنات ہیں، ان کا پیچھے سے تعلق سعودی عرب کے بڑے جنات سے ہے اور پاکستان میں ان کی ایک بڑی جیل ٹھٹھہ کی طرف ہے جہاں سرکش قسم کے جنات اور شیاطین کو قید کیا جاتا ہے۔

اس عمل کے کل چھے درجوں کا عمل کروایا جاتا ہے۔ بنیادی اجازت میں پہلے تین درجے کروائے جاتے ہیں۔ پھر چوتھے، پانچویں اور چھٹے درجے کے عمل کا ھدیہ الگ الگ ہے۔

اجازت لینے کے فائدے اجازت ملتے ہی، اجازت یافتہ کا نام امنت باللہ کے پیچھے جو جنات ہیں، ان کی فہرست میں لکھ دیا جاتا ہے، اس لئے عامل فوراً کام لینا شروع کر سکتا ہے۔ اس عمل سے کو ہر جائز مقصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مختصراً درج ذیل ہے:

ہر قسم کے جادو کا علاج	ہر طرح کے جنات سے نجات	ہر طرح کی بندش سے نجات	جگہ سے جادو جنات ختم کرنا
مسلط جن کو حاضر کرنا	جنات کو جلانا	جنات کو بوتل میں بند کرنا	روحانی تشخیص
محبت اور حاضری مطلوب	زبان بندی اور جدائی	مختلف بیماریوں کا علاج	ہر جائز مقصد کے لیے

اجازت کے لیے اہلیت روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، علمائے کرام اور مفتیان عظام، دین سے جڑے افراد، بالغ مرد اور عورت...... اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فن عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ جتنا دیندار ہوگا، اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ہدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ہدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔ عمل کے ساتھ طریقہ استعمال کے لیے بیاض دی جائے گی۔

ہدیہ 6,100 روپے (علاوہ ڈاک خرچ)

خاص اجازت جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ھدیہ دگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں گے۔ پھر رابطہ کر کے آگے سکھانے کی خاص اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ ہمارے ادارے میں امنت باللہ کے 3 عمل کروائے جاتے ہیں۔ یہ سب اعمال الگ الگ ہیں۔ ان کے پیچھے جنات بھی الگ الگ ہیں اور ان کا ہدیہ بھی الگ الگ ہے۔ تفصیل کے لیے دوسرا اشتہار ملاحظہ فرمائیں، ویب سائٹ دیکھیں یا ادارے سے رابطہ فرمائیں۔

طلسمی عملیات شمع شبستان رضا غوثیہ دستگیری جناتی اعمال (گارنٹی شدہ عملیات)

مصنف: محمد نعیم الحسن قادری نقشبندی

صفحات: 130 | قیمت: 1600 روپے | خاص اجازت کے ساتھ ہدیہ: 3500 روپے

☆ عمل حاضرات حاضرات اسم ذات اللہ ☆ عمل بسم اللہ باموکل ☆ سورۂ اخلاص باموکل اجازتی عمل ☆ عمل حاضرات کا عمل ☆ تسخیر وحاضری موکل کا صدری نایاب عمل ☆ چہل کاف بمعہ موکل ☆ حاضرات خوری ☆ عمل برائے روشن ضمیری کیلئے ☆ عمل برائے قفل، مجرب ترین عمل ☆ آسان مجرب اعمال (عطیہ روحانی عامل صوفی ظفر محمد کھوکھر) ☆ عمل حصول دولت ☆ عمل برائے الحب ☆ عمل برائے کسی کے گھر فساد کروانا ☆ دشمن کو بھگانے کیلئے ☆ دشمن پر فتح حاصل کرنے کیلئے ☆ سرکش کو حاضر کرنے کیلئے ☆ وظیفہ مال ودولت خوش بختی ☆ عمل قلندری ☆ تسخیر خلائق اور رزق وسعت ☆ عمل جادو کی حاضرات ☆ روحانی مخلوق سے ملاقات کا عمل ☆ عمل برائے حاضرات بھوت ☆ جنات کی دنیا (تحفہ روحانیات) ☆ تسخیر وحاضری جنات وپریاں وارواح عملیات ☆ تسخیر شاہ بکتا نوش کا مجرب عمل ☆ تسخیر جنات کا ایک روزہ گارنٹی شدہ برق عمل ☆ طلوخوش جن کی حاضری کا عمل ☆ خدمت کلات، مجربات دامانیہ ☆ حاجتوں مشکلوں اور پریشانیوں کا مجرب عمل ☆ جنات سے دوستی کا عمل ☆ سورۂ انعام کی آیت کے کمالات ☆ ترقی رزق کا بے مثال عمل آیت قطب ☆ وظیفہ مریض کے دل کے حالات کی معلومات حاصل کرنا ☆ عمل اکسیر دست غیب کا روحانی عمل ☆ آیۃ کریمہ کا چلہ آپ کی ہر پریشانی کا خاتمہ ☆ ہر بند چیز کھولنا ☆ عمل خضر علیہ السلام زیادتی رزق وآمدنی ☆ تسخیر وحاضری روحانیات وموکلات ☆ حصول طلسماتی چادر وانگشتری ☆ عمل حاضری ہیوش برائے حصول انعامی دنیا ☆ عمل حاضری جن بچہ ☆ دست غیب کا سفلی عمل ☆ تسخیر چڑیل ☆ تسخیر وحاضری صمدونی ☆ شازیہ پری کی حاضری ☆ تسخیر شمعونی ☆ باموکل عمل برائے حاجت کیلئے ☆ تسخیر مال ودولت ☆ دست غیب کے حصول میں کامیابی کیلئے ☆ دست غیب کا عجیب وغریب عمل ☆ کرامات جفر قرآنی وظائف (دست غیب) ☆ سورۂ مائدہ کا نقش سکھی زندگی کا عکس ☆ کائنات کے غیبی راز جاننے کیلئے ☆ حاضری جنات پریاں ☆ تسخیر جمیلہ پری ☆ تسخیر سندونی پری ☆ تسخیر سندونی ☆ بیرون ملک جانے کے واسطے ☆ تسخیر گلابو دیوی ☆ الباطن (اسم اعظم کی برکات) ☆ حصول انعام بذریعہ ہمزاد خاص ☆ سندونی پری کی حاضری کا عمل نمبر 3 ☆ حفاظت رجعت عمل ☆ علاج بذریعہ صدقات ☆ تسخیر مخفی ہمزاد ☆ نظر بد کی شناخت اور علاج ☆ عمر بھر آنکھوں کے امراض اور بینائی کی کمزوری سے محفوظ ☆ جلب سحر تعویذ نکالنے کا مجرب عمل ☆ عمل ہمزاد کو حاضر کرنے کیلئے۔

آسان عملیات و تعویذات

مرتب: عامل کامل اعجاز احمد خان سنگھانوی ایم اے۔ اسلامیات، تاریخ اسلام، عربی

مشائخ، علماء، صوفیاء کرام چشتیہ، قادریہ، نقشبندیہ، سہروردیہ کے عملیات و تعویذات کا مجموعہ

آج کا دور پریشانیوں کا مجموعہ ہے۔ سحر، جادو، سفلی، بندش، رکاوٹ، مختلف بیماریاں، حادثات، لوٹ مار، گھر گھر لڑائی جھگڑا، کاروبار کی بندش، ملازمت مفقود، لڑکے لڑکیاں رشتوں سے محروم، بندش کے سبب اولاد سے محرومی، بیوی، اولاد، خاندان کے لوگ باغی، نافرمان، مخالف اور دشمن۔ شوہر کی بے توجہی، خاندانی لڑائی غرض یہ کہ زندگی مسائل میں الجھ کر رہ گئی ہے۔ دوسری طرف صحت برباد گھر میں رقم نہیں، آمدنی بند، لوگوں کا قرضہ سر پر، جوان اولاد شادی سے محروم، کرائے کا مکان۔ دوسری طرف یہ المیہ کہ جھوٹے، دھوکے باز، فراڈی، لوٹنے والے ڈاکوؤں سے بدتر منہ زور عامل جھوٹی تسلیاں دے کر رقم ہتھیانے والے۔ عوام کا خون چوس رہے ہیں۔ لیکن لوگ ہیں کہ اپنی نادانی، بے وقوفی اور بے عقلی کے سبب ان ہی کے چنگل میں پھنستے چلے جاتے ہیں۔ ان کی تمام مشکلات کا حل آسان عملیات و تعویذات کی کتابوں میں ہے۔ عملیات کی اجازت درج کتاب ہے، سحر، جادو، سفلی، بندش کا پتہ چلانا، استخارہ، اولاد ہونا، اولاد کی شادی، نوکری، ملازمت کا حاصل ہونا، قرضہ سے نجات، لڑائی جھگڑا ختم، آمدنی میں برکت، ہر قسم کا روحانی علاج، نقوش، تعویذات اور عملیات کے ذریعہ درج کیا گیا ہے۔ یہ چونکہ مقبولان بارگاہِ الٰہی اولیاء کرام، علماء عظام اور صوفیاء ذی احترام کے عملیات و تعویذات ہیں، ان کا کرنا ہر مرد، عورت، لڑکے، لڑکی کے لئے آسان ہے۔ اس میں الٹے نقصان ہونے کا کوئی ڈر نہیں ہے۔ سب آسانی کے ساتھ کر سکتے ہیں۔ اب تک بے شمار لوگ فائدہ اٹھا کر کامیاب ہو چکے ہیں۔ آپ بھی فائدہ اٹھائیں۔

عام قیمت: فی جلد 600 روپے۔ رعائتی قیمت فی جلد: 450 روپے۔
26 جلدوں کی عام قیمت: 15600 روپے
26 جلدوں کی رعائتی قیمت: 9360 روپے (علاوہ ڈاک کرچ)

علماء اور مشائخ کرام جن کے عملیات درج کتاب ہیں

1. حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ
2. حضرت شیخ نظام الدین اولیائی رحمۃ اللہ علیہ
3. حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
4. حضرت شاہ اہل اللہ پھلتی رحمۃ اللہ علیہ
5. حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
6. حضرت موسیٰ ترکیسری رحمۃ اللہ علیہ
7. حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ
8. حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ
9. حضرت مولانا محمد یعقوب رحمۃ اللہ علیہ
10. حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ
11. حضرت حکیم الامت مجدد ملت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ
12. حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ
13. حضرت شاہ رفیع الدین دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ
14. حضرت الحاج سید محمد عابد حسین دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ
15. حضرت مولانا میاں سید اصغر حسین رحمۃ اللہ علیہ
16. حضرت مولانا خلیل احمد مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ
17. حضرت شیخ الاسلام مولانا ظفر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ
18. حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ
19. حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ
20. حضرت مولانا قاری محمد اسحٰق میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ
21. حضرت مولانا محمد یاسین دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ
22. حضرت مولانا مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ
23. حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ
24. حضرت مولانا دوست محمد قریشی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ
25. حضرت مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ
26. حضرت مولانا محمد عبداللہ بہلوی رحمۃ اللہ علیہ
27. حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ
28. حضرت مفتی ولی حسن ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ
29. حضرت مولانا ناظر حسن دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ
30. حضرت مولانا شاہ عین القضاۃ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ

لوح برج جوزا حاکم سیارہ عطارد

یہ لوح ان تمام افراد کیلئے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 22 مئی تا 21 جون ہے۔ یا جن افراد کا نام ان حروف (ق، ک) سے شروع ہوتا ہے۔

منسوبی اسماء: (یاعلی یاعظیم) جو روزانہ ورد کئے جائیں گے۔ عاملین و کاملین فرماتے ہیں یہ اسم برجِ جوزا سے منسوب ہے۔ اس اسم کی برکت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردے زندہ کرتے تھے۔

ہدیہ 1500 روپے

صدقات کھچڑی مونگ کپڑا سبز، روغن زرد، گل کنیر زرد وغیرہ۔ **اوقاتِ صدقہ اور لوح پہننے کا وقت** بدھ کو دو گھنٹہ بعد طلوع آفتاب

خواصِ لوحِ جوزا

وہ تمام افراد جن کا منسوبی برج جوزا ہے اُن کیلئے یہ لوح تمام اُمور میں کامیابی کی ضمانت دیتی ہے۔ حامل لوح آنتوں، پیٹ، اعصابی امراض اور خاص طور پر پھیپھڑوں کے امراض سے محفوظ رہتا ہے۔ ذہنی و نفسیاتی مسائل سے تحفظ اور مادی معاملات حل ہونے اور رُوحانی ترقی کیلئے لوح جوزا خوب کام کرتی ہے۔ حامل لوح کے اندر وجدانی کیفیات پیدا کرتی ہے۔ تحریر و تقریر میں نکھار اور کامیابی لاتی ہے۔ دماغی صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہے۔ اس لوح کی برکت سے درس و تدریس کے کاموں میں ترقی کے اسباب پیدا ہونے لگتے ہیں۔ لوح جوزا احساس کمتری کو ختم کر کے اظہارِ خیال کی قوت کو پروان چڑھاتی ہے۔ حامل لوح میں ملنساری اور مطابقت پذیری کی صلاحیتوں میں اضافہ ہونے لگتا ہے۔ یہ لوح امتحان میں کامیابی، محبت سرفرازی، حصول ویزا ایمگریشن میں کامیابی اور ماڈلنگ میں شہرت کا سبب بنتی ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ یہ لوح بدھ کے روز ساعت عطارد میں تیار کی جاتی ہے۔ جبکہ شمس برج جوزا میں ہو۔

لوحِ برج ثور حاکم سیارہ زہرہ

یہ لوح ان تمام افراد کیلئے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 21 اپریل تا 21 مئی ہے۔ یا جن افراد کا نام ان حروف (ب، و) سے شروع ہوتا ہے۔

منسوبی اسماء (یاکافی یاغنی) جو روزانہ ورد کئے جائیں گے۔

صدقات جو، سفید مولی، چاول سفید کپڑا، روغن زرد، کافور، اور سفید چیزیں۔

اوقاتِ صدقہ اور لوح پہننے کا وقت جمعہ کو طلوع آفتاب کے وقت۔

خواص لوح ثور یہ لوح ہر دل عزیزی لاتی ہے۔ ازدواجی زندگی بھرپور اور خوشگوار ہونے لگتی ہے۔ حامل لوح کے دِل میں نئی امنگیں پیدا ہونے لگتی ہیں۔ حامل لوح کی شخصیت میں خود اعتمادی، مستقل مزاجی پیدا ہونے لگتی ہے۔ ان شاء اللہ

اگر لوح کو اپنے پاس رکھیں۔ تو حاسدوں کی زبان بندی ہوگی۔ وہ لوگ جو اپنے اندر کسی قسم کی کمی محسوس کریں مثلاً قوت میں یا دماغی طور پر یا فہمی طور پر یا کسی خاص صفت کی کمی ہو، مثلاً ان میں کمانے کی قوت کی کمی ہو، یا قسمت نہ کھلتی ہو یا لوگوں میں عزت نہ ہوتی ہو تو ان کیلئے یہ لوح بڑی مفید اور موثر ہے۔

ہدیہ: 1500 روپے

لوحِ برج حمل حاکم سیارہ مریخ

یہ لوح ان تمام افراد کیلئے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 22 مارچ تا 20 اپریل ہے۔ یا جن افراد کا نام ان حروف (ا، ل، ع، ی) سے شروع ہوتا ہے۔

منسوبی اسماء (یامالک یاقدوس) جو روزانہ ورد کئے جائیں گے۔

صدقات چقندر، گاجر، دال مسور، گندم، قند سیاہ، سرخ کپڑا، سرخ پھول وغیرہ۔

اوقاتِ صدقہ اور پہننے کا وقت منگل کو ایک گھنٹہ بعد طلوع آفتاب۔

خواص لوح حمل برج حمل کی لوح کا حامل فرد دشمنان کی ظاہری و باطنی ریشہ دوانیوں سے محفوظ رہتا ہے۔ اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہونے لگتا ہے۔ مقدمات میں فتحیابی اور سحر، جادو، ٹونہ اور آسیب سے محفوظ رہتا ہے۔ اس کا مقابلہ کرنے والا ذلیل و خوار ہوتا ہے۔ اور کبھی غلبہ نہیں پاتا کیونکہ یہ لوح قوت و شجاعت کیلئے موثر ہے۔ ان تمام مقاصد کیلئے لوحِ حمل نہایت قوی الاثر ہے۔ تمام امیدیں جو اعلیٰ طبقہ سے وابستہ ہوں، پوری ہوتی ہیں۔ تسخیر افسران و امراء اور وزراء کیلئے بھی سریع التاثیر ہے۔ اس لوح کی روحانیت کاروبار اور ملازمت میں ترقی دلاتی ہے۔ دبی ہوئی خواہشات کی تکمیل کیلئے یہ لوح معاون ثابت ہوتی ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ہدیہ: 1500 روپے

نقش حروف تسخیر

تحریر: شہزادہ منظور علی سموں

زہرہ مشتری تسدیس کے خاص وقت کا خاص عمل

تسخیر خلق، تسخیر محبوب، عزت، شہرت، دولت

تسدیس کی نظر میں اس وقت کی قوت کو کہا جاتا ہے، جب سیاروں کے جھرمٹ میں سے کوئی بھی دو سیارے ایک دوسرے سے 5 یا 9 گھروں کے فاصلے پر ایک جیسے درجات پر ہوں۔ اس وقت میں یہ سیارے جو روشنیاں زمین پر اتارتے ہیں، ان میں قربت کی خوشبو اور نزدیکی رشتہ موجود ہوتا ہے۔ جس میں خاص قسم کی تاثیر ہوتی ہے۔ اس لیے نیک وقت میں مخصوص لمحوں میں کسی دعا، تعویذ، نقش، الواح کی تاثیر حاصل کرنا انتہائی دانشمندی ہے۔ نظر تسدیس انتہائی سعد ہوتی ہے۔

منسوباتِ زہرہ

پیار، محبت، شادی، نکاح، تسخیر خلائق، عزت، شہرت، خوبصورتی وغیرہ

منسوباتِ مشتری

مال و دولت، مذہبی امور، قانون، تعلیم، عبادت، روپیہ کی لین دین وغیرہ

اوقات زہرہ و مشتری تسدیس

ابتداء: 28 جون، 11 بج کر 03 منٹ صبح

مکمل: 29 جون، 8 بج کر 51 منٹ صبح

خاتمہ: 30 جون، 6 بج کر 35 منٹ صبح

علماء الحروف کے نزدیک حروفِ تسخیر کا نام زیادہ ہی روشن ہے۔ یہ حروف اپنے اندر مقناطیسی کشش اور تعجب انگیز اثرات رکھتے ہیں۔ 17 منٹ یا 17 گھنٹے میں اثرات ظاہر ہوجاتے ہیں۔

حروف تسخیر کی تعداد 17 ہے۔ وہ حروف یہ ہیں:

ا د ح ک م س ف ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ

ان کے اعداد قمری 5713 بنتے ہیں۔

حروفِ تسخیر

یہ حروف اپنے اندر تسخیر خلائق، عزت، شہرت، محبت، ترقی، دولت، نکاح، شادی، حاضری محبوب، چہرہ میں مقناطیسی کشش وخوبصورتی میں اضافہ، تسخیر موکلات وہمزاد وجنات، حاضرات، تسخیر اعداء ووزراء کے علاوہ بہت سارے دیگر مقاصد کے سلسلے میں زود اثر ہیں۔

راز

☆ حروفِ تسخیر میں رک رفد کے حروف جو کہ ایک دوسرے کے عاشق ومعشوق ہیں، شامل ہیں۔ رک رفد اعداد متحابہ کے نام سے مشہور ہیں۔ بڑی مقناطیسیت کشش رکھتے ہیں۔

☆ حروفِ تسخیر کے اعداد 5713 ہیں۔ ان کو جمع کریں تو 25=5+7+13 بنتے ہیں اور نقش مخمس کے بھی 25 خانے بنتے ہیں۔ نقش مخمس بھی پیار، محبت، حاضری، تسخیر سے اور سیارہ زہرہ سے منسوب ہے۔ زہرہ کی مختصر منسوبات اوپر لکھ چکا ہوں۔

☆ نقش مخمس میں جو چار حروف ہیں یعنی م خ م س۔ یہ چاروں حروف حروفِ تسخیر میں سے ہیں۔

☆ حروف زوج جو کے تعداد میں 12 ہیں، ان میں سے ب + د کو خارج کرنے کے بعد باقی جو 10 حروف بچتے ہیں، وہ حروف تسخیر میں سے ہیں۔ حروف زوج بھی پیار، محبت، تسخیر کے سلسلے میں زبردست مقناطیسیت رکھتے ہیں۔ (بقیہ: ص 39)

زبان بندی اور دشمنوں میں جدائی کے دو خاص اعمال

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دار العمل چشتیہ)

عاملین کے لیے جون 2022 کے قمر در عقرب میں کرنے کا خاص عمل

قمر در عقرب کا آغاز 11 جون بروز ہفتہ 01:40 بجے دوپہر کو ہوگا اور اختتام 13 جون کو بروز پیر 03:31 بجے دوپہر کو ہوگا۔ قمر در عقرب کا وقت منفی اعمال کے لیے بہت مناسب وقت ہے۔

اس ماہ دو اعمال کا انتخاب کیا گیا ہے۔ پہلا زبان بندی کا ہے۔ دوسرا دشمنوں میں پھوٹ اور جدائی ڈالنے کا ہے۔ یہ دونوں اعمال استاد العاملین استادِ محترم حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب دامت برکاتہم کے ہیں۔

زبان بندی کے لئے

دشمن کی اور کسی بدزبان کی زبان بند کرنے کے لیے 40 بنولے لے کر ان پر 3 مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کریں اور جس کی زبان بند کرنی ہو، اس کا اور اس کی ماں کا نام لے کر ان بنولوں پر دم کر دیں اور دشمن اور بدزبان کے گھر میں دبا دیں۔ اگر دباتے وقت کوئی نہ دیکھے تو اچھا ہے۔ ان شاء اللہ ایسی زبان بند ہوگی کہ لوگ حیرت کریں گے۔ قمر در عقرب کے وقت میں زحل یا مریخ کی ساعت میں عمل تیار کریں اور کوشش کریں کہ قمر در عقرب کا وقت ختم ہونے سے قبل ہی گھر میں دبا دیں۔

دشمنوں میں پھوٹ اور جدائی کا عمل

اگر کسی کے دشمن باہمی مشورے سے اس کو جانی اور مالی نقصان پہنچانے کے درپے رہتے ہوں اور ہر آن ان سے خطرہ ہو اور یہ یقین ہو کہ اگر ان کے درمیان پھوٹ پڑ جائے تو پھر وہ دشمنی کرنے سے باز آ جائیں گے تو اس کے لئے یہ عمل کریں۔ باوضو ہو کر قبلہ رُو بیٹھیں اور سات سات (7-7) مرتبہ یہ پڑھیں اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاهِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَاءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اور اس کے درمیان 41 مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں۔ پھر سورۂ یٰسین کی تلاوت شروع کریں، جب پہلے مبین پر پہنچیں تو کہیں بحق سورۂ یٰسین اور آیت فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ پھر اپنی ہتھیلی کو زمین پر مارتے ہوئے دشمنوں کا اور ان کی ماؤں کا نام لیں اور 3 بار کہیں آمین، آمین، آمین۔ اس کے بعد پھر شروع سے سورۂ یٰسین پڑھیں اور جب دوسرے مبین پر پہنچیں، پھر مذکورہ عمل کو دہرائیں۔ اسی طرح ہر مبین پر اس عمل کو دوہراتے رہیں اور شروع سے یٰسین پڑھتے رہیں۔ آخری بار سورۂ یٰسین آخیر تک پڑھیں۔ آخیر میں پھر وہی درود پڑھیں جو اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ ختم عمل پر دشمنوں کے درمیان جدائی کی دعا کریں۔ اس عمل کو لگاتار سات (7) روز تک کریں۔ ان شاء اللہ دشمنوں میں پھوٹ پڑ جائے گی۔

اس عمل کا آغاز قمر در عقرب کے وقت میں زحل یا مریخ کی ساعت میں کریں اور اگلے چھ دن بھی زحل یا مریخ کی ساعت میں پڑھیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ جس وقت آپ نے عمل شروع کیا ہے، اگلے روز اس وقت یا اس کے فوری بعد جو بھی مریخ یا زحل کی ساعت آئے، آپ نے عمل پڑھنا ہے۔ اسی طرح کل سات (7) یوم کرنا ہے۔

نوٹ: قمر در عقرب ہر ماہ لگتا ہے۔ اس لیے اگر کام میں کوئی کمی رہ جائے تو اگلے قمر در عقرب میں دوبارہ عمل تیار کر لیا جائے۔ ان شاء اللہ، تین (3) بار سے زیادہ کی نوبت نہ آئے گی۔

عمل کون لوگ کریں؟

اس عمل کو صرف سورۂ یٰسٓ کے عامل کریں۔ اگر غیر عامل کرنا چاہے تو قمر در عقرب کے وقت دو رکعت نماز پڑھے۔ پھر اول و آخر گیارہ (11) بار درود شریف کے ساتھ سات (7) بار سورۂ یٰسٓ پڑھیں اور اس کا ثواب سات (7) سلاطین کو ھدیہ کریں۔ اب آپ یہ دونوں اعمال کر سکتے ہیں۔

لوحِ کشف غیبی الہامات کی خاص لوح

تسدیس عطارد و مشتری کے وقت کا خاص عمل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دار العمل چشتیہ)

کافی عرصہ سے قارئین اور طالبینِ روحانی علوم کی فرمائش تھی کہ کشف کے حصول پر کوئی خاص تعویذ دیا جائے۔ تسدیس عطارد و مشتری اس کام کے لیے ایک مناسب وقت ہے۔ ان سب کے لیے ''لوحِ کشف'' کو تیار کرنے کا طریقہ لکھا جا رہا ہے۔ اس لوح کے چند روز استعمال سے کشف اور غیبی الہامات کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

عاملین حضرات ''لوحِ کشف'' اپنے لیے تیار کریں اور فائدہ اٹھائیں۔ جو طریقہ کار لکھا گیا ہے، اس میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے۔ ان شاء اللہ، مطلوبہ فائدہ حاصل ہوگا۔ اگر کسی اور کو تیار کر کے دینی ہے تو بھی دے سکتے ہیں۔ لوح بناتے وقت عطارد و مشتری کے بخورات کا لازمی استعمال کریں ورنہ خاطر خواہ فائدہ نہ ہوگا۔ عاملین کو پتہ ہوتا ہے کہ کون سے بخورات استعمال کیے جاتے ہیں۔

لوح تیار کرنے کا خاص وقت

تسدیس عطارد و مشتری کے وقت کی ابتداء **19** جون بروز اتوار دوپہر **1** بج کر **09** منٹ پر ہوگی اور اختتام **21** جون بروز منگل دوپہر **11** بجے تک ہوگا۔ اس دوران عطارد یا مشتری کی ساعت میں لوح تیار کی جائے۔ لوح بنانے کے پورے آداب، لوازمات، احتیاط کو مدنظر رکھتے ہوئے لوح بنائی جائے۔ متعلقہ ستاروں کے بخورات کا لازمی استعمال کیا جائے۔

''لوحِ کشف'' تیار کرنے کا طریقہ

لوح تیار کرنے کے لیے سائل کے نام مع والدہ کے اعداد لیں اور لوح میں جہاں نام لکھا گیا ہے، وہاں لکھے جائیں۔ اس مثال میں سائل کا نام علی اور اس کی والدہ کا نام آمنہ لیا گیا ہے۔ باقی کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ لوح تیار کر کے لوح کا وظیفہ درج کردہ تعداد میں پڑھ کر دم کریں۔ لوح کو مشک و زعفران کی سیاہی سے بنایا جائے۔ جو مشک نہ لے سکتے ہوں، وہ زعفرانی سیاہی سے تیار کریں۔ آخر میں لوح کے دونوں طرف بخورات کی دھونی دے کر موم جامہ کر لیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

علام	الغیوب	کشف	علی بن آمنہ
۴۰۱	۲۰۵	۱۴۲	۱۰۴۸
۲۰۴	۳۹۸	۱۰۵۱	۱۴۳
۱۰۵۰	۱۴۴	۲۰۳	۳۹۹

یا اللہ! اپنے خاص فضل و کرم اور اس لوح کی برکت سے فلاں بن فلاں کو کشف اور غیبی الہامات کی نعمت سے نواز دیں! آمین

''لوحِ کشف'' کا خاص وظیفہ

بیس (**21**) دن تک روزانہ وقت مقررہ پر ''یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ'' کو سترہ سو چھیانوے (**1796**) بار پڑھ کر لوح پر دم کریں۔ اوّل و آخر سترہ (**17**) بار درود شریف۔ اس وظیفے کے دوران ترکِ حیوانات کرنے والے بہت جلد کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ جو ترکِ حیوانات نہ کر سکیں، وہ ترکِ گوشت ہمہ قسم کے ساتھ اس عمل کو کریں۔

جس وقت لوح کو تیار کریں، وہ پہلا دن ہوگا۔ مزید انیس (**19**) دن

وظیفہ کرنا ہے۔ لوح بنانے کے بعد جس وقت وظیفہ پڑھا جائے گا، اسی وقت کی باقی انیس (19) دن پابندی کرنا ہوگی۔

"لوح کشف" بنانے کی اجازت

یہ لوح بنانے کی اجازت دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ کے تمام طالب علموں، خزینہ روحانیات کے تمام ممبر اور ان تمام عاملین کو ہے جو لوح بنانے کے اصولوں سے واقف ہیں۔ جو لوگ ادارہ سے بنوانا چاہیں تو ادارے کے اس نمبر پر رابطہ فرمائیں 0334-4312272۔

"لوح کشف" کون کون بنوا سکتا ہے؟

* تمام ایسے افراد، جو چاہتے ہیں کہ ان کو کشف کی قوت حاصل ہو۔

* عاملین جو چاہتے ہیں کہ مریضوں کے بارے میں روحانی رہنمائی حاصل ہو۔

* عاملین جو چاہتے ہوں کہ جنات اور غیبی مخلوق سے باطنی طور پر بات چیت کا سلسلہ شروع ہو۔

* مشائخ جو چاہتے ہیں کہ مرید کے بغیر بتائے اس کے حالات کی اطلاع ہو تا کہ وہ مرید کی اصلاح کر سکیں۔

* تمام ایسے افراد جو کسی بھی قسم کی تفتیش کرتے ہوں۔

نوٹ: ذاکرین اور مراقبہ کرنے والے افراد کا کشف بہت جلدی کھلتا ہے۔

"لوح کشف" سے کن کو فائدہ نہ ہوگا؟

کشف کی قوت میں روح کی پاکیزگی کو کافی دخل ہوتا ہے۔ لوگ جنات وشیاطین کے بتانے میں اور کشف میں فرق نہیں کرتے۔ یاد رکھیں کہ کشف کا تعلق اللہ جل جلالہ سے ہے، نہ کہ جنات وشیاطین سے۔ جب کشف کی صلاحیت ملنا شروع ہوتی ہے تو باطنی احساسات بھی جاگنا شروع ہو جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے عامل کی غیبی مخلوق سے بات چیت ممکن ہو جاتی ہے۔

ایسے تمام افراد جو گناہوں کی زندگیاں جی رہے ہیں۔ اللہ جل جلالہ کی مخالفت میں دانستہ یا نادانستہ مبتلا ہیں۔ حرام آمدنی استعمال کرتے ہیں۔ ذکر اور مراقبے سے دور دور تک کا تعلق نہیں۔ جادو یا جنات کے متاثرہ مریض۔ ذہنی طور پر کمزور لوگ۔ سفلی عاملین وغیرہ...... اس لوح کو نہ بنوائیں۔ ان کو فائدہ نہ ہوگا یا بہت کم ہوگا۔

بقیہ (36): نقش حروف تسخیر

☆ اگر حروفِ تسخیر کے اعداد کو الگ الگ کر کے جمع کریں تو 16 بنتے ہیں۔ یعنی کہ 5713 3 + 1 + 7 + 5 = 16 بنے۔ نقش مربع میں بھی 16 خانے ہوتے ہیں۔ حروفِ تسخیر کو مربع میں پُر کرنا بھی انتہائی سعد ہے۔

حروفِ تسخیر خود ہی بڑی طاقت رکھتے ہیں اور مزید ان میں دیگر اقسام کے حروف کی شمولیت نے زیادہ ہی تقویت دے دی ہے۔

نقش حروف تسخیر یہ ہے

۷۸۶

۱۱۴۵	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۵۴	۱۱۴۷
۱۱۴۶	۱۱۴۴	۱۱۳۶	۱۱۳۴	۱۱۵۳
۱۱۵۲	۱۱۵۰	۱۱۴۳	۱۱۳۵	۱۱۳۳
۱۱۳۲	۱۱۵۱	۱۱۴۹	۱۱۴۲	۱۱۳۹
۱۱۳۸	۱۱۳۱	۱۱۵۵	۱۱۴۸	۱۱۴۱

چال

۱۵	۸	۱	۲۴	۱۷
۱۶	۱۴	۷	۵	۲۳
۲۲	۲۰	۱۳	۶	۴
۳	۲۱	۱۹	۱۲	۱۰
۹	۲	۲۵	۱۸	۱۱

بکرے کا صدقہ

بکرے کا صدقہ کرنا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔عوام کے ساتھ ساتھ عاملین کے لیے بھی بکرے کا صدقہ کرنا بہت فائدہ مند ہے۔آج کے مہنگائی والے دور میں بکرے کا صدقہ کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔اور ہر ماہ باقاعدگی سے کرنا کا تو بہت سے لوگ سوچ بھی نہیں سکتے۔اس صورتحال کو دیکھتے ہوئے دارالعمل چشتیہ کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ بکرے کا صدقہ ایسے طریقے پر کیا جائے جس میں عوام اور عاملین آسانی کے ساتھ شامل ہو سکیں اور کم سے کم خرچ میں فائدہ اٹھا سکیں۔ایک فرد کے لیے یا ایک حاجت کے لیے مکمل بکرے کا صدقہ کرنے کا جو فائدہ ہوتا ہے، اتنا فائدہ ایک بکرے میں زیادہ حصہ دار کرنے سے نہیں ہوتا۔لیکن کچھ نہ ہونے سے کچھ ہونا بہتر ہے۔ نیز، ہمارے ہاں جو بکرے کا صدقہ کیا جاتا ہے، اس پر عاملین اپنے خاص اعمال پڑھ کر دم بھی کرتے ہیں۔ یہ خاص عملیاتی صدقہ ہوتا ہے۔ اس لیے اس کا کم فائدہ بھی عام بکرے کے صدقے کے مقابلے میں بہت ہوتا ہے۔

محرم کے آخری منگل کو پابندی سے کئی سال سے بکرے کا صدقہ ادارے میں کیا جاتا ہے۔اس صدقے میں صرف ادارے کے اراکین ہی شامل ہوتے تھے۔اس سال سے یہ سہولت عوام اور دیگر عاملین کے لیے بھی میسر ہوگی۔محرم کے علاوہ سال کے دیگر مہینوں میں بھی آخری منگل کو بکرے کا صدقہ کیا جائے گا، جس کی اطلاع ماہنامہ خزینۂ روحانیات میں دے دی جائے گی۔

سائلین اور مریضوں کے لیے چند فوائد

درج ذیل میں چند ایسی صورتیں لکھی جاتی ہیں جن میں بکرے کا صدقہ کرنا بہت مفید مانا گیا ہے۔

** مصیبتیں اور پریشانیاں...... جن سے نجات نہ مل رہی ہو۔

** مشکلیں...... جن کا کوئی حل نہ نکل رہا ہو۔

** حاجت...... جو کسی طرح پوری نہ ہو رہی ہو اور طرح طرح کی رکاوٹیں پیش آ رہی ہوں۔

** سخت جادو...... جس سے باوجود بہت علاج کروانے کے نجات نہ مل رہی ہو اور بار بار اثرات آ رہے ہوں یا روحانی علاج میں رکاوٹ آ رہی ہو۔

** جنات اور شیاطین...... کسی طرح نجات نہ مل رہی ہو۔

** رشتے اور شادی کے معاملات...... مسلسل رکاوٹیں آ رہی ہوں۔

** بیماریاں...... بہت علاج کے باوجود شفایابی نہ مل رہی ہو۔

** معاشی معاملات...... روزگار نہ ملنا، کاروبار نہ چلنا یا بندش کا شکار، ملازمت میں پریشانی یا خطرے میں پڑ جانا۔

** ازدواجی و سسرالی مسائل...... طلاق تک نوبت، شوہر کا بہت مار پیٹ کرنا، غیر عورتوں سے ناجائز تعلقات، سسرالیوں کا ناجائز تنگ کرنا۔

عاملین کے لیے فائدے

جو عامل جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کا علاج کرتے ہیں، وہ ایک طرح سے حالتِ جنگ میں ہوتے ہیں۔ دشمن جادوگروں اور جنات و شیاطین سے ہر وقت حملہ کا ڈر رہتا ہے۔ حصارات کی پابندی جتنی بھی کی جائے، بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔ اگر نہ بھی ہو اور عامل پابندی کرتا ہو تب بھی اس کے گھر والوں کی پابندی نہ کرنے سے اثرات اہل و عیال پر آ ہی جاتے ہیں۔ کمزور حفاظت والے عاملین اکثر رجعت اور بندشوں کا شکار رہتے ہیں۔ کبھی عمل چلنا بند ہو جاتے ہیں، کبھی خود بیمار، کبھی بیوی بچے بیمار، کبھی روزگار کی بندش اور آمدن بالکل نہ ہونے کی شکایت۔ اسی طرح کے مسائل کا شکار عاملین بھی بکرے کے صدقے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور باقاعدہ سے ہر ماہ آخری منگل کو صدقہ ادا کر کے روحانی اثرات سے پیدا ہونے والی بندشوں، رکاوٹوں، مصیبتوں، پریشانیوں اور بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں اور اگر خدانخواستہ مبتلا ہو گئے تو ان شاء اللہ، بہت جلد نجات کی صورت نکل آئے گی۔

بکرے کے صدقہ میں شامل ہونے کا طریقہ

یہ صدقہ اسلامی ماہ کے آخری منگل کو کیا جائے گا۔ جو احباب شامل ہونا چاہیں، وہ **3000** روپے ہر اسلامی ماہ کی بیس تاریخ تک ادارے میں جمع کروا دیں۔ سائل کا نام مع والدہ، شہر اور مقصد/ حاجت واضح بتائیں۔ عاملین کے لیے صرف اپنا نام و شہر اور یہ نیت کہ ہر طرح کے جادو و جنات کے علاج کرنے کے مضر اثرات سے اپنی و اہل و عیال کی حفاظت و نجات کی نیت کافی ہے۔ اگر کوئی اور خاص مقصد ہو تو وضاحت کی جائے۔

نوٹ ادارے کو اختیار ہے کہ کسی ماہ صدقہ کا عمل بغیر وجوہات بتائے منسوخ کر دے۔ جو رقم لی جائے گی، وہ ادارے کے پاس امانت ہوگی۔ چاہے سائل واپس لے، چاہے اگلے بار کے صدقے کے لیے متعین کر دے۔

ہمزاد، مؤکلات، جنّات کو تابع کرنا

ملازم حسین (اسلام آباد)

شائقین ہمزاد و مؤکلات تابع کرنے والوں کیلئے ان بنیادی باتوں کی مفصل تشریح لکھی جاری ہے، جس کا جاننا نہایت ضروری ہے۔

اوّل و آخر درود شریف

اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ عمل کے شروع میں درود شریف پڑھنا ہے اور آخر میں بھی۔ ہر عمل کے ساتھ درود شریف کی تعداد لکھی ہوئی ہوتی ہے کہ اتنی مرتبہ پڑھنا ہے۔ بعض عملوں کے ساتھ لکھا ہوا ہوتا ہے کہ فلاں درود شریف پڑھیں۔ جس عمل میں یہ نہ لکھا ہو، آپ کوئی بھی درود شریف پڑھ سکتے ہیں۔

بسم اللہ

ہر عمل کے شروع میں صرف ایک مرتبہ ''بسم اللہ'' پڑھی جاتی ہے۔ ہر دفعہ بسم اللہ پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

ترک حیوانات

وہ چیزیں جو کہ حیوانات سے بنتی ہیں مثلاً گوشت، دودھ، انڈا، دہی وغیرہ...... ان سے دور رہنا۔ کئی عملوں میں ترکِ حیوانات کی شرط ہوتی ہے۔ جس عمل میں اس طرح کی شرط ہو، گوشت، دودھ، دہی، انڈے سے پرہیز کریں۔ اس کے علاوہ چمڑے کا جوتا استعمال نہ کریں۔ نہ ہی چمڑے کے برتن میں پانی پئیں۔ کسی جانور پر سواری نہ کریں۔ غرض اور بھی جو چیزیں حیوانات سے بنتی ہیں، ان کو قطعی ترک کردے۔

نوچندی جمعرات

اس میں اکثر لوگ غلطی کرتے ہیں۔ نیا چاند چڑھنے پر جو چاند کی تین تاریخ کے بعد جمعرات آئے گی، وہ نوچندی جمعرات ہوگی۔ مثلاً آج چاند کی دو یا تین تاریخ ہے اور جمعرات کا دن ہے تو یہ نوچندی جمعرات نہ ہوگی۔ بلکہ اس سے آگے آنے والی جمعرات، نوچندی جمعرات ہوگی۔

بعد از نمازِ عشاء

اکثر عملوں میں یہ لکھا ہوتا ہے کہ اس عمل کو بعد از نمازِ عشاء شروع کریں۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ جونہی عشاء کی نماز ختم ہو، آپ عمل شروع کریں بلکہ کوئی بھی وقت رات کا آپ مقررہ کر سکتے ہیں۔ بشرطیکہ یہ پابندی کسی عمل کے ساتھ نہ ہو کہ فلاں وقت پر یہ عمل شروع کرنا ہے۔

کمرہ

بعض عملوں میں یہ لکھا ہوا ہوتا ہے کہ کمرہ علیحدہ ہو۔ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ جس کمرے میں آپ نے چلہ کرنا ہے، اس کمرے میں دوسروں کے آنے جانے میں پابندی ہوتی ہے۔ یعنی چلہ کے آغاز سے لے کر تا اختتامِ چلہ، کسی بھی دوسرے شخص کا داخلہ منع ہوتا ہے۔

لباس

بعض عملوں میں لباس کی شرط ہوتی ہے کہ سرخ رنگ کا لباس پہنیں یا ان سلا لباس۔ جس عمل کے ساتھ لباس کی پابندی نہ ہو تو آپ کوئی بھی لباس پہن سکتے ہیں۔

لیکن اس میں یہ بات خاص کر یاد رکھیں کہ جو لباس چلّے کیلئے مخصوص کیا ہے، وہ صرف چلّہ کے دوران ہی پہنیں۔ اور چلّہ ختم ہونے کے بعد وہ لباس وہیں اتار دیں۔ باہر آنے جانے کیلئے اس لباس کو ہرگز استعمال نہ کریں۔

حصار

بعض عملوں کے ساتھ حصار لکھا ہوا ہوتا ہے کہ اس طرح کریں۔ جس عمل کے ساتھ حصار نہ لکھا ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاروں قل شریف اور آیت الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنی انگلی یا کسی چھری پر دم کر کے اپنے گرد گول حلقہ بنا لے اور جہاں پر حلقہ ملے، چھری اس جگہ پر گاڑھ دیں۔ اس میں اہم مسئلہ جو کہ لوگ پوچھتے ہیں، وہ یہ ہے کہ آج کل ہر مکان کا فرش پکا ہے، اس میں چھری کیسے گاڑھی جائے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ ضروری نہیں کہ چھری کو زمین میں گاڑھا جائے۔ صرف چھری سے یا انگلی سے گول

حلقہ بنالیں۔ بس یہ خیال رکھیں کہ حلقہ لگاتے وقت کہیں سے ٹوٹے نہیں۔

وقت اور جگہ کی پابندی

اس سے مراد یہ ہے کہ عمل کا جو وقت پہلے دن مقررہ کیا ہے، اس میں کمی بیشی نہ کریں۔ جگہ کی پابندی سے مراد یہ ہے کہ آپ جہاں پر عمل کر رہے ہیں، وہ جگہ تبدیل نہیں کر سکتے۔ خواہ کتنی ہی مجبوری کیوں نہ ہو۔

بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ جگہ کی تبدیلی کی صورت میں اگر جائے نماز، جس پر بیٹھ کر آپ عمل کر رہے ہیں، وہ ساتھ لے کر جائیں اور دوسری جگہ پر اس پر بیٹھ کر عمل پڑھا جائے تو کوئی حرج نہیں۔ یاد رہے کہ ہماری تحقیق کے مطابق یہ طریقہ درست نہیں ہے۔ جگہ کی تبدیلی کی صورت میں مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

شرائط

شرائط سے مراد یہ ہے کہ چلّے کے اختتام پر جو روحانیت حاضر ہوتی ہیں، ان سے شرائط طے کی جاتی ہیں۔ عموماً عملوں میں یہ بات لکھی ہوئی ہوتی ہے کہ ان سے شرائط سوچ سمجھ کر طے کریں۔ ان شرائط کی آپ حامی بھریں، جو آپ پوری کر سکتے ہیں۔ جو شرائط آپ پوری نہیں کر سکتے، ان سے اسی وقت انکار کر دیں۔ ورنہ ایک دفعہ شرائط طے ہونے کے بعد پھر ان میں تبدیلی ممکن نہیں ہوگی۔ اس لئے احتیاط سے کام لیں۔

نشانی

نشانی سے مراد یہ ہے کہ وہ چیزیں جو روحانیت چلّے کے اختتام پر خوش ہو کر دیتی ہیں۔ عملیات کی کتاب، انگوٹھی، کڑا، تسبیح وغیرہ۔ عامل کو چاہئے کہ وہ ان چیزوں کا ذکر کسی سے بھی ہرگز نہ کرے۔ ورنہ وہ چیزیں غائب ہو جائیں گی، جن کا دوبارہ ملنا مشکل ہی نہیں بلکہ محال ہوگا۔

ڈر خوف

دوران چلّہ عامل کو ڈرایا بھی جاتا ہے تاکہ عامل عمل کو چھوڑ دے۔ بھیانک اور خوفناک شکلیں حاضر ہو کر ڈراتی ہیں۔ بعض اوقات سانپ سامنے آجاتے ہیں اور پھن پھیلا کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ عامل کو اور بھی مختلف طریقوں سے خوفزدہ کیا جاتا ہے۔ مقصد صرف یہی ہوتا ہے کہ وہ ڈر کر عمل کو چھوڑ دے۔ یہ صرف نظری دھوکا ہوتا ہے۔ حقیقت سے اس چیز کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ انسان جو کہ اشرف المخلوقات ہے، اس کو کوئی چیز بھی نقصان نہیں دے سکتی۔ اس لئے دورانِ چلّہ ڈر خوف کو قریب نہ آنے دیں۔ جو کچھ ہوتا ہے، وہ حصار کے باہر ہی ہوتا ہے۔ حصار ایک قلعہ کی مانند ہوتا ہے۔ اس میں کوئی چیز بھی داخل نہیں ہو سکتی۔

دوران چلّہ حاضری

دورانِ چلّہ بعض اوقات کئی چیزیں بزرگوں کے روپ میں حاضر ہو جاتی ہیں یا اگر آپ ہمزاد کا چلّہ کر رہے ہیں تو ہمزاد کی شکل میں حاضر ہوتی ہیں۔ اگر آپ جنات کا چلّہ کر رہے ہیں تو جنات آکر حاضر ہو جاتے ہیں کہ ہم حاضر ہیں تاکہ آپ عمل پڑھنا بند کر دیں۔ عامل کو چاہئے کہ ان کے کسی دھوکے فریب میں ہرگز نہ آئے، جب تک چلّے کا اختتام نہ ہو۔ اگر دورانِ چلّہ کوئی بھی چیز حاضر ہو تو اس سے بات چیت مت کریں۔ نہ ہی اس کی کسی بات کا جواب دیں۔ نہ ہی اس سے کوئی چیز لیں۔ اگر عامل ان کے دھوکے میں آگیا اور چلّے کو چھوڑ دیا تو پھر جان کی خیر نہیں۔ اسی وقت رجعت میں گرفتار ہو جائے گا اور ساری زندگی کیلئے پچھتائے گا۔ ان کو تسخیر کرنے کی بجائے خود ہی ان کا غلام بن جائے گا۔ اور پھر کوئی علاج بھی کارگر نہ ہوگا۔ اس لیے نہایت ہی احتیاط سے کام لیں۔ دورانِ چلّہ اپنے ہوش وحواس کو قائم رکھیں تاکہ کسی بھی جگہ پر غلطی نہ ہونے پائے۔

رَجعت

چلّے کو درمیان میں سے کسی وجہ سے چھوڑ دینا یا ڈر کر بھاگ جانا یا بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ عامل جہاں پر چلّہ کر رہا ہوتا ہے، وہ جگہ یا گھر آسیبی ہوتا ہے۔ دورانِ چلّہ جنات عمل میں رکاوٹ ڈالتے ہیں۔ اس وجہ سے رجعت ہو جاتی ہے۔ بہتر ہوگا کہ چلّہ کسی عامل کامل کی زیر نگرانی کیا جائے تاکہ رجعت کا خوف نہ رہے۔ (رجعت کی بارے میں مکمل تشریح میں نے اپنی کتاب محفل حاضرات میں کی ہے، آپ اس کا مطالعہ کریں۔)

عاملین کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

بیرون ملک مقیم خاوند...... بیوی کے میسج اور کال کا جواب نہیں دیتا اور رابطہ بھی کم کرتا ہے

سوال السلام علیکم استاد جی! ایک خاتون ہیں۔ ان کے خاوند امریکہ میں رہتے ہیں۔ جب اس کا دل کرتا وہ اپنی بیوی سے بات کر لیتا ہے۔ اگر خاتون کال یا میسج کرے پھر بھی کوئی جواب نہیں دیتا۔ میں نے حب کی بتیاں جو چہل کاف میں ہیں، دیں۔ روز مقررہ وقت پر چنبیلی کے تیل میں جلانی کے لیے۔ طلسم کے نیچے پہلے اس شخص کا نام پھر علی حب اس خاتون کا نام لکھا۔ میں نے اکتالیس (41) بار پڑھ کر دم بھی کیا تھا۔ اور جمعے کی پہلی ساعات میں لکھی تھیں۔ ساتھ پڑھنے کے لیے "یَالَطِیفُ یَاوَدُودُ" دیا۔ لیکن ابھی تک کام نہیں ہوا۔ تین (3) ہفتے لگاتار استعمال کی ہیں۔ اکتالیس (41) بار پڑھ کر پیغام بھی دیا۔ پہلے سلام کیا پھر کہا کہ آپ تعاون کریں کہ فلاں بن فلاں، فلاں سے جلدی رابطہ کرے اور روزانہ رابطہ کرے۔

میں نے خاتون کو چہل کاف پڑھنے کے لیے اجازت بھی دلوائی ہے۔

اس سلسلے میں مزید راہنمائی چاہیے۔ (م، لاہور)

جواب وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ نے جس طرح اس کیس کے لیے تجاویز دیں، اس میں کافی زیادہ کمی نظر آ رہی ہے۔ جب تک صحیح لائحہ عمل طے نہ کیا جائے، اس وقت تک کامیابی کا ملنا ممکن نہیں ہوتا۔ جب انسان مقصد کے مطابق اعلیٰ اور صحیح تدبیر کرے اور پھر کام کا نتیجہ نہ نکلے تو پھر سوال کرنا چاہیے اور مزید اعمال کی طرف اور تدابیر کی طرف توجہ کرنی چاہیے۔

سب سے پہلے تو جو کمی مجھے نظر آئی، وہ عرض کرتا ہوں:

1. طالب اور مطلوب کی روحانی تشخیص کا آپ نے ذکر نہیں کیا جو کہ محبت کے لیے سب سے ضروری ہوتی ہے۔ تشخیص سے یہ تسلی ہو جاتی ہے کہ طالب و مطلوب پر کسی قسم کے بداثرات تو نہیں ہیں۔ اگر بداثرات موجود ہوں تو شروع میں ان اثرات کو دور کرنے کے لیے عمل کیا جاتا ہے کیونکہ معاملہ محبت کا ہے اور محبت کے کیس میں کسی قسم کے بداثرات، کامیابی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہوتے ہیں۔ لہٰذا، شروع میں ایک سے دو ہفتے صرف بداثرات دور کرنے کا علاج دینا چاہیے اور خود بھی ساتھ محنت کرنی چاہیے تا کہ کم از کم اتنے اثرات ختم ہو جائیں کہ محبت کا عمل اثر کرے۔ ایک یا دو ہفتہ بعد بداثرات کو ختم کرنے کے ساتھ محبت کا عمل بھی شروع کر دینا چاہیے۔
2. آپ نے حب کی بتیوں والا عمل کروایا۔ صحیح وقت پر بتیاں بنائیں، دم بھی کیا۔ مگر پڑھوانے میں یہاں غلطی کی۔ جب وہ چہل کاف کی اجازت یافتہ ہے تو پھر چہل کاف ہی پڑھوانا چاہیے تھا۔
3. عمل کے بعد جو تصور میں دم کیا جاتا ہے جس پر عمل کی کامیابی کا دارومدار ہوتا ہے، اس کا کوئی ذکر نہیں۔ یہاں چونکہ طالب خود کر رہی ہے، اس لیے تصور میں دم ہونا لازمی ہے۔
4. حب کے عمل جب کروائے جاتے ہیں تو طالب کو پابند کیا جاتا ہے کہ مطلوب سے رابطہ نہ کرے، جب تک عمل ختم نہ ہو۔ آپ کی تحریر میں ایسی کوئی بات نظر نہیں آ رہی بلکہ یہ لگ رہا ہے کہ طالب مطلوب سے مسلسل رابطہ کی کوشش کرتا رہا۔
5. جو عمل آپ نے دیا، وہ ایک ہفتہ پر مشتمل تھا۔ جب ایک ہفتہ ختم ہوا تو طالب کو مطلوب سے لازمی رابطہ کرنا چاہیے تھا تا کہ عمل کے نتیجہ کا پتہ لگ سکے۔ جب عمل شروع کیا تھا، اس وقت کے حالات اور عمل ختم ہونے کے بعد کے حالات کا موازنہ کرنا چاہیے۔ مگر ایسا بھی معلوم نہیں ہوتا کہ کیا گیا ہے۔ ایک ہفتہ کے بعد کی رپورٹ آپ کو ملتی۔ دوسرے ہفتہ کا عمل شروع ہو کر جب ختم ہوتا، پھر خاتون شوہر سے رابطہ کرتی اور آپ کو رپورٹ دیتی۔

اسی رپورٹ پر ہی تو اپنے جنات سے عامل نے کہنا ہوتا ہے۔ ایسا کچھ آپ کی تحریر میں نہیں ملا۔

6 آپ نے یہ بھی لکھا کہ اکتالیس (41) بار پڑھ کر پیغام بھی لگایا اور سلام کر کے مقصد عرض بھی کیا۔ کیا یہ صرف ایک ہی دن کیا؟ کام کرنے والی غیبی مخلوق کو اس کام کے عوض کیا دِیا گیا؟ کیا مخلوق سے پوچھا گیا یا اپنی مرضی کی گئی؟ ان سب باتوں کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ اگر جنات کو کام باقاعدہ سپرد کرنا تھا تو اس کے لوازمات بھی پورے کرنے چاہیے تھے۔

7 میرے مطابق تو آپ نے مقصد ہی بہت غلط بیان کیا۔ آدھا مقصد صحیح ہے کہ شوہر بیوی سے جلدی رابطہ کرے۔ اور آدھا بالکل ہی غلط کہ روز رابطہ کرے۔ کیوں بھائی؟ شوہر کا روز بیوی سے رابطہ کرنے کا کہاں لکھا ہوا ہے؟ کیا یہ کسی لحاظ سے بھی درست مطالبہ ہے؟ کہنا یہ چاہیے تھا کہ شوہر بیوی سے رابطے میں رہے اور بیوی کی کال یا میسج کا جواب بھی دے۔ یہاں بھی یہ دیکھنا ہوگا کہ بیوی ہر روز ہی کال یا میسج تو نہیں کرتی؟ کیا شوہر کے مزاج کا خیال رکھتی ہے؟

جب تک کیس کو صحیح طرح لینا نہیں آئے گا، نہ ہی درست لائحہ عمل مرتب ہو سکتا ہے اور نہ ہی درست علاج تجویز کیا جا سکتا ہے۔ اسی کو کیس ٹیکنگ (Case Taking) کہا جاتا ہے۔ اور اس کا روحانی معالجین اور عاملین میں شدید فقدان پایا جاتا ہے۔ بلکہ ان کو یہ طلب ہی نہیں ہوتی کہ ہمیں یہ بھی سیکھنا چاہیے جو کہ کیس کیسے لیا جاتا ہے، جب کہ یہ ایک کامیاب معالج کے لیے بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔

اب اس کیس کا لائحہ عمل تجویز کرتا ہوں، اس پر غور فرمائیں۔

1 شوہر کے دل میں بیوی کی محبت نہیں ہے۔ اس لیے محبت کا عمل کریں۔ شروع میں دور سے محبت کا عمل کیونکہ بیوی قریب نہیں۔ جب شوہر کے قریب ہو تو قریب والے اعمال دیں۔

تجویز: سات سلام چہل کاف میں حب کے سات فلیتوں کا عمل جو آپ نے دیا، اس میں "یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ" کی بجائے چہل کاف ہی پڑھوانا چاہیے تھا کیونکہ خاتون خود چہل کاف کی اجازت یافتہ ہے۔ دو یا تین ہفتہ لگاتار عمل کروائیں۔ جب چراغ ختم ہو تو مقصد کے مطابق تصور کروا کر دم کرنے کا کہیں۔ اگر تصور میں صحیح مقصد کا دم نہ کروایا تو پھر نتائج برآمد نہیں ہوں گے۔

2 چہل کاف کی کاپی کے صفحہ 27 پر حب کے عمل نمبر 2 میں تین (3) تعویذات کا ذکر ہے۔ ان کو بنا کر ان سب پر اکتالیس (41) یا ایک سو بار (100) چہل کاف پڑھ کر دم کریں۔ پھر اپنا مقصد عرض کریں اور ساتھ ہی کہیں کہ شیرینی خاتون دیں گی۔ خاتون کو آدھا کلو یا سوا کلو شیرینی تقسیم کرنے کا کہیں اور تعویذات دے دیں۔

جس تعداد کا آپ نے دم کیا ہے، خاتون کو روزانہ اتنی ہی تعداد میں روزانہ رات کو پڑھنے کا کہیں اور پڑھنے کے بعد تصور میں دم کرنے کا کہیں۔

نوٹ: پہلے عمل اور دوسرے عمل میں تصور میں مقصد فرق رکھیں۔ پہلے عمل میں مقصد یہ ہو کہ شوہر رابطہ کرے۔ دوسرے عمل میں مقصد یہ ہو کہ بیوی کے میسج اور کال سنے اور جواب دے۔

3 حاجت کا عمل: سات سلام چہل کاف کی کاپی کے صفحہ 11 پر جو وظیفہ دیا ہے، وہ بھی ساتھ ہی پڑھنے کو دیں۔

اگر ضرورت محسوس ہو تو کچھ محنت آپ بھی کریں۔ امید ہے کہ کافی حد تک سمجھ میں آ گیا ہوگا۔

اگر خاتون کے ساتھ آپ نے بھی محنت کی اور پھر بھی کام نہ ہوا تو سمجھ لیں کہ چہل کاف کے عمل سے یہ کام نہیں ہونا۔ یہی اللہ جل جلالہ کا فیصلہ ہے۔ کوئی دوسرا عمل یا روحانی علاج تجویز کریں۔

بقیہ (ص 59): طبِ نبویؐ میں مفردات سے علاج

بے حد اہمیت کے حامل ہیں۔ چنانچہ ان طبی تفصیلات کو دیکھ کر فن طب کے خواص اور حقیقت پسند شہسوار نبی امی ﷺ کے غلامی میں آنے کو بے چین ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح ہر درد کا درماں اور ہر مرض کی دوا محمد عربی ﷺ کے صندوق حکمت میں اس طرح سجی ہوئی ہے کہ اس کی افادیت کے پیش نظر محمد ﷺ کی غلامی کا قلادہ گردن میں ڈال لینا چاہیے۔

آیاتِ سحر کے عامل بنیں

ہر طرح کے جادو سے نجات کے لیے قرآنِ کریم کی خاص آیات جو قدیم زمانے سے عاملین اور کاملین جادو کے علاج میں استعمال کرتے آرہے ہیں۔

جادو کے علاج کرنے والے عاملین اور جادو کے ڈسے ہوئے مریضوں کے لیے ایک خاص روحانی تحفہ۔ اس عمل کو کرنے کے بعد عاملین ہر قسم کے جادو کا علاج بہت جلد کرسکیں گے۔ مریض بھی، بہت حد تک اپنا اور اپنے اہل و عیال کا علاج بغیر کسی رجعت کے کرسکے گا۔ اس عمل کے چھ (۶) چلّے کروائے جاتے ہیں۔ درج ہدیہ میں پہلے تین درجے کے چلّے کروائے جائیں گے۔ بڑے درجوں کی فیس الگ الگ ہے۔ چند فوائد درج ذیل ہیں:

ہدیہ 4100 روپے

✲ عام جادو کا علاج کریں	✲ شدید جادو کا علاج کریں	✲ چراغ کے عمل سے جادو کو جلا دیں
✲ گھر بیٹھے دنیا میں کسی بھی مریض کا علاج کریں	✲ بڑے سے بڑے جادوگر کی کاٹ کریں	✲ ھانڈی کے عمل سے شدید جادو کو ختم کریں
✲ خاص چھری والے عمل سے جادو کی کاٹ کریں	✲ اور بہت سے طریقے جو بتائے جائیں گے	✲ مکمل تفصیل ویب سائٹ پر دیکھیں

عمل کون کرے؟ جو عاملین چاہتے ہیں کہ جادو کے علاج میں بھرپور کامیابی ہو۔ جو مریض چاہتے ہیں کہ جادو سے مستقل جان چھوٹ جائے۔

اجازت کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ہدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ہدیہ ادا کرکے اجازت لے سکتا ہے۔

عمل دفع موذی امراض (سات یوم)

ہدیہ: 1600 روپے
شاگردوں کیلئے: 1100 روپے

ہر بیماری کا تیرہ (۱۳) یوم میں علاج کریں

صرف سات یوم میں اس عمل کے عامل بننے کے بعد مریضوں کو ہر قسم کے موذی امراض، سخت نفسیاتی امراض، فالج، لقوہ، کینسر، جسم کے مختلف حصوں کے امراض (دل، جگر، گردہ، معدہ وغیرہ) اور ہر قسم کے رنج و غم سے نجات دلوائیں، اپنی شہرت میں اضافہ کریں اور ثواب دارین بھی حاصل کریں۔ ہر عاقل بالغ مرد و عورت اس عمل کا عامل صرف سات یوم کی ریاضت کرکے بن سکتا ہے۔ اس عمل کا عامل بننے کے بعد قریب اور دور کے مریضوں کا روحانی علاج کیا جاسکتا ہے۔ فون پر بھی دم کیا جاسکتا ہے۔ یہ عمل ایسے مریضوں کے لیے بھی پیغامِ شفاء ہے جن کو ہر طبیب و ڈاکٹر نے جواب دے دیا ہو۔

نوٹ: اجازت کے ساتھ عمل کے مختلف طریقہ استعمال ساتھ دیے جائیں گے۔

دفع آسیب کا خاص عمل

ہدیہ: 1600 روپے

ایک ایسا عمل جو جنات و آسیب زدہ مریضوں کا علاج کرنے والے عاملین کے لیے بہت ضروری ہے۔ اس عمل کے چند فوائد:

- ✲ سخت سے سخت آسیب مریض کا جسم چھوڑ کر چلا جائے گا۔
- ✲ سخت سے سخت آسیب کا اثر مریض پر سے ختم ہو جائے گا۔
- ✲ سخت سے سخت آسیب گھر و دفتر سے نکل جائے گا۔
- ✲ سخت سے سخت آسیب بلڈنگ سے نکل جائے گا۔
- ✲ سخت سے سخت آسیب فیکٹری و گودام سے نکل جائے گا۔
- ✲ سخت سے سخت آسیب زمین، رقبہ، کھیت سے نکل جائے گا۔

درجہ اول ہدیہ:- 5500/ روپے

درجہ دوم ہدیہ:- 10500/ روپے

تعارف ھانڈی کا عمل روحانی علاج میں ایک خاص اہمیت کا حامل ہے۔ یہ عمل بڑے اعمال میں آتا ہے۔ جس طرح طبی علاج میں آپریشن بڑا علاج تصور کیا جاتا ہے۔ اسی طرح ہانڈی کے علاج کی حیثیت روحانی علاج میں آپریشن کی سی ہے۔ اس عمل سے ہر قسم کے جنات، جادو اور نظر بد کا علاج کیا جا سکتا ہے۔ ایسی تمام جگہیں جہاں پر جنات کا قبضہ ہو یا سخت جادو ہو، ھانڈی کا عمل کرانے سے وہ جگہیں صاف ہو جاتی ہیں۔ نیز مختلف قسم کے ایسے خطرناک امراض، جو ٹھیک ہونے کا نام نہ لے رہے ہوں اور ڈاکٹرز اور طبیبوں نے انہیں لاعلاج قرار دے دیا ہو، ان امراض کے علاج میں بھی ھانڈی کا عمل بہت مفید و مؤثر ثابت ہوا ہے۔ ھانڈی کے عمل میں مریض یا جگہ پر جو بھی بد اثرات یا مخلوق ہوتی ہے، اس کو جلا دیا جاتا ہے۔

ہمارے ادارے کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ ھانڈی کے عمل کے اجازت یافتہ کو جناتی معاونت دی جاتی ہے تاکہ وہ سخت جنات و جادو کا آسانی سے مقابلہ کر سکے۔

ھانڈی کے عمل کے فائدے ھانڈی کے عمل کے فائدے درج ذیل ہیں:

- بڑے سے بڑے جنات، آسیب، عفریت، شیاطین وغیرہ سے لڑنے اور ان کو جلانے کا خاص عمل۔
- ہر قسم کا جادو، چاہے وہ کتنا ہی خطرناک کیوں نہ ہو، اس کو ختم کرنے اور جادو کو جادوگر یا جادو کروانے والے پر واپس کرنے کا خاص عمل۔
- ہر قسم کی نظر بد (انسانی، جناتی، آسیبی، شیطانی) ختم کرنے کا عمل۔ دیرینہ امراض یا لاعلاج امراض سے شفاء حاصل کرنے کا خاص عمل۔

پہلے اور دوسرے درجے کی تفصیل **درجہ اول:** اس درجے کا اجازت یافتہ جادو، جنات، نظر بد، شیاطین، دیو، پری، بھوت، چڑیل اور اسی طرح کی دیگر نقصان دہ مخلوق کے اثرات کا علاج کر سکتا ہے۔ اسی طرح لاعلاج بیماریوں کا بھی علاج کر سکتا ہے۔ **درجہ دوم:** اس درجے کا اجازت یافتہ درجہ اول کے تمام اعمال کرنے کے ساتھ دو (۲) خاص الخاص اعمال، جو سخت سے سخت جادو، بڑے بڑے شیاطین، جنات اور جادوگروں کو سبق سکھانے اور ان کا خاتمہ کرنے کے لئے ہیں، ان کی تعداد چاہے جتنی بھی ہو، کر سکتا ہے۔ نیز محبت، مفرور کو واپس لانے اور رشتہ کے لئے راضی کروانے کا عمل بھی کر سکتا ہے۔

اجازت کے لیے اہلیت اس عمل کی اجازت صرف وہ عاملین لے سکتے ہیں، جنہوں نے کم از کم دو یا تین ایسے بڑے عمل کیے ہوں، جن کے ذریعے ہر قسم کے جادو اور جنات کا علاج کیا جا سکے۔ مثلاً ہماری درسگاہ کے دو بڑے اعمال (۱) سات سلام اور چہل کاف (۲) امنت باللہ...... کے عامل ھانڈی کے عمل کی اجازت لے سکتے ہیں۔ نیز عاملین کے حصار مضبوط ہوں۔ ورنہ رجعت کا خطرہ رہتا ہے۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔

اجازت لینے کے بعد غائبانہ طور پر بڑے جنات کی معاونت بوقت عمل حاصل ہوگی۔ ساتھ ہی ھانڈی کے عمل کو استعمال کرنے کی خاص بیاض بھی دی جاتی ہے جس میں بہت سے سوالات و جوابات بھی دیے گئے ہیں تاکہ عاملین بآسانی یہ عمل کر سکیں اور رجعت سے بھی بچ سکیں۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "**آگے سکھانے کی خاص اجازت**" حاصل کر کے سکھائیں۔ بغیر اجازت، کسی کو عمل سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

چور کا پتہ لگانے کے عملیات

حاجی محمد جان نیازی

❶ وضو کر کے اپنی دئیں ہتھیلی پر ذیل حروف لکھ اپنے اسی ہاتھ کو دائیں رخسار کے نیچے رکھا کر سو جائیں۔ ان شاء اللہ، چور کو دیکھ لے گا۔

ءا ح ح ح ۱۱۱ ۱۱ ح ۲۲۲۱۵۵ ۲ ۱۱۱ے۱۱۸ط ح اھ

❷ مشکوک افراد کے عدد کے برابر کاغذ کے ٹکڑوں کو لے کر ہر ٹکڑے پر ذیل اسماء لکھ کر اُن کو نگلنے کا حکم دے۔ چور نہیں نگل سکے گا۔

مہ مہ مہ مہ مہ مہ دع دم دہ

مہ مہ مہ مہ صلا مہ مہ حرف

❸ آیت ذیل روٹی پر لکھ کر مشکوک افراد کو کھلائیں، چور نہیں کھا سکے گا۔

يَتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ

❹ یہ عمل بھی اوپر والے کی طرح ہے۔

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا۔ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ اللهَ وَلَا يُرِيْدُوْنَ اِلَّا وَجْهَهٗ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

❺ مشکوک افراد کیلئے علیحدہ علیحدہ کاغذ پر ذیل آیات بمع نام سارق لکھیں اور آٹے کے غلولہ میں لپیٹ کر غلولہ پانی والے برتن میں ڈلیں۔ چور والا غلولہ بالکل نہیں ڈوبے گا۔ (ان شاء اللہ)

ابرق نور الله وذهبت الظلمة هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ۔

❻ چوکور لوہے کی کیل لے کر ایک طرف كٓهٰيٰعٓصٓ، دوسری طرف يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ، تیسری طرف صٓ وَالْقُرْاٰنِ اور چوتھی طرف قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ لکھیں۔ کیل زمین میں گاڑھ دیں۔ آیۃ الکرسی پڑھتے ہوئے مشکوک کو کیل کے گرد اگرد بٹھا کر باہر سے دائرہ کھینچیں۔ مشتبہ افراد اکڑوں بیٹھیں۔ بعدہٗ مشتبہ ہر آدمی باری باری کیل پر انگشت سے آٹھ ضرب لگائے۔ اس وقت عامل سورۂ ملک پڑھتا رہے۔ جب تمام افراد سے یہ عمل کرالیں تو ان سب کو کھڑا ہونے کیلئے کہیں۔ یقیناً چور کھڑا نہیں ہو سکے گا۔

❼ مشکوک افراد کے نام لکھیں اور ساتھ ہی ہر کاغذ پر بمع نام یہ آیت مبارک لکھ کر پانی ڈالیں۔ چور کے نام والی تیر جائے گی۔

اَلسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللهِ ؕ وَاللهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ (المآئدۃ:۳۸)

❽ چوکور کیل کی ایک جانب يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ، دوسری جانب وَالْقُرْاٰنِ، تیسری طرف قٓ وَالْقُرْاٰنِ اور چوتھی طرف حٰمٓ عٓسٓقٓ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ۔ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ لکھ کر کیل کو زمین میں گاڑ دیں۔ اور یہی کلمات جو کیل پر لکھے ہیں، ورد کریں۔ اور مشتبہ افراد کو کیل پر کھڑا کریں۔ چور کیل پر کھڑا نہیں ہو سکے گا۔

❾ مندرجہ ذیل درود شریف، زعفران سے لکھ کر کسی اونچی جگہ لمبے درخت کی کسی ٹہنی میں لٹکا دیں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ وَّاَلْفَ اَلْفَ ذَرَّةٍ۔

❿ مندرجہ ذیل حروف کو لکھ کر اپنے سرہانے رکھ کر سو جائے، ان شاء اللہ خواب میں چور نظر آئے گا۔

ھج ھہ ھا ھہ عد مہ

⓫ مندرجہ ذیل نقش لکھ کر سرہانے رکھے اور دو رکعت نماز پڑھ کر یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ سو (100) مرتبہ پڑھ کر سو جائے۔

۷۸٦

ط	حبیب	واحد	۱۹
ودود	حوا	ی	طیب
وھب	۱۷	۲۴	ھو
طیب	واجب	احد	حی

استخارہ کے خاص اعمال

صوفی ظفر محمد کھوکھر (جھنگ)

دوسرے ملک جاکر کام کریں یا نہ کریں

عبارت عمل اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ یَابَاطِنُ یَاخَبِیْرُ یَارَشِیْدُ یَاھَادِیْ فلاں ملک جائیں یا نہ جائیں۔

طریقہ عمل: ہر رات سونے سے پہلے دو نفل حاجت کی نیت سے ادا کریں۔ سورۂ فاتحہ کے بعد جو مرضی سورت پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد گیارہ سو (1100) بار اس عمل کو پڑھیں۔ پھر سینے پر پھونک ماریں۔ اس کے بعد تین (3) بار نماز والا درود شریف پڑھیں۔ پھر ہاتھ اٹھا کر دعا کریں۔ پھر تین (3) بار درود شریف پڑھیں۔ اپنی جگہ سو جایا کریں۔ یہ طریقہ اکیس (21) رات کریں۔ قلم کاغذ پاس رکھیں۔ جب کسی چیز کا پتہ چلے تو لکھ لیں ورنہ صبح بھول جانے کا خدشہ رہے گا۔ دو نفل پڑھ کر چارپائی پر جا کر بھی ورد کر سکتے ہیں۔ یہ عمل اس وقت کریں جب اپنے دوسرے اعمال مکمل کرلیں۔

استخارہ شادی یا کاروبار یا جگہ خریدنے میں فائدہ ہے یا نہیں

عبارت عمل رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ﴿۲۵﴾ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ ﴿۲۶﴾

(طٰہٰ: ۲۶-۲۵)

طریقہ عمل اس کلام پاک کی آیت پڑھنے کے لئے دو دن پہلے ہر قسم کا گوشت ترک کردیں اور ان دنوں میں ایک ہزار (1000) بار درود شریف رات کو ورد کریں۔ دوسری رات ایک ہزار (1000) بار اپنے گناہوں کی معافی یعنی ''اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ'' پڑھا جائے۔ پھر تیسری رات اس کلام کی آیت کو سوتے وقت گیارہ سو (1100) بار ورد کریں۔ اس کے بعد سو جائیں۔ رات جب جاگ آئے، اس وقت بات کر سکتے ہیں۔ اس طرح اکیس (21) رات کا چلہ کریں، اگر عمل کو عمل میں لانا ہو۔

اگر صرف مطلب کے لئے پڑھنا ہو تو سوائے شریعت کے پرہیز پر عمل جاری رکھیں۔ اول تو سات (7) رات ورنہ گیارہ (11) رات پڑھنے سے آپ کے سوال کے مطابق جواب خواب میں مل جائے گا لیکن اگر چلہ پورا کریں گے اور گوشت اور جھوٹ بولنے سے رک جائیں گے تو دوسروں کے کام کا جواب بھی معقول طریقہ پر بتا دیا کریں گے۔ صرف چلّہ کے بعد گیارہ (11) بار ورد کرتے رہیں۔ اس عمل سے بات کرنے میں سب سے آگے رہیں گے، لوگوں کے دل میں عزت ہوگی اور دماغ کی کمزوری دور ہوتی جائے گی اور زبان کی رکاوٹ بھی دور ہوگی۔ ثواب علیحدہ ہوگا۔

بقیہ (ص 54): مختلف جسمانی اعضاء وامراض پر سیاروں کی منسوبات

سیارے طاقت ور پوزیشن کے حامل ہوں اور انہی سیاروں کے ادوار ہو، تب لوح شفاء بنا کردی جائے۔ لوح شفاء دو طریقوں پر بنائی جاسکتی ہے خاص اور عام۔ خاص طریقے پر بنائی گئی لوح شفاء مریض کے زائچہ پر موقوف ہے۔ عام لوح شفاء بنانے کا طریقہ درج ذیل ہے۔ سب سے پہلے ایسا وقت تلاش کیا جائے جس میں سیارہ شمس، قمر، عطارد، مریخ طاقت ور پوزیشن میں اور سعد نظرات رکھتے ہوں۔ ایسا وقت میسر نہ ہو تو مرض کی علامت کو مدنظر رکھتے ہوئے مناسب وقت تلاش کریں مگر قمر کا طاقت ور ہونا شرط ہے۔ وقت میسر آنے کے بعد آیت پاک، سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ کا مثلث یا مربع تکسیری یا عددی نقش بنائیں اور نقش کے نیچے یہ عبارت اور طلسم درج کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

ططططط6666666666۹۹صم

نقش زعفران سے دو (2) عدد بنائیں۔ ایک گلے میں پہنادیں۔ ایک کو پانی میں حل کرکے پلائیں۔ امید ہے کہ یہ علمی مضمون آپ حضرات کو پسند آئے گا۔

بقیہ (ص 18): تسخیر سندونی

سفر کروا دیتی ہے اور فاصلہ جلد طے کرواتی ہے۔ شہری علاقوں میں پرواز ممکن نہیں ہے۔

5 لوگوں کے دلوں میں گزرنے والے سوالات اور خیالات کو بیان کرسکتی ہے اور ان کو معلوم کرنے کی خاصیت رکھتی ہے۔

6 مریض سحر اور آسیب زدہ کا علاج کرسکتی ہے۔

7 کالا جادو وغیرہ کے عامل کو زیر کرنے کی قدرت رکھتی ہے۔

8 عامل کی مکمل حفاظت کرنے کی قدرت رکھتی ہے اور اس کے عامل پر کوئی عمل جادو وغیرہ اثر نہیں کرتا۔

9 ایک ماہ آنے والے واقعات کی جھلک دکھا سکتی ہے اور عامل کو آنے والے واقعات اور حالات سے مطلع کرسکتی ہے۔

10 گزرے ہوئے واقعات کو احسن طریقے سے بیان کرسکتی ہے۔ بلکہ اس کے پاس ایک ایسا عمل ہے کہ آنے والے واقعات اور گزرے ہوئے واقعات عامل کو دکھا سکتی ہے۔

11 کسی قدیم کتاب کی نشان دہی کرسکتی ہے اور کتاب لا کر بھی دے سکتی ہے۔

12 سمندر کے اندر کے واقعات بیان نہیں کرسکتی۔ اور نہ سمندر کے اندر کی چیزیں لاسکتی ہے۔ البتہ صحرا میں دفن اور صحرائی خزائن کا بتا سکتی ہے۔ جنگل اور عمارات کے خزائن نہیں بتا سکتی۔

13 عامل جس لڑکی کی شکل میں چاہئے گا، اگر یہ چاہے تو اسی لڑکی کے روپ میں حاضر ہوجائے گی۔ یہ ہر روپ اختیار کرسکتی ہے۔

14 کسی شخص کے ذہن پر مسلط ہو کر عامل کا مطیع کرسکتی ہے اور اس پر اثر ڈال کر عامل کو فوائد حاصل کراتی ہے۔

بقیہ (ص 52): غموں اور مصیبتوں سے نجات پانے کا سریع التاثیر اعمال

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اور اکیسویں بار پوری آیت پڑھیں یہ ایک بار ہوا۔ اس طرح ایک سو ایک (101) بار پڑھیں، اول آخر درود شریف۔ ان شاء اللہ بڑی سے بڑی مشکل حل ہوگی۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو نہ صرف دعا مانگنے کا حکم دیا ہے بلکہ اس کے ساتھ جہد وسعی کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔ سو بہترین طریقہ یہی ہے کہ دعا و وظیفہ کے ساتھ ساتھ دنیاوی و ظاہری اسباب بھی اپنی حد وسعت کے ساتھ اختیار کیے جائیں۔ ان شاء اللہ آپ کے سبھی امور آسانی سے پایہ تکمیل کو پہنچیں گے۔

2 حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

اللہ ہمارے لیے کافی ہے اور اچھا کارساز ہے

پڑھنے کا طریقہ پاک صاف ستھرے مکان میں خوشبو سلگا کر باوضو پاک لباس پہن کر اس ورد کو تین ہزار (3000) بار بعد نماز فجر پڑھیں۔ نوچندی جمعہ کے روز شروع کریں اور چالیس (40) روز پڑھیں۔ اسرار ظاہر ہوں گے۔ فہم وادراک میں استعداد پیدا ہوگی۔ شدید ترین مہموں، دشواریوں، مشکلوں سے نجات ملے گی۔ دشمنوں کے حملوں اور بد ارادوں سے حیرت انگیز طور پر نجات اور کامیابی ہوگی۔ اس ورد کے عامل کے تمام کاموں کی اللہ آپ کارسازی فرماتا ہے اور پوری طرح مدد اور حفاظت کرتا ہے۔ چالیس (40) روز تک توجہ اور خلوص سے پڑھیں۔ چالیس (40) روز کے بعد چار سو پچاس (450) مرتبہ بعد نماز فجر اور عصر کے وقت پڑھ لیا کریں۔ اللہ کی تائید اور نصرت کے کرشمے دیکھیں گے۔

روحانی دکان کی اگربتیوں پر زبردست ڈسکاؤنٹ

1 روحانی اگربتی برائے دفع جنات، جادو و ہر قسم بد اثرات

جادو، جنات، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی و بے چینی، لڑائی جھگڑے، مسلسل ناکامیوں کے لئے بہت مفید روحانی اگربتی۔

قیمت: 150 روپے، رعائتی قیمت: 100 روپے

2 روحانی اگربتی برائے دفع جناتی اثرات

اس اگربتی پر روحانی علاج گاہ کے عاملین نے کئی ایسے کلاموں کے دم کیے ہیں، جو جنات کے بداثرات دور کرنے میں بے حد مفید ثابت ہوئے ہیں۔

قیمت: 150 روپے، رعائتی قیمت: 100 روپے

3 روحانی اگربتی برائے دفع جادو

جادو کے اثرات کی وجہ سے گھر میں ہونے والی بے اتفاقی، لڑائی جھگڑے، گھر کا بھاری پن، گھر میں رہنے والوں میں بے چینی کی کیفیت، معاملات میں رکاوٹیں اور اس طرح کی دیگر بہت سی علامات کیلئے اس اگربتی کا استعمال بہت مفید ہے۔

قیمت: 150 روپے، رعائتی قیمت: 100 روپے

4 روحانی اگربتی برائے نظر و حسد

نظر بد جیسے اہم اور خطرناک مرض کے لیے دار العمل چشتیہ کے عاملین کی ٹیم اور روحانی علاج گاہ کی خاص تیار کردہ اگربتی جو کہ انتہائی مفید ثابت ہوتی ہے۔

قیمت: 200 روپے، رعائتی قیمت: 130 روپے

روحانی اگربتی برائے دفع نحوست

ہر طرح کے نحس اثرات اور نحوست کے خاتمے کے لیے اس اگربتی کا استعمال مفید ہے۔

قیمت: 200 روپے، رعائتی قیمت: 130 روپے

6 روحانی اگربتی برائے حصول برکت

دکان، کاروبار، فیکٹری اور گھر میں حصول برکت کیلئے اور بے برکتی دور کرنے والی لاجواب اگربتی۔

قیمت: 200 روپے، رعائتی قیمت: 130 روپے

7 روحانی اگربتی برائے واپسی سحر

ماہر عاملین کے دم سے تیار شدہ خاص اگربتی جو جادو کروانے والے پر جادو کو واپس پلٹا دیتی ہے۔

قیمت: 250 روپے، رعائتی قیمت: 170 روپے

روحانی زعفرانی روشنائی برائے عاملین

اس روشنائی سے لکھا ہوا نقش فوری اثر کرے گا (ان شاء اللہ)

اجزا اس روحانی روشنائی میں خالص زعفران اور الکوحل سے پاک ایسے نباتاتی اجزا کو شامل کیا گیا ہے جو روحانی روشنائی کی لائف کو سالہا سال خراب ہونے سے بچائیں۔ زعفران کا کلر تبدیل نہ ہونے دیں، خوشبو کو ختم نہ ہونے دیں اور تاثیرات روحانی کا جلد اور کلی اظہار ہو۔

اس روحانی روشنائی کی تیاری دور جدید کے تقاضوں اور قدیم یونانی علماء کی تحقیقات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے خاص طریقہ کار سے کی گئی ہے۔ یہ سیاہی درج ذیل اقسام کی تیار کی گئی ہیں۔

1 زعفران 2 مشک و زعفران 3 عنبر و زعفران 4 مشک و عنبر و زعفران

روحانی سیاہی خوبصورت فینسی اور عام بوتلوں میں دستیاب ہے۔

اپنی مطلوبہ سیاہی تیار کرنے اور قیمت معلوم کرنے کیلئے رابطہ فرمائیں۔

یہ عملیاتی قواعد روحانیاتی قوانین کشش کے تحت خاص اوقات کو مدنظر رکھتے ہوئے تیاری کی گئی ہے۔ لکھائی میں ایک عام پین کی طرح لکھے گی۔

اس روشنائی سے تاثیرات کا اظہار عام روشنائی کی بنسبت جلد ہوتا ہے۔

کثیر سرمایہ اور وقت خرچ کر کے سینکڑوں بار تجربات کرنے کے بعد آج آپ کی خدمت میں روحانی روشنائی پیش کی گئی ہے۔

فن اور عملیات کی دنیا میں اس سے قبل زعفرانی روشنائی پر کسی نے بھی اس طرز پر کام نہیں کیا ہوگا۔ روحانی روشنائی میں زعفران فی زمانہ ایک مہنگا جز ہے۔ اگر اس سے عام طرز پر روشنائی بنائیں تو اس میں جو سب سے پہلا نقص آتا ہے وہ ہے دو تین یوم میں اصل کلر تبدیل ہونا اور پھپھوندی لگ جانا یعنی سیاہی چند یوم میں ہی خراب ہو جاتی ہے اور لکھائی کرنے میں ایک عام پین کی طرح smoothly نہیں چلتی۔ نقش بہت کم لکھے جاتے ہیں، اس سے نقش لکھنے کے بعد جب نقوش کو چارج کرتے ہیں تو رزلٹ حسب منشا نہیں ملتا۔

ان شاء اللہ جو بھی روحانی روشنائی کو استعمال کرے گا بہترین رزلٹ پائے گا۔

مجرب روحانی اعمال

حضرت مولانا اعجاز احمد خان نگھانوی مدظلہٗ (کراچی)

اولاد کی نعمت حاصل کرنے کے لئے

جو شخص باوجود صحت مند، تندرست اور چاک و چوبند ہونے کے...... اولاد کی نعمت سے محروم ہو، وہ ہر فرض نماز کے بعد تین (3) بار یہ پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے صاحب اولاد ہو جائے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ (صرف پہلی مرتبہ پڑھے)

رَبِّ لَا تَذَرۡنِیۡ فَرۡدًا وَّ اَنۡتَ خَیۡرُ الۡوٰرِثِیۡنَ ﴿۸۹﴾ (الانبیاء:۸۹)

اگر کسی کو زہریلا کیڑا کاٹ لے

تتیا، بھڑ یا دیگر کوئی زہریلا کیڑا (اکثر گھاس یا کھیتوں میں ہوتا ہے) کاٹ لے تو اس دعا کو کاٹی ہوئی جگہ کے چاروں طرف گول گول گھماتے ہوئے ایک سانس میں (سانس روک کر) سات (7) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، کیڑے کے کاٹنے کا درد اور جلن ختم ہو جائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ (صرف پہلی مرتبہ پڑھے)

وَ اِذَا بَطَشۡتُمۡ بَطَشۡتُمۡ جَبَّارِیۡنَ ﴿۱۳۰﴾ (الشعراء:۱۳۰)

غربت دور کرنے کے لئے

نمازِ عشاء کے بعد باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر (مسجد میں نہ پڑھے، گھر میں پڑھے۔ مسجد عبادت کی جگہ ہے، وہاں عبادت کرے اور دعا کرے۔ لیکن دنیا کے لئے وظیفہ وظائف گھر میں کرے۔) گیارہ گیارہ (11،11) بار اول و آخر درود شریف نماز والا اور درمیان میں گیارہ سو بار "یَا مُعِزُّ" پڑھا کرے۔ چھٹی ناغہ نہ کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مالدار ہو جائے گا۔ چالیس (40) دن برابر عمل کرنا ہے۔

نگاہ قائم رہے، اس میں کمزوری پیدا نہ ہو

جو شخص ہر نماز کی ادائیگی کے لئے وضو کر کے آسمان کی منہ کر کے سورۃ القدر ایک (1) مرتبہ پڑھ لیا کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی بینائی میں کمی نہ ہوگی۔ سورۃ القدر یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰہُ فِیۡ لَیۡلَۃِ الۡقَدۡرِ ۚ﴿۱﴾ وَ مَاۤ اَدۡرٰىکَ مَا لَیۡلَۃُ الۡقَدۡرِ ؕ﴿۲﴾ لَیۡلَۃُ الۡقَدۡرِ ۬ۙ خَیۡرٌ مِّنۡ اَلۡفِ شَہۡرٍ ؕ﴿۳﴾ تَنَزَّلُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ وَ الرُّوۡحُ فِیۡہَا بِاِذۡنِ رَبِّہِمۡ ۚ مِنۡ کُلِّ اَمۡرٍ ۙ﴿۴﴾ سَلٰمٌ ۟ۛ ہِیَ حَتّٰی مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ ﴿۵﴾

بھاگے ہوئے شخص کو واپس لانے کے لئے

جو شخص گھر سے بھاگ گیا ہو اور اس کا پتہ نہ ملتا ہو تو باوضو ایک سفید اور پاک کاغذ پر لکھ کر اس کو چرخے یا سائیکل کے یا اسکوٹر کے پیچھے سے باندھ کر اس کو الٹا گھمائے۔ سیدھے ہاتھ کی طرف سے الٹے ہاتھ کی طرف گھمائے۔ ساٹھ (60) مرتبہ گھمائے اور یہ عمل ایک وقت مقرر کر کے روزانہ پابندی کے ساتھ کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی آ جائے گا یا اس کا پتہ لگ جائے گا آیت یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فَرَدَدۡنٰہُ اِلٰۤی اُمِّہٖ کَیۡ تَقَرَّ عَیۡنُہَا وَ لَا تَحۡزَنَ وَ لِتَعۡلَمَ اَنَّ وَعۡدَ اللّٰہِ حَقٌّ وَّ لٰکِنَّ اَکۡثَرَہُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۳﴾ (القصص:۱۳)

غموں اور مصیبتوں سے نجات پانے کا سریع التاثیر اعمال

حکیم پیر عبدالرؤف نظامی قادری چشتی (رینالہ خورد)

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

قرآن اور حدیث سے ثابت ہے کہ یہ دعا آیۃ کریمہ بڑا عظیم الشان وظیفہ ہے۔ نہایت سریع التاثیر ورد ہے۔ تمام تکلیفوں، مصیبتوں، غموں، دکھوں اور دردوں کے دفعیہ کے لیے بڑا کامیاب عمل ہے۔ تمام امت کے اولیاء اللہ اور عاملین کا اس عمل کی سرعت تاثیر پہ اجماع ہے کہ یہ تیر کبھی خطا نہیں کرتا۔

پڑھنے کے طریقے

1 پہلا طریقہ: چلہ کشی کے لوازمات کو ذہن میں رکھتے ہوئے نوچندے دن سے آغاز کریں۔ پاک صاف تاریک کمرے میں بیٹھ کر پڑھیں۔ منہ قبلہ کی طرف رکھیں۔ مٹی کا پیالہ پانی سے بھر کر اپنے سامنے رکھ لیں اور دوران ذکر اس میں ہاتھ ڈبو کر منہ پر پھیرتے رہیں۔

ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ مچھلی کے پیٹ میں ذی النون حضرت یونس علیہ السلام کی دعا یہ تھی۔ اس طرح حضرت یونس علیہ السلام کے دریا اور ظلمات کا نقشہ بن جائے گا۔ جب تک پڑھتے رہیں یہ خیال رہے کہ میرا اللہ مجھے دیکھ رہا ہے اور میں غموں اور مصیبتوں کے دریا میں غرق اللہ سے نجات کے لیے دعا کر رہا ہوں اور پورا یقین ہو کہ اللہ اپنے فضل سے ضرور مجھے اس غم کے بھنور سے نجات دے گا۔

یہ عمل چالیس (40) دن تک جاری رکھیں۔ روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس (3125) مرتبہ پڑھنا ہوگا۔ ان شاء اللہ غم کے بادل چھٹ جائیں گے۔ جس حاجت کے لیے بھی پڑھیں گے، وہ پوری ہوگی۔ اول و آخر اس عمل کے تین تین (3،3) بار درود شریف ابراہیمی ضرور پڑھنا ہوگا۔

حدیث نبوی ﷺ ہے انما الاعمال بالنیات۔ عملوں کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ اس لیے عمل کرتے وقت نیت ضرور کرنی چاہیے کہ کس نیت سے آپ یہ عمل کرنے لگے ہیں۔ ایک نیت ہو یا دو چار ہوں، عمل کی بنیاد ضرور نیت یا نیتوں پر استوار کریں۔ مثلاً اے اللہ فلاں غم ہے، فلاں حاجت درپیش ہے، فلاں مشکل ہے اور میرے گناہ بے شمار ہیں۔ ان سب باتوں کے لئے میں اس دعا کے ساتھ تیرے باب اجابت کو دستک دیتا ہوں۔ مجھے ان غموں کے دریا سے نکال دے اور اگر آپ اللہ کے فضل سے امن میں ہوں، سب طرح سے خدا کی مہربانی ہو، کوئی تکلیف غم اور مصیبت نہیں تو پھر بھی اس کا پڑھنا باعث مغفرت گناہ اور وجہ بلندی درجات ہوگا۔ اگر آپ اس کو مسلسل جاری رکھیں گے تو انوار الٰہی سے سینہ ہموار ہو جائے گا لیکن اجازت شیخ شرط اول ہے۔

اگر گناہوں کی معافی اور ذکر الٰہی کی غرض سے پڑھنا ہو تو پھر تاریک مکان میں بیٹھے اور پانی کا پیالہ پاس رکھنے کی ضرورت نہیں۔ پاک صاف جگہ تنہائی میں بیٹھ کر حضوری قلب سے پڑھا کریں۔ حجاب اٹھتے جائیں گے اور سینہ منور ہوتا رہے گا۔

2 دوسرا طریقہ: یہ ہے کہ اس آیۃ کریمہ مذکورہ کو نماز تہجد کے بعد گیارہ صد (1100) بار بڑی عاجزی سے رو رو کر پڑھیں۔ اس نیت سے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو غموں کی تاریک رات سے رہائی دے کہ خوشیوں اور مسرتوں کے روز روشن میں لے آئے۔ اکتالیس (41) روز تک پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رات دن میں تبدیل ہو جائے گی۔ اول آخر درود سات سات (7،7) بار۔

3 تیسرا طریقہ: رات بارہ بجے کے بعد پاک صاف جگہ پر دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت اس طرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اکیاون (51) بار اور دوسری میں فاتحہ کے بعد پچاس (50) بار آیت کریمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پڑھیں۔ سلام کے بعد ایک سانس میں بیس (20) بار

(بقیہ ص 49)

مختلف جسمانی اعضاء و امراض پر سیاروں کی منسوبات

باوا ناد علی بہلول (راجن پور)

محترم قارئین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! علم نجوم کسی بھی فرد کے زائچہ کے دیگر پہلو کے ساتھ ساتھ انسانی صحت و امراض پر بھی بحث کرتا ہے کہ فرد کے زائچہ میں سیاروں کی گردش اور سعد و نحس بننے والی نظرات سے انسانی صحت پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟ سیارے مخصوص جسمانی حصوں پر دلالت کرتے ہوئے صحت کے فعالی نظام سمیت مختلف چیزوں پر علامت نہیں ہوتے جیسے شمس قوت حیات و نظام ہضم پر، عطارد قوت اعصاب پر، مشتری خون کی شریانوں اور جگر پر وغیرہ۔ مختلف جسمانی اعضاء و امراض پر سیاروں کی منسوبات حسب ذیل ہیں:

شمس: شمس......قوت حیات کا نمائندہ اور کسی بھی پیدائش کے چارٹ میں حیات بخش ہے کیوں کہ یہ نظام ہضم پر حکمرانی کرتا ہے جو پورے جسم کے لئے غذائیت فراہم کرتا ہے۔ یہ صفراوی ہے اور اس کی ہڈیاں سخت ہیں، گرم، خشک اور تعمیری ہے۔ یہ ہڈیوں کے ڈھانچے، جسمانی ڈھانچے، خون، دماغ، پیٹ، صفرا، ہاضمے کی آگ، دل بطور زندگی کا مرکز، بینائی، پتہ، ریڑھ اور شکم کی نمائندگی کرتا ہے۔ اگر یہ کمزور ہو یا پیدائش کے زائچے میں متاثرہ ہو تو کمزور بینائی، سر کے درد، گردش خون میں تلون، دل کی تکلیف، ہڈی کے فریکچر، حد سے زیادہ تپش، بخار، بلڈ پریشر، گنجاپن، دماغی کمزوری، ہڈی کے کینسر، کمزور قوت مدافعت کا سبب بنے گا۔

قمر: قمر......سرد، مرطوب ہے اور اس کا ڈھانچہ باد اور بلغم کا مرکب ہے۔ قمر زرخیزی اور جذباتی صحت کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ جسم میں موجود رطوبت، خون کی اچھی کوالٹی اور رطوبات، غدود، تناسل، پستان، رطوبت کے نظام، چہرہ، پھیپھڑوں اور سینے پر حکومت کرتا ہے، یہ رحم، حیض کی گردش، بچہ دانی اور تولیدی اعضاء پر بھی حکومت کرتا ہے۔ اگر یہ کمزور ہوا اور پیدائش کے زائچے میں کمزور یا متاثر ہو تو نفسیاتی مسائل کے علاوہ صاحب زائچہ کے لئے بے خوابی، کاہلی، پھیپھڑوں کے مسائل، تلی کے بڑھ جانے، بچہ دانی کے عوارض، ٹی بی، حیض میں بے قاعدگی، قوت مدافعت میں خلل کا سبب بنتا ہے۔ اس کے علاوہ صاحب زائچہ کو کثرت سے کھانسی، سردی لگنے، بخار، بھوک مر جانے، عام کمزوری وغیرہ کی شکایت ہوتی ہے۔ وہ انتہائی حساس، حد سے زیادہ رد عمل ظاہر کرنے والا، جواب دینے کی اہلیت کھو دینے اور جذبات کا اظہار کرنے سے بھی معذور ہوتا ہے۔ قمر نیند، جذباتی سکون اور قوت مدافعت کا بھی نمائندہ ہے۔

مریخ: مریخ......خشک، آتشی اور صفراوی فطرت کا حامل ہے۔ مریخ سر، ہڈی کے گودے، خون، صفرا، ہاضمے کی آگ، آنت، ماتھے، گردن، عضلاتی سسٹم، پٹھوں، ناک اور بیرونی اعضائے تولیدی کی نمائندگی کرتا ہے۔ اگر یہ کمزور ہوا اور پیدائش کے چارٹ میں متاثرہ ہو تو صاحب زائچہ کے لئے سوزش، حد سے زیادہ درجہ حرارت بڑھنے، بھوک کے معاملے میں عدم برداشت، زخموں، جلنے، حادثات، فریکچر، بواسیر، جلدی کھجلی، ہر طرح کی شدید تکلیف، بخار، مرگی، ذہنی بگاڑ، رسولی، راہو سے قریبی تعلق کی صورت میں عضلاتی حصے میں کینسر، پیچش، ٹائیفائیڈ، چیچک اور پھوڑے وغیرہ کا سبب بنتا ہے اور غصہ، چڑچڑاپن، عجلت، بے صبری، غیر مستقل مزاجی، جذبے اور حوصلے کی کمی اور سب کچھ یا کچھ بھی نہیں کا رویہ عطا کرتا ہے۔

عطارد: عطارد......باد، پتا اور بلغم کا مرکب ہے۔ عطارد شکم کے نچلے حصے، جلد، دماغ، نروس سسٹم، گردن کے نچلے حصے، حلق، آنتوں، زبان، منہ، ہاتھوں اور بازوؤں کی نمائندگی کرتا ہے۔ اگر یہ کمزور ہوا اور پیدائش کے زائچے میں متاثر ہو تو صاحب زائچہ نفسیاتی امراض، بے خوابی، نروس بریک ڈاؤن، مرگی، جلدی امراض، خون کی کمی، نامردی، یادداشت یا گویائی سے محرومی، بلندی سے خوف، بہرا پن، دمہ، سانس کی نالی کے امراض، آنتوں

میں خرابی، قوت مدافعت سے محرومی کا شکار ہوسکتا ہے۔ سوچنے اور گفتگو کرنے میں مشکل پیش آتی ہے، بزدلی، جذبے کی کمی، تنہائی، نامعقول رویہ، مفاد پرستی، حد سے بڑھی ہوئی دانش وری کا زعم اور شعور تمیز کا فقدان پیدا کرتا ہے۔

مشتری: مشتری ایک معتدل مزاج اور گرم جوش سیارہ ہے اور اس کی فطرت بلغمی ہے۔ مشتری کولہوں، چربی، خون، شریانوں کے نظام، غدود، جگر، لبلبے کے غدود، ہاضمے، جذب کرنے کی صلاحیت، کان، سماعت کی صلاحیت، ناک، پیروں، جسمانی نشوونما، تالو اور حلق کی نمائندگی کرتا ہے۔ اگر پیدائش کے زائچے میں یہ کمزور یا متاثرہ ہو تو صاحب زائچہ رطوبت اور گردش خون میں رکاوٹ، خون میں کمی، رسولی، یرقان اور جگر کی دیگر شکایات، کان کی تکلیف، ضعف معدہ، ریاح، کھانسی، سردی، ذیابیطس اور لبلبہ کے غدود کی بیماریوں وغیرہ میں مبتلا ہوگا۔

زہرہ: زہرہ...... گرم اور مرطوب سیارہ ہے اور اس کا ڈھانچہ بلغم اور باد کا مرکب ہے۔ زہرہ...... پیڑو اور جنسی اعضاء، اعضائے تولید، غدود، منی، بیضہ، خصیہ، اعضائے مخصوصہ، گردوں، مثانہ، چہرہ، آنکھوں، بالائی گردن، حلق، ٹھوڑی، گالوں، جلد وغیرہ کی نمائندگی کرتا ہے۔ اگر یہ کمزور ہو یا پیدائش کے زائچے میں متاثرہ ہو تو صاحب زائچہ امراض خبیثہ، پیشاب کی بیماریوں یا تولیدی سسٹم کے عوارض، ذیابیطس، خون کی کمی، پتے یا گردوں میں پتھری، نامردی، فالج، جنسی بے راہ روی، جنسی تعلق قائم کرنے سے محرومی، جلد کی چمک سے محرومی کا شکار ہوگا۔

زحل: زحل...... سرد اور خشک سیارہ ہے۔ اس کا مزاج بادی ہے۔ زحل...... عصبی ریشے، رگوں، جوڑوں، تلی، دانتوں، پنڈلیوں، گھٹنوں اور ٹخنوں کے درمانی حصے، بلغم اور پوشیدہ سسٹم اور ہڈیوں کی نمائندگی کرتا ہے۔ اگر یہ پیدائش کے زائچے میں کمزور یا متاثرہ ہو تو صاحب زائچہ دردناک بیماریوں، ہر طرح کی پرانی اور تولیدی بیماریوں، ٹانگ کے فریکچر، سرطان، غدود کے عوارض، جلدی امراض، فالج، گنٹھیا، ریاحی جوڑوں کے درد، لاغر پن، ٹی بی، بادی امراض، جسم کا ٹھنڈا پن، گونگا پن، نامردی، ذہنی اور بدنی تھکن، درد، پیشاب میں رکاوٹ وغیرہ کا شکار ہوگا۔

راھو: راہو...... بلغم اور باد کا مرکب ہے۔ اگر یہ متاثرہ ہو تو یہ بلغم، آنتوں کے امراض، پھوڑوں، جلد، نروس سسٹم، السر، الرجی، تلی، کیڑوں، ہائی بلڈ پریشر، دل کی تکلیف، وبائی امراض، نفسیاتی امراض، فریب نظر، توہمات، ہسٹیریا، پاگل پن، مرگی، زہر سے پیدا ہونے والی ہر طرح کی کیفیت، بادہ نوشی، پُراسرار مرض (سحر و جادو، آسیب)، جذام، بدہضمی، ہچکی، سوجن، پیروں میں درد یا چوٹ، سرطان وغیرہ کا سبب بنے گا۔ اگر یہ دوسرے سیاروں کو متاثر کر رہا ہو یا منحوس جگہ واقع ہو یا دیگر فعلی منحوس سیاروں کی زیر اثر ہو تو یہ خوف، ڈراؤنے خوابوں، کاہلی، جمود اور نکما پن پیدا کرتا ہے۔

کیتو: کیتو...... اپنی فطرت میں خشک اور غضب ناک ہے۔ اس کا مزاج دھماکہ خیز ہے۔ یہ پتے پر حکومت کرتا ہے۔ اگر یہ دوسرے سیاروں کو متاثر کرتا ہو یا منحوس جگہ واقع ہو یا دوسرے فعلی منحوس سیاروں سے متاثر ہو تو زخموں، چوٹوں، ریڑھ کی بیماریوں اور نروس سسٹم، ٹی بی، سرجری، السر، سوزش، بخار، آنتوں کے امراض، ذہنی خلل، لو بلڈ پریشر، بہرا پن، گفتگو میں نقص، نشے کی عادت، جلدی امراض، ہکلاہٹ وغیرہ کا سبب بنتا ہے۔

عزیزان من! سیاروں کی منسوبات کے ساتھ ساتھ اسی طرح برجوں کی منسوبات پر بھی غور کرتے ہوئے صاحب زائچہ کے امراض کی تشخیص اور علاج کی طرف متوجہ ہوں۔ علاج تین طریقوں پر مشتمل ہوگا:

نمبر ۱: صاحب زائچہ کے زائچہ میں صحت پر اثر انداز ہونے والے سیاروں کو تقویت دی جائے اور ساتھ ساتھ مادی یعنی میڈیکل علاج کی طرف توجہ دی جائے۔

نمبر ۲: فعلی سعد سیاروں پر اور برجوں پر اثر انداز ہونے والے فعلی منحوس سیاروں کے لئے صدقات کی پابندی کی جائے۔

نمبر ۳: صاحب زائچہ کی صحت پر اثر انداز ہونے والے کمزور سیاروں کو نوٹ کر کے کسی اچھے مناسب وقت میں، جب وہ (بقیہ ص 48)

جادو جنات نظر بد کے سخت اثرات سے متاثرہ

گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا روحانی عمل کروائیے

گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کی رہائش ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کی آمد و رفت ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کے ذریعے جادو جنات کا مسلط ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کے ذریعے سخت جادو کے اثرات ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کے ذریعے شدید نظر بد کے اثرات ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں مسلسل نقصانات کا ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں آگ لگتے رہنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں سب افراد کا اکثر بیمار رہنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں سب کا آپس میں لڑتے جھگڑتے رہنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں بچوں کے رشتے نہ آنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں بچوں کا پڑھائی میں دل نہ لگنا

خون، تیل، یا پانی کے چھینٹے آتے ہوں، ہڈیاں، سوئیاں، کیل وغیرہ پڑے ملنا
ریت، مٹی، کوئلے وغیرہ کا پڑے ملنا، تعویذات کا یا پتلے وغیرہ کا پڑے ملنا۔
چاول، دال یا دیگر کسی چیز کا اکثر پڑے ملنا
چھت یا سیڑھیوں پر دوڑنے، چلنے، اترنے کی آوازیں آنا، بچوں یا بڑوں کو ڈر لگنا
پکارنے کی آوازیں یا رونے یا ہنسنے کی آوازیں آنا
پوری عمارت یا کسی خاص کمرے یا کسی خاص حصے میں ڈر محسوس ہونا
کھڑکیوں، دروازوں، برتنوں وغیرہ کا بجنا یا حرکت کرنا
حشرات الارض کیڑے مکوڑوں کا بہت زیادہ ہونا
سانپ، کتے، بلیاں وغیرہ بہت کثرت سے موجود ہونا

وجوہات گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر جادو ٹونہ کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر جادو ٹونہ کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر جناتی اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر جناتی اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر آسیبی اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر نظر بد کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر نظر بد کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر بندش کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر بندش کے اثرات۔

علامات گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کرایہ پر نہ جانا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا کرایہ نہ ملنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا گاہک نہ ملنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا فروخت نہ ہونا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر گاہکوں، خریداروں کا نہ آنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کھولنے کو دل نہ کرنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر جانے کو دل نہ کرنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جا کر طبیعت کا اچاٹ ہونا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جا کر طبیعت کا خراب ہو جانا ○ دکان مارکیٹ پر جا کر اداس ہو جانا۔

جماعت العالمین: جو لوگ عاملین کو گھر یا جگہ پر بلوا کر عمل نہیں کروا سکتے وہ پاکستان اور پاکستان سے باہر گھر بیٹھے خاص عمل کروائیں۔

عارفی پرفیومز میں دستیاب ایئر فریشنرز کی تفصیل https://bit.ly/36LqsK5

پیغام جوانی کیپسول

چھوٹی پیکنگ: 750 روپے (10 کیپسول)

بڑی پیکنگ: 1500 روپے (20 کیپسول)

◆ طاقت وقوت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے ◆ مخفی و پوشیدہ طاقتوں کا سرچشمہ ہے ◆ ہمیشہ کی شرمندگی سے نجات دلاتا ہے ◆ مسرت وشادمانی کے لمحات میں اضافہ کرتا ہے ◆ خاص اوقات میں زبردست اضافہ کرتا ہے ◆ بلا مبالغہ حقیقت میں ہی جوانی کا پیغام ہے ◆ ازدواجی تعلقات کو مستحکم و مضبوط بناتا ہے ◆ زوجین کے اعتماد کو ہمیشہ بحال رکھتا ہے ◆ خاوند کو جلدی گھر آنے پر مجبور کرتا ہے ◆ مایوس الباہ دوستوں کیلئے ایک عظیم خوشخبری ہے ◆ فوری اور پہلی خوراک میں رزلٹ دینے والا گفٹ ہے ◆ منٹوں کو گھنٹوں میں بدلنے والا ایک خاص نسخہ ہے ◆ ہر عمر کے مرد حضرات بلا خوف وخطر استعمال کر سکتے ہیں ◆ ہر قسم کی نشہ آور اور مضر اثرات سے سوفیصد پاک ہے ◆ آپ کی سوچ سے زیادہ قیمتی اجزاء سے تیار کیا گیا ہے ◆ قدردانوں کیلئے ایک انمول، بے مثال اور لاجواب چیز ہے ◆ مطب العارف کی طرف سے عوام الناس کیلئے طب یونانی کا 100 فیصد رزلٹ دینے والا ایک خاص مثالی تحفہ ہے۔

حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر

042-35410586

0304-7772772

سفوف شباب آور

قیمت: 1050 روپے

● مایوسیوں کو امیدوں میں تبدیل کرتا ہے ● جسم انسانی میں حقیقی شباب کو قائم رکھتا ہے ● حکماء اور طبیبوں کے سینوں کا خاص راز ہے ● رگوں اور پٹھوں میں غضب کا جوش پیدا کرتا ہے ● اعصاب میں زبردست مضبوطی پیدا کرتا ہے ● بوڑھوں کو نوجوان بنانے والا ایک نسخہ کیمیا ہے ● برف کی مانند ٹھنڈوں کو آگ کی سی تپش دیتا ہے ● مرجھائے ہوئے چہروں کو گلاب جیسی رعنائی دیتا ہے ● مرد کو حقیقی مرد اور جسم میں بجلی کی سی تیزی پیدا کرتا ہے ● قدیم اور شاہی حکیموں کی زندگی بھر کا نچوڑ اور خلاصہ ہے ● شوگر کے مریضوں کے لیے بھی ایک نایاب وکامیاب چیز ہے ● انتہائی مقوی، بے حد مغلظ اور بے انتہا محرک ہے ● جوانی کو قائم ودائم اور ہمیشہ فٹ رکھنے والا سفوف ہے ● بڑھاپے کے اثرات اور نشانیوں کو ختم کرتا ہے ● ہر قسم کے نقصان دہ اور صحت کو تباہ کرنے والے مضر اجزاء سے پاک ہے ● تازندگی استعمال کیا جاسکنے والا ایک بے ضرر قیمتی ٹانک ہے ● انتہائی کم خوراک میں بہت زیادہ طاقت پیدا کرتا ہے ● ہر عمر میں استعمال ہونے والا ایک ارزاں دیسی نسخہ ہے ● سفوف شباب آور مطب العارف کا ایک اہم اور کثیر تعداد میں فروخت ہونے والا انتہائی مفید اور قیمتی اجزاء پر مشتمل بیش قیمت مرکب ہے

حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر

042-35410586

0304-7772772

طلاء خاص الخاص

کثیر الفوائد یادگار تحفہ

قیمت 950 روپے

◆ برائے عضو خاص میں اضافہ

◆ عضو خاص میں موٹائی

◆ فوری رزلٹ

◆ فوری طاقت

◆ آبلہ نہ پھٹی

◆ زبردست انتشار

خواص: مطب العارف نے طویل ریسرچ اور انتھک تحقیق کے بعد نادر ونایاب روغنیات اور حیوانی اجزاء سے ایک بہترین مرکب تیار کیا ہے۔ ایک ایسا مرکب، ایک ایسا طلاء کہ جس کی جستجو مریض کافی عرصے سے کر رہے تھے۔ مطب العارف کا تیار کردہ یہ بے مثال تحفہ واقعی یادگار ہے۔

نوٹ: اندرونی کمزوری کے خاتمے کیلئے طلاء خاص الخاص کے ساتھ پیغام جوانی کیپسول کا استعمال آپ کو دوبارہ سے بھرپور جوان بنا دے گا۔

حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر

042-35410586

0304-7772772

زور آور کیپسول

بڑی پیکنگ: 1500 روپے

چھوٹی پیکنگ: 750 روپے

- مردانہ طاقت کو بڑھاتا ہے
- مایوسی کو امید میں بدلتا ہے
- بے رغبتی کو دور بھگاتا ہے
- دائمی اور مستقل قوت کا راز ہے
- ہر قسم کی سستی، لاغری کو ختم کرتا ہے
- انتشار کی کمی کو پورا کرتا ہے
- پٹھوں کی کمزوری کا خاتمہ کرتا ہے
- عدم دلچسپی کو ختم کرتا ہے
- شوگر کی وجہ سے ہونے والی مردانہ کمزوری کے لیے بہت ہی فائدہ مند ہے
- زور آور کیپسول اپنے نام کی طرح واقعی زور آور ہے
- ہر قسم کی مردانہ کمزوری کو دور کرنے کیلئے بہترین چیز ہے
- مردانہ کمزوری کے غریبوں کو مردانہ طاقت کے باعث بادشاہ بناتا ہے

حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر

042-35410586

0304-7772772

طب نبوی ﷺ میں مفردات سے علاج

مولوی محمد محبوب علی قاسمی

رسول اللہ ﷺ کا فریضۂ منصبی رسالت و نبوت تھا اور آپ ﷺ کی بعثت طیبہ تمام انسانیت کی رشد و ہدایت کے لئے تھی تاکہ گم گشتہ راہ کو منزل کا سراغ مل جائے اور اقوام عالم کا کوئی فرد ایسا نہ رہے، جس کی حیات مستعار کے لئے سیرت پاک میں کوئی نسخہ کیمیاء نہ مل سکے۔ یہاں تک کہ طبابت کے میدان میں بھی وہ یہ شکایت نہ کر سکے کہ ہمارا دامن زبان رسالت کے گوہر آبدار سے خالی ہے۔ نیز جس طرح امراض روحانی کے لئے در یتیم کے دربار میں سہل الحصول روحانی علاج موجود ہے، اسی طرح امراض جسمانی کا علاج بھی اپنی تمام تر خوبیوں کے ساتھ احادیث کے ذخیروں میں موجود ہے۔

دوا کی اقسام

یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ دوائیں دو طرح کی ہوتی ہیں۔ بعض وہ ہیں جو چند چیزوں سے مل کر بنتی ہیں۔ آج کل جتنی انگریزی ادویہ ہیں، وہ سب مرکب اور چند چیزوں کا مجموعہ ہیں۔ اور بعض دوائیں وہ ہیں، جو کسی آمیزش کے بغیر تنہا ہی دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہیں۔ ایسی دوائیں مفردات کہلاتی ہیں۔ اور فن طب میں مفردات ہی اصل ہیں۔ چنانچہ علامہ ابن قیم جوزیؒ لکھتے ہیں: **وارباب التجارب من الاطباء طبھم بالمفردات غالبا** (زاد المعاد ۴/۱۰)

چنانچہ مختلف احادیث میں تقریباً ۹۵ ادویہ واغذیہ کا تذکرہ ملتا ہے۔ علامہ سیوطیؒ نے اپنی کتاب الطب النبوی میں ایسی ۷۰ دواؤں کا ذکر کیا ہے، جن کی تجربات کے ذریعہ تصدیق ہو چکی ہے۔ ان میں کلونجی، شہد اور سرکہ قابل ذکر ہیں۔ ذیل میں مفردات سے علاج کے متعلق کچھ تفصیلات احادیث کی روشنی میں ذکر کی جاتی ہیں:

کلونجی سے علاج

کلونجی کو فارسی میں شونیز اور عربی میں الحبۃ السوداء کہتے ہیں۔ اس کا پودا سونف کے پودے کے مانند ہوتا ہے اور اس کے دانہ کا رنگ سیاہ اور مغز سفید ہوتا ہے۔ کلونجی کے بارے میں ارشاد نبوی ﷺ ہے: بیشک کلونجی ہر بیماری سے شفاء ہے سوائے موت کے۔ (بخاری حدیث نمبر: ۵۶۸۷)

ایک دوسری جگہ ارشاد فرمایا: کوئی بیماری نہیں ہے، مگر کلونجی میں اس کے لئے شفاء ہے سوائے موت کے۔ (مسلم حدیث نمبر: ۲۲۱۵)

کلونجی سے متعلق جدید تحقیقات: کلونجی کے بارے میں اطباء کی تحقیق یہ ہے کہ سرد امراض میں بہت نافع ہے۔ فالج اور رعشہ میں اس کا تیل ملنے سے حیرت انگیز نتائج رونما ہوتے ہیں۔ باہ، تنگی نفس، سرد کھانسی، درد سینہ اور ریاحی قولنج میں بے حد نفع بخش ہے۔ اسی طرح زکام، پرانا بخار، مثانے کی پتھری اور یرقان کے لئے بھی نافع ہے۔

(طب نبوی لابن قیم ص: ۲۳)

شہد سے علاج

آپ ﷺ کے زمانہ میں ایک شخص نے آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ میرے بھائی کا پیٹ چل رہا ہے اور درد بھی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: **اسقه عسلا**، اس کو شہد پلاؤ۔ وہ شخص چلا گیا، مگر پھر لوٹ کر آیا اور کہا کہ میں نے اسے پلایا؛ لیکن کچھ افاقہ نہیں ہوا۔ آپ ﷺ نے دوبارہ شہد پلانے کا حکم فرمایا۔ وہ چلا گیا، مگر پھر وہی ماجرا۔ دو تین بار ایسا ہی ہوا۔ چوتھی بار اس نے آ کر جب حضور ﷺ سے کہا کہ شہد تو پلا رہا ہوں؛ مگر کوئی افاقہ نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: **صدق الله وكذب بطن اخيك** اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا ہے، تیرے بھائی کا شکم جھوٹا ہے۔

اتنا سن کر وہ شخص لوٹا اور اپنے بھائی کو پھر شہد پلایا۔ اس بار وہ شفایاب ہو گیا اور اسے صحت مل گئی۔ (بخاری حدیث نمبر: ۵۶۸۴)

ایک دوسری جگہ ارشاد فرمایا: جو شخص ہر مہینہ تین (3) دن صبح شام شہد چاٹے تو اس کو کوئی بڑی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ (ابن ماجہ حدیث نمبر: ۳۴۵۰)

شہد سے متعلق جدید تحقیقات: شہد دافع تعفن ہے، ورموں کو پکاتا ہے اور تحلیل کرتا ہے، بدن کو طاقت بخشتا ہے، ہضم میں امداد کرتا ہے،

خون میں میٹھے اجزاء کا اضافہ کرتا ہے اور قبض کو رفع کرتا ہے۔

(خواص الادویہ: ۳۸۹)

مہندی سے علاج

مہندی کو کون نہیں جانتا؛ مگر یہ صرف حسن وزیبائش ہی کے لئے نہیں؛ بلکہ اس میں طبی فائدے بھی ہیں۔ چنانچہ آپ ﷺ کی خادمہ سے روایت ہے: نبی کریم ﷺ کو جب بھی کوئی پھنسی نکلتی یا کانٹا چبھتا تو مجھے حکم فرماتے کہ میں اس پر مہندی لگا دوں۔ (ترمذی شریف حدیث نمبر: ۲۰۵۴)

ایک دوسری حدیث میں ہے: جب بھی حضور ﷺ کو دردِ سر ہوتا تو آپ ﷺ اس پر مہندی لگاتے اور فرماتے کہ اللہ کے حکم سے دردِ سر کے لئے یہ نفع بخش ہے۔ (مسند البزار حدیث نمبر: ۵۸۵۸)

مہندی کی جدید تحقیقات: مہندی مسکن الم اور مجفف ہے، ورموں کو تحلیل کرتی ہے، مصفی خون ہے، دردِ سر کو زائل کرتی ہے، ہاتھ پاؤں کی سوزش کو رفع کرتی ہے، سر کے زخموں کو ختم کرتی ہے۔ اسی طرح یرقان، جذام، آتشک اور خارش وغیرہ میں بے حد مفید ہے۔ (خواص الادویہ: ۵۵۲)

سنا سے علاج

سنا کا پودا نصف گز تک بلند ہوتا ہے اور اس کے پتے مہندی کے پتوں کے مانند ہوتے ہیں۔ سنا کے بارے میں رسول پاک ﷺ کا ارشاد ہے:

اگر کسی چیز کے ذریعہ موت سے شفا ممکن ہوتی تو وہ سنا سے ہوتی۔

(مستدرک علی الصحیحین حدیث نمبر: ۸۲۳۳)

اور امام ابن ماجہ نے اپنی سنن میں سنا سے متعلق آپ ﷺ سے روایت کچھ اس طرح نقل کی ہے: تم لوگ ''سنا'' اور سنوت (شہد) کو لازم پکڑلو، کیونکہ وہ موت کے سوا ہر مرض کے لئے شفا بخش ہیں۔

(ابن ماجہ: حدیث نمبر: ۳۴۵۷)

سنا سے متعلق جدید تحقیقات: ''سنا''، ملین، مسہل، بلغم و سوداء وصفرا، مصفی خون اور قاتل دیدان ہے۔ آنتوں میں مروڑ پیدا کرتی ہے۔ نیز محرک قئی ہے اور وجع مفاصل، دردِ کمر، وجع الورک، عرق النساء، نقرس اور ضیق النفس میں از حد مفید ہے۔ اور سدہ قولنج کو کھولتی ہے۔ اور تنقیۂ دماغ کرتی ہے۔ (خواص الادویہ: ۳۵۵)

کھجور سے علاج

کھجور کی قسموں میں اعلیٰ درجہ کی کھجور 'عجوہ کھجور' ہے، جو سحر کا بھی علاج ہے اور زہر کا تریاق بھی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جو شخص صبح کو سات (7) عجوہ کھجوروں کا استعمال کرے گا، اس دن اسے زہر اور جادو نقصان نہیں پہونچائے گا۔ (مسلم شریف حدیث نمبر: ۲۰۴۷)

ایک دوسری حدیث میں ہے: شاندار اور عمدہ عجوہ کھجوروں میں شفاء ہے۔ اور صبح کو استعمال کرنا زہر کا تریاق ہے۔ (مسند ابن ابی شیبہ: ۲۳۴۸)

اسی طرح ایک اور حدیث میں ہے: العجوة من الجنة وهو شفاء من السم۔ (السنن الکبری: حدیث نمبر: ۶۶۸۲)

عجوہ جنتی پھل ہے اور زہر سے شفاء کا ذریعہ ہے۔

الغرض عجوہ کے استعمال میں غذائیت کے ساتھ شفاء بھی ہے۔

کھجور کی جدید تحقیقات: عجوہ کھجور کا استعمال زیادہ تر تقویت بدن اور تقویت باہ کے لئے مفید ہے۔ اور مسخن ومقوی اعصاب ہونے کے باعث بعض بلغمی امراض مثلا دردِ کمر، دردِ ورک وغیرہ میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ سینہ کو بلغم سے پاک کرتا ہے اور مسخن ہونے کی وجہ سے سرد مزاجوں کے لئے مفید اور گرم مزاجوں کے لئے مضر ہے۔ نیز مسمن بدن بھی ہے۔ (خواص الادویہ: ۲۶۸)

انجیر سے علاج

انجیر ایک مشہور پھل ہے۔ مزے میں شیریں اور لذیذ ہوتا ہے۔ گولر کے پھل سے بہت کچھ مشابہت رکھتا ہے۔ ایک مرتبہ حضور ﷺ کے پاس انجیروں کا ایک تھال بطور تحفہ آیا تو آپ ﷺ نے اپنے اصحاب سے فرمایا: کھاؤ! اور آپ ﷺ نے بھی اس میں سے کھایا اور کہا: اگر میں کہتا کہ جنت سے ایک میوہ آیا ہے تو کہتا کہ یہی ہے۔ اس لئے کہ جنت کا میوہ بلا گٹھلی کے ہوتا ہے۔ اس لئے اس کو کھاؤ، بیشک یہ بواسیر کو دور کرتا ہے اور

نقرس کے لئے نافع ہے۔(الطب النبوی لابن نعیم حدیث نمبر ۴۶۷)

ایک دوسری جگہ ارشاد نبوی ﷺ ہے: یہ انجیر ہے، اس کو کھاؤ، اس لئے کہ یہ بواسیر کو ختم کرتا ہے اور نقرس کے لئے نافع ہے۔

(حوالہ سابق حدیث نمبر: ۴۶۸)

انجیر کی جدید تحقیقات: انجیر کو بطور میوہ بھی کھایا جاتا ہے اور بطور دواء بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ انجیر ایک کثیر الغذاء میوہ ہے۔ اسی وجہ سے بدن کو فربہ کرتا ہے اور رنگ بدن کو نکھارتا ہے، اور قبض کو کھولنے اور دمہ کھانسی میں اخراج بلغم کے لئے مفید ہے۔ معرق ہے اور فضلات کو ظاہر بدن کی طرف خارج کرتا ہے، اور مواد کو باہر کی طرف رجوع کر کے شدت حرارت میں تخفیف بخشتا ہے۔ جگر اور طحال کے سدوں کو کھولنے اور ورم طحال کو تحلیل کرنے کے لئے بھی زیادہ مستعمل ہے۔ نیز اخروٹ کے ہمراہ کھانا تقویت باہ کے لئے بہترین فائدہ مند ہے۔(خواص الادویہ: ۹۴)

قسط سے علاج

قسط کو فارسی میں "کوستہ" اور ہندی میں "کوٹھ" کہتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں: ایک قسط بحری ہے، جو سفید ہوتی ہے۔ اور دوسری قسط ہندی ہے، جو سیاہ ہوتی ہے، اسی کو عود ہندی بھی کہتے ہیں۔ اس میں تلخ و شیریں دونوں ذائقے پائے جاتے ہیں۔ قسط کی افادیت کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: تم اپنے اوپر عود ہندی کو لازم کرلو، کیونکہ اس میں سات (7) امراض سے شفاء ہے، ان میں سے ایک نمونیہ ہے۔(صحیح البخاری حدیث نمبر: ۵۲۱۳)

ایک دوسری روایت میں حضرت زید بن ارقمؓ فرماتے ہیں: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا ہے کہ ہم نمونیہ کا علاج قسط بحری اور زیتون سے کیا کریں۔(ترمذی حدیث نمبر: ۲۰۷۹)

ایک اور حدیث میں ہے: رسول اللہ ﷺ نے نمونیہ کے علاج کے لئے ورس قسط اور زیتون کی تعریف کی ہے۔(ابن ماجہ حدیث نمبر: ۳۴۶۷)

قسط کی جدید تحقیقات: قسط بیرونی طور پر جاذب خون، محلل اور مجفف ہے۔ اندرونی طور پر استعمال کرنے سے مقوی اعضاء رئیسہ اور مقوی اعصاب ہے، اور سینہ کے دردوں کو تسکین دیتا ہے، معدہ اور امعاء کے لئے مقوی اور کاسر ریاح ہے، نیز پیشاب اور حیض کو جاری کرتا ہے اور اوجاع رحم کو تسکین دیتا ہے۔ کھلانے اور لگانے سے باہ پر اثر کرتا ہے۔

(خواص الادویہ: ۴۱۹)

اثمد سے علاج

یہ ایک مشہور عام نرم پتھر ہے۔ آج کل اسے آنکھوں کی خوبصورتی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم لوگ اثمد کو لازم پکڑو۔ بیشک یہ نگاہ کو روشنی بخشتا ہے اور بالوں کو اگاتا ہے۔

(ابن ماجہ حدیث نمبر: ۳۴۹۵)

ایک دوسری روایت میں ہے: تمام سرموں میں بہتر اثمد سرمہ ہے، جو نگاہ کو روشن کرتا اور بالوں کو اگاتا ہے۔(ابن ماجہ حدیث نمبر: ۳۴۹۷)

اسی طرح ایک اور حدیث میں سوتے وقت اسے لگانے کا حکم ہے:

عليكم بالإثمد عند النوم فإنه يجلو البصر وينبت الشعر

(ابن ماجہ حدیث نمبر: ۳۴۹۶)

تم سوتے وقت اثمد لگاؤ۔ اس لئے کہ وہ آنکھوں کو روشن کرتا ہے، اور بالوں کو اگاتا ہے۔

اثمد کی جدید تحقیقات: سرمہ کو زیادہ تر آنکھوں کو قوت دینے کے لئے تنہا یا مناسب ادویہ کے ہمراہ کھرل کر کے آنکھوں میں لگاتے ہیں۔ اور باریک پیس کر زخموں پر چھڑکتے ہیں۔ تازہ زخموں پر چھڑکنے سے خون کے سیلان کو روکتا ہے، حیض کو روکنے کے لئے بطور حمول مستعمل ہے۔ نکسیر کو بند کرنے کے لئے نفوخ کرتے ہیں۔ ابتدائے چیچک میں آنکھ، ناک، کان کو چیچک سے محفوظ رکھنے کے لئے ان اعضاء میں لگاتے ہیں۔

(خواص الادویہ: ۳۴۳)

خلاصہ کلام

مذکورہ تفصیل سے یہ اندازہ کرنا مشکل نہیں کہ امراض سے شفاء میں طب نبوی کا اہم رول ہے۔ اور مذکورہ طبی تفصیلات (بقیہ ص 44)

علم ریمیا یعنی شعبدات کا علم (قسط اول)

تحریر و تحقیق: صوفی غلام سرور شباب علوی (حویلی لکھا)

نوٹ: یہ صرف ایک معلوماتی مضمون ہے۔ اس سے قطعاً کسی اہل حق اور اہل فن کی توہین مقصود نہیں۔

موجودہ زمانہ میں بعض جعلی عامل، پیر فقیر اور فٹ پاتھ پر بیٹھنے والے پیشہ ور اشخاص راہ چلتے لوگوں کو اپنے شعبدے دکھا کر لوٹ لیتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے مکر و فریب سے بچنے کے لیے چند مشہور و معروف شعبدوں کی حقیقت طشت ازبام کی جاتی ہے تاکہ عامۃ الناس اور سیدھے سادھے اور بھولے بھالے لوگ ان کے مکر و فریب سے بآسانی بچ سکیں۔ علوم خمسہ پر ایک مشہور کتاب ''کلید اسرار'' ہے۔ جس میں علم کیمیا، علم لیمیا، علم ہیمیا، علم سیمیا، علم ریمیا پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ یعنی نیرنجات، شعبدات، سحر، طلاسم، تسخیر کواکب و جنات، اکسیر، علم نوامیس وغیرہ پر مشتمل ہے۔ وہ حیلے جن سے کسی دوسرے شخص سے مال و اسباب یا نفع حاصل کیا جائے گا اس کو تین فصلوں میں بیان کیا جائے گا۔ پہلی فصل ان حیلوں کے بیان میں ہے جو مختلف گروہوں نے اختیار کر رکھے ہیں۔

نجومیوں کا حیلہ

جب کسی کا طالع دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ابھی تیرا طالع کمزور ہے اور سیارہ جو تیرے فلاں عضو سے متعلق ہے، ضعیف ہے۔ اگر تجھ کو یقین نہیں ہے تو میں موم کی ایک صورت تیرے لیے بناتا ہوں۔ اس کو پانی میں ڈال کر رات کو چھت پر رکھ دینا اور صبح دیکھنا۔ سیارہ کی تاثیر یعنی نحوست سے وہ عضو خراب ہو جائے گا۔ اس وقت جان لینا کہ نجوم کا حکم درست ہے۔

اس کی ترکیب یہ ہے کہ موم کی ایک صورت بنائے اور عضو مذکور کے جوڑ پر قدرے نمک رکھ کر اوپر سے موم لپیٹ دے۔ پانی پر پڑا رہنے سے نمک گھلے گا اور عضو مذکورہ خراب ہو جائے گا۔

مُلاسیانوں کا حیلہ

دیو یا جن کو قتل کرنا

ملاعب ناریہ اور مائیہ میں جو کچھ بیان ہوا، وہ سب ان لوگوں کے حیلے ہیں اور ان کے علاوہ ایک حیلہ یہ ہے کہ وہ اپنے معتقد سے کہتے ہیں تجھ کو دیو یا جن ستاتا ہے۔ میں اس کو قتل کروں گا۔ پھر ایک موم کی صورت بنا کر کہتا ہے کہ اس میں، میں نے دیو (جن) کو قید کر دیا ہے۔ پھر اس مومی تصویر کا سر کاٹتا ہے۔ اور اس میں سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ معتقد اور سائل یہ خیال کرتا ہے کہ واقعی دیو یا جن قتل ہو گیا ہے۔

اس کی ترکیب یہ ہے کہ اس مومی تصویر میں ایک جونک رکھ دیتے ہیں اور اس کے کٹنے سے خون بہتا ہے۔

شیطان کو قتل کرنا

اور ان کا دوسرا حیلہ یہ ہے کہ حمام میں شیطان قتل کرتے ہیں۔ جس کی ترکیب یہ ہے کہ حمام میں ایک گھاس کی دھونی روشن کرے جس کو نگباس کہتے ہیں اور ایک بہت بڑا چراغ جس کی بتی کو جرلیس کی چربی سے آلودہ کیا ہو، روشن کرے۔ شاہترہ ہندی کے بیج اپنے پاس رکھے اور قدرے شنگرف اور دم الاخوین بھی باریک پیس کر اپنے پاس رکھے۔ پھر چراغ کو روشن کر کے گھاس کی دھونی دے اور ایسا دکھائے کہ گویا اس وقت وہ شیطان کو قتل کر رہا ہے۔ پھر اس طشت کو جس میں شنگرف وغیرہ کا پانی بھرا ہوا ہو، پھینک دے اور شور و غل مچائے اور مکان سے باہر نکل آئے۔ لوگ اس وقت عجیب طرح کے مختلف رنگوں کے دھوئیں اڑتے ہوئے دیکھیں گے اور خون بھی گرا ہوا معلوم ہوگا۔ وہ سمجھیں گے کہ واقعی شیطان قتل ہو گیا ہے۔

درویشوں کا حیلہ

ان لوگوں کے ساتھ چند مصاحب بھی ہوتے ہیں جو ان کی کرامات اور خوارق کا پروپیگنڈہ کرتے ہیں۔ اور اپنی خاص گفتگو، اشاروں اور کنایوں میں کرتے ہیں۔ ان کے بہت سے حیلے ہیں۔

چہرہ پر خاص نور کی تجلی

ان میں ایک حیلہ یہاں بیان کیا جاتا ہے جو یہ ہے کہ اہل مجلس کو ایسا معلوم ہو کہ حضرت صاحب کے چہرہ پر خاص نور کی تجلی ہو رہی ہے۔ اور حضرت صاحب فرشتوں سے زیادہ مقدس معلوم ہو رہے ہیں۔ لوگوں کو اس سے بے حد تعجب ہوگا۔

اس کی ترکیب یہ ہے کہ درخت "بهجته العالم" کے شگوفہ (کونپل) لے کر ان کا عرق نکال کر اپنے چہرہ پر ملے اور اگر یہ شگوفے نہ ملیں تو ایک جز ہڈی کا چونہ (سوختہ ہڈی) اور دو جز بیاض البیض یعنی سفیدی بیضہ مرغ خوب سحق کرے۔ پھر اس کو ایک کوزے میں بند اور گل حکمت کر کے آگ میں رکھ دے۔ پھر نکال کر ایک جز ماء الحمص اور نیم جز شیرہ تخم خربوزہ اس میں ملا کر خشک کرے۔ پھر ایک کپڑے پر چاقو یا چھری کی نوک سے تھوڑا سا لگائے اور ایک ساعت اس کو ہاتھ نہ لگائے۔ پھر ہاتھ سے تھوڑا سا پانی لے کر اس دوا کو حل کر کے منہ پر پھیرے۔ اور ایک معتقد ہاتھ میں آئینہ لے کر، اگر دن ہے تو سورج کی شعاع کے سامنے کھڑا ہو۔ اور اگر رات ہو تو شمع وغیرہ کے آگے کھڑا ہو تا کہ اس کا عکس حضرت صاحب کے چہرہ پر پڑے۔ حضرت صاحب کا چہرہ ایسا منور ہوگا کہ سب لوگ حیران ہوں گے اور حضرت صاحب کا کاروبار خوب چمکے گا۔

دوسری فصل ان حیلوں کے بیان میں ہے جن سے اذیت وغیرہ پہنچا کر اور ڈرا کر لوگوں سے مال حاصل کرتے ہیں۔ ان میں سے چند ایک اجمالاً ذکر کیا جاتا ہے۔

زاھد وعابد کو اذیت دینا: جب کسی زاہد وعابد کے مصلی کو عرق لیموں اور دودھ سے آلودہ کریں تو وہ کبھی پاک نہ ہوگا۔ یعنی ان چیزوں کا اثر دھلنے سے نہ جائے گا۔ اور زاہد عابد مصلی دھوتے دھوتے پریشان ہو جائے گا۔ حتی کہ مصلی کا اتنا حصہ کتر کر پھینک دے گا۔

کاتب کو اذیت دینا تاکہ وہ لکھ نہ سکے: کاتب کی دوات میں اگر قدرے املی کا عرق ڈال دیا جائے تو کاتب ایک حرف بھی نہ لکھ سکے گا۔

اذیتِ طباخ یعنی کھانے میں کیڑے پیدا کرنا: بھٹیارے کی دیگ میں قدرے تخم بادروج ڈال دے۔ ایسا معلوم ہوگا کہ تمام دیگ میں کیڑے پڑے ہوئے ہیں۔ اور کھانے والوں کو کراہت اور نفرت ہو گی۔ بعض نے کہا ہے کہ اگر اونٹ کا تازہ رودہ یعنی آنت، اس کو اس قدر صاف اور دراز کرے کہ ایک گز سے دس گز ہو جائے۔ پھر اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹ کر سیاہ رنگ میں رنگ لیے جائیں۔ پھر جب دستر خوان پر چاولوں کی پلیٹیں بھر کر آئیں تو اس میں سے قدرے ان میں ملا دے۔ کھانے کی گرمی سے تھوڑے ہی عرصہ میں ایسا معلوم ہوگا کہ پلیٹ سیاہ کیڑوں سے بھر گئی ہے۔ لوگ اس کھانے سے نفرت کریں گے۔

نان بائی کو اذیت دینا: جب قدرے نیل معقود اس کی دیگ میں ڈالیں تو بکری کے تمام پائے زرد رنگ معلوم ہوں گے۔ جیسا کہ مردار کے پائے ہوتے ہیں۔ اور اگر قدرے بارود یا تانبہ یا سکہ کا برادہ تنور میں ڈالیں گے تو سب روٹیاں تنور میں گر پڑیں گی۔

حلوائی کو اذیت دینا: حلوائی کے حلوے میں انتہائی چالاکی سے قدرے صبر سقوطری باریک پسا ہوا ڈال دیں تو کوئی شخص بھی اس حلوہ کو نہ کھائے گا۔

پسنہارا یعنی چکی والے کو اذیت دینا: پانچ درم قلعی ریزہ ریزہ کر کے قدرے برادہ سکہ کے ساتھ گیہوں کے ہمراہ چکی میں ڈال دیں تو فوراً چکی رک جائے گی۔ اور بالکل حرکت نہ کر سکے گی۔ جب تک چکی کو اٹھا کر اچھی طرح صاف نہ کر لیا جائے۔

اذیت گھڑ سوار یعنی گھوڑے کو بیمار کرنا: گھوڑے کو تین درم افیون اور پچاس عدد جوز کے ساتھ چونا کے پانی میں جوش کر کے پلا دے۔ گھوڑا اسی وقت بیمار ہو جائے گا۔ حتی کہ ایک قدم بھی نہ چل سکے گا۔ اور اگر روغن گاؤ اس کے حلق میں ٹپکا دیا جائے تو فوراً تندرست ہو جائے گا۔

اذیت صراف: اگر لومڑی کا پتہ قدرے سونے پر مل دیا جائے تو فوراً تانبہ کا رنگ ہو جائے گا اور سنار کو شرمندگی اٹھانا پڑے گی۔

اذیت شکاری: اگر شکاری کی جوتی کا دایاں پاؤں، (بقیہ ص 28)

روحانی درسگاہ سے بغیر فیس عملیات سیکھیں

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ 1996ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

(۱)......عوام کے لیے

درج ذیل اعمال ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

(۱) آیت الکرسی (درجہ اوّل) (۲) بنیادی حصار (۳) معوذتین (درجہ اوّل) (۴) نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ اوّل) (۵) سورۂ فاتحہ (۶) عمل حفاظت "یاحافظ یاحفیظ" (۷) "فراخی رزق" کا مجرب عمل (۸) درود ابراھیمی (۹) درود تنجینا (۱۰) بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بنیادی عمل (۱۱) سلام قولا من رب رحیم کا بنیادی عمل (۱۲) لاعلاج امراض سے شفاء کا خاص قرآنی عمل (۱۳) حصار اسماء الحسنیٰ (۱۴) ۱۹۹ اسماء الحسنیٰ (۱۵) اسم ذات اللہ کا خاص عمل (۱۶) یاحی یاقیوم کا خاص عمل

(۲)......ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں:

(۱) آیت شفاء (۲) "حصار" کا خاص عمل (۳) دعائے حزب البحر (۴) دعائے حزب النصر (۵) لاحول ولا قوۃ الا باللہ کا عمل (۶) "منزل" (درجہ اوّل) (۷) سورۃ الناس کا عمل (۸) "تسخیر" کا خاص عمل (۹) درودِ خضری کا عمل (۱۰) سورۃ یٰسین کا عمل (۱۱) "سورۃ واقعہ" کا خاص عمل برائے فراخی رزق (۱۲) ہاتھ سے تشخیص والا عمل (۱۳) آیت کریمہ (درجہ اوّل) (۱۴) حسبنا اللہ ونعم الوکیل (۱۵) کینسر سے نجات کا خاص عمل (۱۶) تسخیر ومحبت کا خاص عمل (۱۷) سورۂ اخلاص (۱۸) سورۂ قریش (۱۹) افحسبتم (سورۂ مومنون کی آخری آیات (۲۰) سورت فاتحہ اور آیت شفاء

(۳)......علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں:

(۱) "منزل" (درجہ اوّل و دوم) (۲) دعائے حزب البحر (۳) دعائے حزب النصر (۴) آیت الکرسی (درجہ دوم) (۵) معوذتین (درجہ دوم) (۶) قصیدہ طوبیٰ (۷) قصیدہ حسنیٰ (۸) اسمِ ذات کا عمل (۹) عمل تہدیدی نامہ مبارک (۱۰) "جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت" کا خاص عمل (۱۱) نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم)

(۴)......خواتین کے لیے

خواتین درج ذیل اعمال سیکھ سکتی ہیں۔ کسی پرہیز اور ڈر وخوف کے بغیر عمل کریں:

(۱) آیت الکرسی (۲) بنیادی حصار (۳) معوذتین (۴) نظر بد ختم کرنے کا عمل (۵) سورۂ فاتحہ (۶) عمل حفاظت "یاحافظ یاحفیظ" (۷) عمل محبت "یالطیف یا ودود" (۸) عمل زبان بندی

(۵)......روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جا سکتے ہیں:

(۱) ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل (۲) آیت کریمہ کا خاص عمل (۳) سورۂ مزمل کا خاص عمل (۴) محبت کی عظیم آیت کا عمل (۵) دشمن کیلئے عظیم دعا کا عمل

نوٹ: جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے، پہلے یہ تسلی کر لیں کہ وہ اس زمرے میں آتے ہوں، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔ ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com

ملک بھر کے عاملین اور روحانی علوم کے ماہرین کا پہلا آل پاکستان روحانی کنونشن۔ مخفی علوم وفنون کی تعلیم وتحقیق، اشاعت وترقی اور روحانی خدمت کے 32 سال پر سلور جوبلی تقریب

السلام علیکم! امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔ ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان رجسٹرڈ کی 1990ء میں بنیاد رکھی گئی۔ ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان کے قیام کا مقصد روحانی علوم وفنون کی تحقیقات و تعلیمات اور اشاعت ہے تاکہ اسلاف کا یہ عظیم ورثہ ضائع ہونے سے بچایا جا سکے۔ یہاں روحانی علوم وفنون سینوں میں دفن رہتے ہیں۔ یہاں کفر کے فتوے ان کی ترویج وترقی میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ علاوہ ازیں قومی سرمایہ اتنا مختصر ہے کہ ساری عمر ورق گردانی پر بھی حرف حرف پر ذہن ٹھوکریں کھاتا ہے۔ ان حالات میں لازمی ایک وقت ایسا آنا تھا جب کہ علم اور صاحب علم دونوں معدوم ہو جاتے۔ عوام روحانی علوم سے بدظن اور خواص غیر مطمئن نظریہ رکھتے، یہ وہی دورِ زندگی ہمیں نصیب ہو رہا ہے۔ وطن عزیز پاکستان میں سرکاری سرپرستی تو ان علوم وفنون کی بالکل نہیں ہے اور نہ ہی کوئی پرائیویٹ طور پر ایسا جامع ادارہ وجود میں آیا ہے، جو تشنگان فن کی طلب کو پورا کر سکے۔ پرائیویٹ طور پر کوئی اکیلا فرد ایسا صاحب حیثیت اور دلچسپی لینے والا نہیں ہے۔ جو طالب علم کی مدد کرے۔ اس طرح مستحق حضرات علم کی تلاش میں عمر بھر سرگرداں رہتے ہیں۔ انفرادی طور پر کوئی شخص اس لیے کامیاب نہیں ہوتا کہ کوئی راہبری کرنے والا نہیں ملتا۔

ادارہ فیضان روحانیہ رجسٹرڈ پاکستان کے زیر اہتمام اب تک روحانی علوم وفنون پر کئی کتب شائع ہو چکی ہیں اور اب تک سینکڑوں افراد روحانی علوم وفنون کی تعلیم حاصل کر کے بنی نوع انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں۔ ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان نے اپنے قیام کے 13ویں سال یعنی 12 جولائی 2003ء کو بمقام حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ میں پہلی آل پاکستان علوم روحانیہ کانفرنس منعقد کرائی، جس میں ملک بھر سے روحانی علوم کے ماہرین نے شرکت فرمائی۔ اور ماہرین روحانی علوم کو حضرت صوفی بہادر علی "روحانی ایوارڈ" سے نوازا گیا اور "سند روحانیت" عطا کی گئی۔

ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان کے قیام کے 16ویں سال میں 2006ء میں انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ آف پیرانارمل سائنسز حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ کی بنیاد رکھی گئی۔ جہاں ماورائی علوم کی باقاعدہ عملی تربیتی کلاسز جاری رہتی ہیں۔ انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ آف پیرانارمل سائنسز سے اب تک سینکڑوں خواتین و حضرات ماورائی علوم سیکھ کر خدمت خلق کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔

آج ادارہ کے قیام کے 32ویں سال میں ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان کی سلور جوبلی منائی جا رہی ہے۔ سلور جوبلی کے موقع پر ادارہ فیضان روحانیہ کے تمام ممبران کو پہلے آل پاکستان "روحانی کنونشن" میں شرکت کی دعوت دی جا رہی ہے۔ جس کی حتمی تاریخ سے آپ کو اگلے مراسلہ میں آگاہ کر دیا جائے گا۔

1. اس "روحانی کنونشن" میں ملک بھر کے عاملین اور روحانیات کے ماہرین حضرات شرکت کر رہے ہیں۔
2. "روحانی کنونشن" میں شرکت کرنے والے عاملین کو "سند روحانی معالج" عطا کی جائے گی۔
3. روحانی علوم میں نمایاں خدمات سرانجام دینے والے ماہرین کو "پیر صوفی بہادر علی شاہ علوی ایوارڈ" سے نوازا جائے گا اور ساتھ "سند عامل کامل" عطا کی جائے گی۔
4. روحانی علوم میں اگر کسی نے کوئی کتاب، رسالہ یا کوئی تحقیق (علم نجوم،

رمل، علم جفر، علم ریمیا، علم الطلسمات، علم الاعداد، علم روحانی علاج، عملیات وتعویذات یا روحانی علوم کے دیگر کسی بھی شعبہ پر) کی ہو تو وہ "چیئرمین روحانی کنونشن" کو 25 جون تک اپنا تحقیقی مقالہ کمپوٹرائزڈ (کتاب یا رسالہ) کی ایک کاپی بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک ارسال کریں۔

5 "روحانی کنونشن" میں شرکت کرنے والے عاملین کو انتظامات کے لیے زرتعاون مبلغ =/3000 روپے ارسال کرنا ہوگا۔

6 "روحانی کنونشن ایوارڈ کمیٹی" ایوارڈ کی نامزدگی کا فیصلہ کرے گی۔ جن ماہرین کو ایوارڈ کے لیے نامزد کیا جائے گا، اُن کو 15 جولائی تک آگاہ کر دیا جائے گا۔ نامزد ماہرین کو "روحانی کنونشن" کے انعقاد اور انتظامات کے سلسلہ میں مقررہ کردہ زرتعاون مبلغ =/6000 روپے۔ چیئرمین کانفرنس پیر صوفی الشاہ غلام سرور شباب علوی کو 30 جولائی تک ارسال کرنا لازم ہوگا۔

7 "روحانی کنونشن" میں شرکت کے لیے ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان کا ممبر ہونا یا "آستانہ عالیہ سرور پیا سرکار" سے نسبت ہونا لازم ہے۔

8 تمام شرکاء کو مقررہ کردہ وقت کے مطابق ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب پہنچنا لازم ہوگا۔ تمام شرکاء کے قیام وطعام کا بہترین انتظام ہوگا۔ کانفرنس ایک رات اور ایک دن کی ہوگی۔

9 معروف ماہر روحانیت، سرپرست، دارالعمل چشتیہ لاہور، مدیر اعلیٰ ماہنامہ خزینہ روحانیات لاہور، استاذ العاملین جناب ڈاکٹر خالد مقبول عارف صاحب "صدر روحانی ایوارڈ کمیٹی" ہوں گے۔ ان کے ساتھ روحانی ماہرین کی پانچ رکنی کمیٹی کام کرے گی۔ ایوارڈ کمیٹی کے ممبران درج ذیل ہیں۔

i پیر صوفی الشاہ محمد انور ندیم علوی قادری۔ ناظم اعلیٰ: ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان، نائب سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ علوی قادری، کنوینر: پہلا آل پاکستان روحانی کنونشن۔ حویلی لکھا

ii پیرزادہ شہزادہ ظہیر احمد علوی قادری، جانشین سرور پیا سرکار، منتظم اعلیٰ پہلا آل پاکستان روحانی کنونشن۔ حویلی لکھا

iii پیر صوفی پروفیسر ڈاکٹر اعجاز سلیم آف راولپنڈی، ریسرچر روحانی علوم، مصنف کتب کثیرہ۔

iv ماہر روحانیات پیر محمد عبدالشکور قادری، سروری، مہتمم آستانہ عالیہ نوریہ، قادریہ، سروریہ۔ لاہور

v پیر سید سجاد حسین شاہ۔ ریسرچر انگلش علوم۔ آف فیصل آباد

10 روحانی کنونشن کے منتظم انتظامی امور صاحبزادہ پیر احمد رضا قادری سروری آف لاہور ہوں گے۔

11 تمام احباب کو مطلع کیا جاتا ہے کہ "روحانی کنونشن" میں شرکت کرنے والے احباب کی دو اقسام ہوں گی۔

12 اول: جو اپنے علمی و تحقیقی مقالہ جات یعنی مجرب عملیات (علم کے کسی بھی شعبہ میں) پیش کریں گے۔

دوئم: جو عامل حضرات ہوں گے وہ صرف شرکت کریں گے اور ماہرین کے مقالہ جات سے استفادہ کریں گے۔

(نوٹ) جو احباب ہمارے اس پروگرام سے متفق ہیں اور "روحانی کنونشن" میں شرکت کے خواہش مند ہیں وہ تمام احباب چیئرمین روحانی کنونشن کو آگاہ کریں کہ وہ کس کیٹیگری میں شرکت کریں گے۔ روحانی کنونشن کی نشستیں محدود ہیں اس لیے آج ہی اپنی شرکت لازمی کنفرم کرلیں۔ تاکہ پروگرام کی حتمی تاریخ (متوقع ستمبر 2022ء) سے آپ کو آگاہ کیا جاسکے۔

تمام شرکاء روحانی کنونشن کو صاحبزادہ پیر احمد رضا قادری کی کتاب "روحانی گفتگو سرور پیا سرکار" اور پیر صوفی اعجاز سلیم شاہ کی تصنیفات "فیضان سرور پیا سرکار۔ اعجاز سرور۔ اعجاز سرور بہار ثانی اور قرینہ حضوری" اعزازی عطا کی جائیں گی۔

والسلام

پیر صوفی الشاہ غلام سرور شباب علوی

مہتمم: ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان، چیئرمین: پہلا آل پاکستان روحانی کنونشن اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ۔ پنجاب پاکستان

واٹس ایپ نمبر: 0300-4967412

موبائل نمبر: 0333-6974734

خاص لنگر برائے تکمیل حاجات

(ہر اسلامی ماہ کی پہلی (نوچندی) اتوار کو کیا جاتا ہے)

● ہر قسم کی دینی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی دنیاوی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشرتی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی کاروباری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی روزگاری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی چھوٹی بڑی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی مایوس کن حاجات کی تکمیل کیلئے ● گھریلو امور سے متعلقہ ہر قسم کی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی نوکری، ملازمت و حصول ویزہ، حصول رشتہ وغیرہ کی تکمیل کیلئے

بفضل ربی جس نے بھی جس حاجت کیلئے حصہ ملایا، دعاؤں کا کہا، اس کی تمام مرادیں، تمام حاجات اللہ پاک نے پوری فرما دیں۔

مکمل دیگ: 10000

مکمل حصہ: 1000 روپے نصف حصہ: 500 روپے

نورانی عملیات نمبر

اکتوبر 2021

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا 22واں خاص نمبر قیمت: 100 روپے صفحات: 106

3 عدد خاص نمبر خریدنے پر 30% ڈسکاؤنٹ حاصل کیجئے یعنی صرف 210 روپے میں

☆ مولانا محمد امان اللہ صاحبؒ کے تجویز کردہ نورانی عملیات ☆ مولانا حسن الہاشمیؒ کے تجویز کردہ نورانی عملیات ☆ قیصر احمد صاحب کے تجویز کردہ نورانی عملیات ☆ مولانا اعجاز احمد تھانوی مدظلہ کے تجویز کردہ نورانی عملیات ☆ مجرب نورانی عملیات ☆ عاملین کے مجرب نورانی عملیات ☆ اسماء الحسنیٰ کے نورانی عملیات ☆ جادو سے نجات کے مجرب نورانی عملیات ☆ دعائے حزب البحر کے عملیات سے ہر پریشانی سے نجات ☆ جنات سے نجات کے نورانی عملیات ☆ معاش سے متعلق نورانی عملیات ☆ جسمانی امراض سے شفاء کے نورانی عملیات ☆ تسخیر کے نورانی عملیات ☆ نکاح و شادی کے نورانی عملیات ☆ دشمن سے متعلق نورانی عملیات ☆ حل المشکلات کے نورانی عملیات ☆ زبان بندی، جدائی اور بندش لگانے کے نورانی عملیات

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

جون 2022ء

تاریخ ____

نام ____ والد ____

والدہ ____ مکمل پتہ ____

____

موبائل نمبر ____

Email (اگر ہو) ____

مطلوبہ اعمال ____

نوٹ رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔ مزید شرائط و تفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 0309-7772775 042-35410586

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

جون 2022ء

تاریخ ____

نام ____ والد ____

والدہ ____ مکمل پتہ ____

____

موبائل نمبر ____

Email (اگر ہو) ____

مطلوبہ علاج ____

نوٹ علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

0324-7772772 0342-7772772 042-35410586

Monthly Khazina-e-Ruhaniyaat
CPL # 288

اعلیٰ کوالٹی موٹی اگربتیوں کی زبردست مسحور کن ورائٹی جس کی ٹائمنگ دو سے ڈھائی گھنٹے ہے۔ ان کا جلانا عاملین کیلئے دوران چلہ کامیابی کی ضمانت ہے۔

Agarbatti Loban — قیمت:150روپے

عنبر عود اگربتی — قیمت:150روپے

ندا عود اگربتی / Nida Agarbatti — قیمت:150روپے

قیمت:150روپے

Bab-e-Al Asr — قیمت:150روپے

قیمت:150روپے

قیمت:150روپے

قیمت:150روپے

قیمت:150روپے

صبایا اگربتی — قیمت:150روپے

قیمت:150روپے

بخور سعودی اگربتی — قیمت:150روپے

غلاف کعبہ اگربتی — قیمت:150روپے

Amber Ahsan Agarbatti — قیمت:150روپے

قیمت:150روپے

درھم اگربتی — قیمت:150روپے

فتیلة العود — قیمت:150روپے

Oud Al Malaki Agarbatti — قیمت:150روپے

قیمت:150روپے

قیمت:150روپے

قیمت:150روپے

Incense Sticks AL-ASEEL — قیمت:150روپے

قیمت:150روپے

قیمت:150روپے

یہ پیشکش جون 2022 تک کیلئے ھے

ممبران خزینہ روحانیات کیلئے 15% رعایت

دار العمل چشتیہ کے شاگردوں کیلئے 25% رعایت

MAHARAJA Agarbatti — قیمت:80روپے

عارفی پرفیومز

0309-7772776 0349-7772776 0316-7779376 0305-7772776 (Ufone)

aarfiperfumes.com info@aarfiperfumes.com aarfiperfumes